ترتیب جدید

سلسلۂ منتخباتِ نظم اردو

# جذباتِ فطرت

مرتبہ

محمد الیاس برنی ایم اے ال ال بی (علیگ)

جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن

## جلد سوم

باہتمام محمد مقتدیٰ خاں شروانی

مطبع مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں طبع ہوئی ۱۳۵۳ھ ۱۹۳۴ء

ششم)



(قیمت عہ/

اس سلسلہ کے تینوں سٹوں کی بارہ ۱۲ کتابوں کے ملنے کے پتے :-

۱- محمد مقتدیٰ خاں شروانی - علی گڑھ

۲- محمد الیاس برنی - بیت السلام حیدر آباد (دکن)

۳- شیخ مبارک علی - لہاری دروازہ - لاہور

# گزارش

کھلتا کسی پہ کا ہے کو دل کا معاملہ
شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے

یہ سلسلۂ منتخبات کیا ہے؟ سراسر اپنے دل کی کہانی ہے۔ کہنے کو شاعروں کی زبانی ہے۔ ہر شعر کا یہ حال ہے ؎

دیکھنا تقریر کی لذّت کہ جو اُس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

قدیم و جدید اور معروف و غیر معروف شعرا کے کلام میں جہاں بھی اپنے دل کی باتیں نظر آئیں گی فراہم اور مرتّب ہو ہو کر نئی جلدوں میں شائع ہوتی جائیں گی۔ انشاء اللہ۔ کتابیں ختم ہو چکی تھیں اور فرمائشوں کی بھرمار تھی۔ تاخیر سے تقاضوں کی نوبت آگئی نئے اڈیشن میں لاجرم بہت عجلت کرنی پڑی۔ گرچہ وہ جدید ترتیب اور اضافۂ مضامین کے ساتھ بمقابل سابق بہت بہتر شائع ہوا۔ تاہم کہیں کہیں کتابت کی غلطیاں رہ گئیں بعض نظمیں بے محل درج ہو گئیں اور چند درج ہونے سے رہ گئیں۔ اب اس اڈیشن میں یہ خامیاں بھی رفع ہو گئیں اور بفضلہٖ سلسلہ اپنے حسن کمال کو پہنچ گیا۔ فالحمد للہ علیٰ احسانہٖ

محمد الیاس برنی
{ جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد (دکن)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تشریح ترتیب جدید

مروّجہ غزلیات کی کثرت سے عموماً یہ خیال پھیل گیا ہے کہ اُردو شاعری کی ساری کائنات محض حسن وعشق اور گل وبلبل کی پُرانی داستان ہے۔ مگر تحقیق سے معلوم ہوا کہ اُردو میں بھی ہر رنگ کی بہتر سے بہتر نظمیں موجود ہیں۔ البتہ وہ اب تک منتشر اور غیر معروف رہیں۔ چنانچہ موجودہ انتخاب سے اس کی پورے طور پر تصدیق ہوتی ہے۔ اگر جدید تعلیم یافتہ حضرات اس سلسلۂ انتخاب کو ملاحظہ فرمائیں گے تو ثابت ہوگا کہ انگریزی کی جن نیچرل نظموں پر وہ سر دھنتے ہیں

ان کی ہم پلّہ نظمیں خود ان کی اُردو زبان میں موجود ہیں شعروسخن کے چمن کھلے ہوئے ہیں جن کے رنگ و بُو سے دل و دماغ بلکہ روح کو تفریح ہوتی ہے۔ اُمید ہے کہ اس انتخاب کو دیکھکر تعلیم یافتہ حضرات کے دل میں ضرور اُردو شاعری کی قدر و محبّت پیدا ہوگی اور ان کی قدر دانی و توجہ سے اُردو شاعری کی ترقی کا ایک نیا دَور شروع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

سنہ ۱۹۱۹ء میں اس سلسلہ کی ابتدا ہوئی جب کہ معارفِ ملت، مناظرِ قدرت اور جذباتِ فطرت کی پہلی تین جلدیں شائع ہوئیں اور پہلا سٹ کہلائیں ملک نے بہت گرم جوشی سے اِس کا خیر مقدم کیا۔ اچّھے اچّھے ادیبوں اور نقادانِ سخن نے انتخاب اور ترتیب کی داد بلکہ مبارک باد دی۔ ہر طرف سے فرمائشوں کا تار بندھ گیا اور ہاتھوں ہاتھ کتابیں چل نکلیں۔ علاوہ بریں اکثر صوبوں کے مدارس میں کتب خانوں انعامات بلکہ درس کے واسطے بھی یہ کتابیں منظور ہوگئیں۔ اس قدر شناسی اور ہمّت افزائی نے قدرتاً نئے سٹوں کی تالیف و طبع کی رفتار تیز کر دی۔ چنانچہ سنہ ۱۹۲۰ء میں دوسرا سٹ شائع ہوا اور سنہ ۱۹۲۱ء میں تیسرے سٹ کے ساتھ ساتھ پہلے دو سٹوں کے دوسرے اڈیشن بھی نکل آئے۔ سنہ ۱۹۲۲ء یہ تینوں سٹ چلتے رہے۔ سنہ ۱۹۲۳ء میں چوتھا سٹ بھی نکل آیا۔ اس طرح پانچ سا

اندر اندر سلسلہ کی بارہ جلدیں شائع ہو گئیں جن میں کم و بیش دو سو قدیم و جدید شاعروں کے کلام کا انتخاب شامل تھا۔

الحمدللہ ان کتابوں نے امید اور توقع سے بڑھکر شہرت و مقبولیت حاصل کی قدیم و جدید تعلیم یافتہ سب ان کا دم بھرنے لگے۔ بڑے چھوٹے یکساں دل سے قدر کرنے لگے۔ سفر حضر میں ان کو پیش نظر رکھنے لگے۔ پڑھی لکھی بہو بیٹیوں نے تو ان کو اپنا وظیفہ بنالیا۔ خلوت و جلوت کے لئے اچھا مشغلہ پالیا۔ آپس کے تحفے تحائف میں بھی یہ کتابیں چلنے لگیں اور گھر گھر دلچسپی اور خوش وقتی کا سامان بن گئیں۔ غرض کہ صدہا اردو پرست گھرانے اس سلسلہ کے معتقد بلکہ مرید ہو گئے اور ابھی یہ سلسلہ جاری ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ اردو میں ایسے انتخاب کی عام و خاص کو کس درجہ ضرورت تھی۔

اس سلسلہ کی سب سے بڑی خصوصیت جس کی نظیر دوسری زبانوں میں بھی کم نظر آتی ہے، ترتیب اور تقابل ہے یعنی ایک ایک مضمون کے متعلق متعدد نظموں کو اس طرح یکجا ترتیب دینا کہ ان کا باہم مقابلہ ہو سکے اور تقابل سے ہر ایک کے خصوصیات نمایاں ہوں اور ان کے ادبی مدارج کا پتا چلے کہ کس اعتبار سے کون سی نظم کس نظم پر فائق ہے۔ یہ طریق تقابل جس کو انگریزی میں کمپیریٹو اسٹڈی

کہتے ہیں ادب کی تعلیم میں بہترین اور انتہائی ذہنی تربیت شمار ہوتا ہے۔ فریدبرآں اس قسم کی ترتیب سے آردو شاعری کی وسعت اور رفعت کا اندازہ ہوسکتا ہے کہ کن کن مضامین کی فضا میں آردو شاعر کس حد تک بلند پروازی دکھا چکے ہیں۔ چنانچہ اس سلسلہ کو دیکھ کر بہت سے منکر اور غافل آردو شاعری کے قائل بلکہ معتقد ہو رہے ہیں حالاں کہ ابھی بہت کچھ بیش قدر کلام نظروں سے پوشیدہ ہے۔

ترتیب کے علاوہ دوسری خصوصیت جس کی تفصیل تمہید میں مذکور ہے یہ ہے کہ انتخاب میں صرف نظمیں نقل کرنے پر اکتفا نہیں کیا گیا۔ بلکہ بڑی ترکیبوں کے ساتھ مشہور نظموں میں سے ایسی نظمیں نکالی گئی ہیں جو بجائے خود مستقل اور مکمل معلوم ہوتی ہیں۔ حالاں کہ اصلی نظموں میں ان کا شبہ گزرنا بھی مشکل تھا۔ اس سے بڑھکر جدّت یہ کہ ایک ہی شاعر کے متفرق اشعار یکجا ترتیب دے دے کر ان سے نہایت نادر اور لطیف مضامین پیدا کئے گئے ہیں جو مستقل نظموں میں نایاب ہیں میر تقی میرؔ، مرزا غالبؔ اور اکبرؔ الہ آبادی ان حضرات کے کلام میں خاص کر اس طریق کو بہت کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ چنانچہ اس طرز کی متعدد نظمیں سلسلہ میں شریک ہیں جو اپنے طرز میں بالکل عجیب اور انوکھی معلوم ہوتی ہیں۔ ان سے ثابت ہوتا ہے کہ بے خودی میں شاعر کے مُنھ سے حقائق کے پھول جھڑتے رہتے ہیں

کوئی چاہے تو ان کو جمع کر کے بہترین خوش نما اور خوش بو دار گلدستے بنا لے نظمیں ان ترکیبوں سے حاصل ہو بھی گئیں تو اکثر کے عنوان ندارد۔ پھر ان پر ایسے موزوں اور جامع عنوانات لگائے گئے کہ معانی کے دریا کوزوں میں بند نظر آنے لگے۔ غرض کہ طرح طرح سے کوشش کی تب کہیں ایک حد تک اُردو شاعری کی چمن بندی ہو سکی۔ ورنہ اس خطّے کے سرسری رہ رووں کو اکثر ایک خود رَو جنگل کا دھوکا ہوتا تھا جس میں ان کو رنگ و بو کے پھول بھی کم نظر آتے تھے۔

کُل مواد پہلے سے تو موجود نہ تھا۔ بتدریج فراہم ہو ہو کر ترتیب پاتا گیا۔ شائع ہوتا گیا۔ اس طرح چار سٹ مرتب کر کے بارہ جلدیں شائع ہوئیں۔ گرچہ سلسلہ کی ترتیب اور تہذیب میں پوری کوشش کی گئی پھر بھی اصلاح و ترقی کی کافی گنجائش باقی رہ گئی۔ مضامین کی مجانست ترتیب کی روحِ رواں ہے۔ وافر مواد مہیّا ہو جانے کی بدولت جدید ترتیب میں سابق کے مقابل مجانست مضامین کہیں زیادہ چست اور وسیع ہو گئی ہے۔ حتٰی کہ ہر جلد میں ایک مستقل اور جداگانہ کیفیت نظر آتی ہے۔ شائع شدہ نظموں کے علاوہ بہت سی اور نظمیں بھی شامل ہو گئی ہیں گویا جدید ترتیب اور مزید مضامین کے ساتھ یہ بارہ جلدیں

از سرِ نو شائع کی جاتی ہیں اور آئندہ یہ ان کی مستقل شکل رہے گی تفصیل ملاحظہ ہو:

# پہلا سٹ

## معارفِ ملّت

جلد اول۔ متعلق دینیات یعنی حمد، نعت، مناجات اور معرفت کی نظمیں جن میں دین و ایمان کی خوشبو مہکتی ہے۔ صاحب دلوں اور عاشقانِ رسول کے واسطے بڑی نعمت ہے۔

جلد دوم۔ متعلق اسلامیات یعنی اسلام اور مسلمانوں کے ماضی، حال اور مستقبل کی تفسیریں اور تصویریں جو قلب کو گرماتی اور روح کو تڑپاتی ہیں خاص کر واقعۂ کربلا کے ۱۵ جگر دوز نشترِ لذّتِ شہادت تازہ کر دیتے ہیں۔ اسلامی مدارس کے واسطے بیش بہا تحفہ ہے۔

جلد سوم۔ متعلق قومیات یعنی ہندوستان کی متحدہ قومیت کے متعلق دردمند اور وطن پرست شاعروں کا دل پذیر کلام جو عبرت سکھاتا اور غیرت دلاتا ہے۔ اس جلد میں چند قدیم شہر آشوب بھی قابل دید ہیں۔ قومی مدارس کے واسطے بہت موزوں ہے۔

جلد چہارم متعلق اخلاقیات یعنی اُردو شاعری میں اخلاق و حکمت کے جو انمول موتی جواہر بکھرے پڑے تھے اور جو بہترین قومی سرمایہ ہیں فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ یہ جلد لڑکوں اور نوجوانوں کے واسطے قابلِ قدر تحفہ ہے۔ تمام مدارس کے واسطے یکساں مفید ہے۔

# دوسرا سٹ

## جذباتِ فطرت

جلد اوّل ۔ اُردو شاعری کے قافلہ سالار یعنی میرؔ اور مرزا رفیع سوداؔ کے کلام کا مربوط اور جامع انتخاب خاص کر میرؔ کے متفرق اشعار کو ترتیب دے کر جو نازک مضامین پیدا کئے گئے ہیں وہ بہت نایاب ہیں۔ یہ کتاب بھی کالج کی اعلیٰ جماعتوں میں درس کے قابل ہے۔

جلد دوم ۔ اُردو کے سرمایۂ ناز شاعر مرزا غالبؔ اور اُس کے خاص ہم عصر یا خاص ہم رنگ شعرا ذوقؔ، ظفرؔ اور حسرتؔ موہانی کے کلام کا انتخاب غزلیات کے علاوہ مرزا غالب کے متفرق اشعار کی ترتیب سے جو گوناگوں لطیف مضامین پیدا کئے گئے ہیں وہ قابلِ دید ہیں۔

یہ کتاب بھی اعلیٰ جماعتوں کے درس کے قابل ہے۔

جلد سوم۔ تقریباً تیس قدیم، مستند اور باکمال شعرا کے کلام کا اعلیٰ انتخاب جو اپنی قدامت اور جامعیت کے لحاظ سے قابل دید ہے۔

جلد چہارم۔ تقریباً ساٹھ جدید مشہور و مقبول شعرا کے کلام کا دل کش انتخاب شاعری کے جدید دور کا اس سے خوب اندازہ ہو سکتا ہے۔

# تیسرا سٹ

## مناظر قدرت

جلد اوّل۔ متعلق اوقات یعنی صبح، شام، دن، رات، دھوپ، چاندنی، موسم گرما، سرما، برسات اور بہار کے دل کش مناظر نظموں میں اس خوبی سے عکس فگن ہیں کہ اُن کو دیکھ کر طبیعت وجد کرنے لگتی ہے۔ نیچر پرستوں کے لئے یہ جلد قدرت کی دل فریبیوں کا بہترین مرقع ہے۔

جلد دوم۔ متعلق مقامات یعنی آسمان، زمین، پہاڑ، جنگل، میدان، دریا، کھیت باغات، شہر اور عمارات۔ شاعروں نے ان سب کی ایسی صاف ستھری تصویریں کھینچی ہیں کہ نظمیں پڑھتے وقت گویا ہم آنکھوں سے

اُن کی سیر کر رہے ہیں۔

جلد سوم - متعلق نباتات و حیوانات یعنی پھول پھل، کیڑے پتنگے، تتلیاں، چڑیاں، پرندے، چرندے، چوپائے اور متفرق جانور وغیرہ۔ ان سب کے حالات پڑھنے سے اندازہ ہو سکے گا کہ اُردو شاعروں نے اشیاءِ قدرت کا کس حد تک مطالعہ کیا ہے اور مشاہدات میں کہاں تک جان ڈالی ہے۔

جلد چہارم - متعلق عمرانیات یعنی ہندوستان کے تمدن، رسم و رواج، عید تیوہار، غمی شادی، میلے ٹھیلے، صحبتیں جلسے، کھیل تماشے، وضع لباس صورت شکل، ہنسی مذاق، بزم اور رزم۔ سب طرح کے حالات پیشِ نظر ہو کر دل کو بے چین کر دیتے ہیں۔ مناظرِ قدرت کی چاروں جلدیں زنانہ مدارس کے واسطے خاص کر بہت موزوں ہیں۔

سلسلے کی یہ بارہ جلدیں تو مستقل ہو گئیں۔ اگر آئندہ موقع ملا اور مواد فراہم ہوتا رہا تو انشاء اللہ وقتاً فوقتاً ایک ایک جلد اس سلسلہ کے تتمہ کے طور پر شائع ہوتی رہے گی اور ہر جلد میں معارفِ ملت، مناظرِ قدرت اور جذباتِ فطرت تینوں حصوں کے کچھ کچھ مضامین شامل رہیں گے۔ ہر حصہ کی جداگانہ جلد مرتب

ہونے کا انتظار نہیں کیا جائے گا۔ اگر یہ سلسلہ اس طرح جاری رہ سکا تو اُمید ہے کہ اُردو کا بیشتر قابل قدر کلام یکجا محفوظ ہوجائے گا اور شائقین کو بلا دقّت دستیاب ہوسکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

علاوہ بریں ایک فارسی انتخاب کے واسطے بھی عرصہ سے بعض محترم بزرگوں اور مخلص احباب کی فرمائش جاری ہے بلکہ اصرار تک نوبت پہنچ گئی ہے۔ مہلت اور موقع شرط ہے۔ ممکن ہے کہ ایک خاص طرز کا فارسی انتخاب بھی کبھی شائع ہوکر شرفِ مقبولیت حاصل کرے۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن
دسمبر ۱۹۲۴ء

محمد الیاس برنی

اُردو شاعری کی بھی عجب آفتاد پڑی جب کہ ہندوستان میں اسلامی حکومتوں پر تباہی کی کالی گھٹائیں چھا رہی تھیں اور گھڑی گھڑی ادبار کی بجلیاں گرتی تھیں، بزم سخن کی رونق اور چہل پہل قابل دید تھی۔ خود فرمانروائے وقت دنیا و مافیہا سے بے خبر شاعری کی دُھن میں مست تھے شاعروں کی دیکھا دیکھی حشرات الارض کی طرح بے شمار نظم نگار نکل پڑے۔ آٹھوں پہر مشاعرے گرم رہنے لگے اور مدّاحوں کی واہ واہ نے آسمان سر پر اُٹھا لیا۔ رنگ رلیوں کا زمانہ تھا۔ کلام بھی قدرتاً اسی رنگ میں رنگ گیا۔ چنانچہ اس میں حسن پرستی کا

وہ ہیجان آیا اور عشق و عاشقی کا وہ طومار بندھا کہ خدا کی پناہ۔ اس زہریلے مذاق سے قوم پر کس درجہ مُردنی چھائی، اخلاق و عادات کی کیا گت بنی، جاہ و ثروت کس طرح خاک میں ملے، یہ عبرت ناک داستان ابھی تاریخ ہند میں بیان ہونی باقی ہے۔ پھر بھی بڑی خیریت ہوئی کہ ظاہری آرائش کی کثرت سے شاعری کا اصلی حسن چھپا رہا۔ مبالغوں اور لفظی رعایتوں نے خود ہی اس آگ کے شعلے دبا دیئے۔ اگر کہیں اس رنگ میں جراَت، انشا، مرزا شوق اور میاں نظیر کے طرز پر شاعری نے اپنا پورا پورا جلوہ دکھایا ہوتا تو پھر قیامت تھی فحش اور مبتذل کلام سے تو بحث نہیں۔ ان واسوختوں نے نہ معلوم کتنے نونہال جھلس ڈالے۔ البتہ اس رنگ کے متین اور مہذّب کلام کو لیجئے۔ اس میں ہزار لفظی اور معنوی خوبیاں سہی لیکن تاثیر جو شاعری کی جان ہے کمیاب ہے۔

اگرچہ بہت سا کلام گردشِ ایّام کی نذر ہوگیا، تاہم اب بھی نظموں کا ایک وافر ذخیرہ موجود ہے اور خدا کا شکر ہے کہ جا بجا ایسی نظمیں بھی ملتی ہیں جن کے پاکیزہ اور لطیف مضامین قوم کے واسطے مایۂ حیات اور سرمایۂ مباہات ہیں۔ جن کے بیان کی صفائی و حقیقت آمیزی اور جن کی

زبان کی شگفتگی و بے ساختگی سے شاعری کی سحر کاریاں جلوہ گر ہیں ایسا کلام خود بخود قلب کو گرماتا اور روح کو تڑپاتا ہے۔ سوتوں کو جگاتا اور ڈوبتوں کو تراتا ہے، ہنستوں کو رولاتا اور روتوں کو ہنساتا ہے شاعری نے اس میں بلا کا اثر بھر دیا ہے کسی عارضی اور مصنوعی ذوق کے بجائے خود انسانی فطرت اس کی مقبولیت کی ضامن ہے اور نفسیات کے دربار سے اسی کو بقائے دوام کا فرمان ملا ہے۔

اشاعت ادب ترقی زبان اور اصلاح تمدّن کی ایک عمدہ سبیل یہ ہی کہ خاص خاص رنگ کا شاعرانہ کلام مرتّب کرکے ناظرین کے روبرو پیش کیا جائے۔ چنانچہ زندہ دل اور علم دوست قوموں میں ادبی خدمت کا یہ طریق بہت رائج اور مقبول ہے۔ آئے دن اچھّے سے اچھّے انتخابات شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اس ترکیب سے مطالعہ کا شوق بڑھتا ہے، ذوقِ سلیم پیدا ہوتا ہے اور شاعری اپنا کام کر دکھاتی ہے۔

کچھ انتخابات آج کل نصاب تعلیم میں داخل ہیں بعض شاعروں کا منتخب کلام بھی شائع ہو رہا ہی لیکن اب تک ایسے مسلسل اور مربوط انتخابات کا انتظام

رہا جو ادبی مرقعوں کا کام دیں۔ بڑی ضرورت یہ ہے کہ شاعری کے موجودہ رجحانات اور مقامات پیش نظر ہو جائیں تاکہ جو ادیب اور شاعر اپنی ذمہ داریوں سے واقف ہوں شاعری کی اصلاح و ترقی کی معقول تجاویز سوچیں اور کارگر تدابیر اختیار کریں۔ انتخابات سے پتا چلا کہ ہماری شاعری کے بہت سے شعبے توجہ طلب ہیں۔ مثلاً اب تک وہ دین و ملت سے بیگانہ بلکہ برگشتہ رہی۔ حمد، نعت اور مناجات جن میں کچھ خلوص و نیاز کی چاشنی ہو مشکل سے ملتی ہیں اور قومی نظمیں تو بوجہ ندرت ابھی تک تبرک بنی ہوئی ہیں اسی طرح جذبات کو لیجئے۔ اوّل تو ایشیائی طبیعت یوں ہی حزن پسند ہے دوسرے اردو شاعری نے قومی تنزّل اور تباہی کے دَور میں ہوش سنبھالا۔ قدرتاً کلام بارد اور یاس انگیز ہے۔ دنیا کی بے ثباتی، زمانہ کی گردش، تقدیر کی بندش، فتادگی و خود فراموشی، سکون و خاموشی۔ جب راگ کا یہ سرگم ہو تو پھر نا ممکن ہے کہ اسے سن کر مال و دولت اور جاہ و حشمت سے دل بیزار نہ ہو۔ شاعری کی یہ بر ودت ہماری طبیعی مضمحل اور تساہل پسند قوم کے حق میں بہت خطرناک ہے۔ کہیں خدانخواستہ

جدوجہد کے رہے سہے ولولے اور ترقی کی اُمنگیں پھر سرد نہ پڑجائیں اس وقت تو کچھ ایسے حار نسخہ کی ضرورت ہے جس سے دلوں کی افسردگی نکلے اولوالعزمی اُبھرے اور لوگوں میں گرم جوشی پھیلے۔ اس طرح گرم سرد اجزا کی آمیزش سے خود بخود شاعری میں ایک صحت بخش اعتدال پیدا ہو جائے گا۔ علیٰ ہذا، قدرت کو لیجیے اس کے بے شمار عجائبات ہمیشہ سے آنکھوں کے سامنے موجود رہے لیکن ہمارے شاعروں نے کہیں اب جاکر نقاشی شروع کی ہے اور ابھی وہ زمانہ دور ہے جب کہ نیچر کی تصاویر منھ سے بولنے لگیں۔ حاصل کلام یہ کہ اردو شاعری میں گوناگوں اصلاح و ترقی کی ضرورت و گنجائش ہے اور بحالت موجودہ غالباً انگریزی شاعری اس کام میں بہت زیادہ مدد دے سکتی ہے۔

اسی ضرورت کے خیال سے خدا کا نام لے کر ہم منتخبات نظم اردو کا ایک باقاعدہ سلسلہ شروع کرتے ہیں۔ مجانست مضامین کے لحاظ سے اس کے تین جداگانہ حصے قرار پائے ہیں۔

(۱) معارف ملت۔ حمد، نعت، مناجات اور اخلاقی و قومی نظموں کا گلدستہ۔

(۲) جذبات فطرت۔ سب دلوں کی کہانی چند شاعروں کی زبانی بقول غالب[۵]

دیکھنا تقریر کی لذّت کہ جو اُس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

(۳) مناظر قدرت۔ اوقات، مقامات، مخلوقات، واقعات کی دل کش تصاویر کا مرقّع۔ ایسے وسیع انتخابات میں سب نظموں کا ادبی حیثیت سے ہم پلّہ ہونا نہ تو ممکن ہے اور نہ مطلوب۔ چنانچہ اساتذہ کے کلام کے پہلو بہ پہلو نومشق اور غیر معروف شاعروں کی طبع آزمائیاں درج ہیں لیکن شاعری کے رنگ و بو سے کوئی نظم خالی نہیں بعض نظمیں جو ادبی لحاظ سے شاید ادنیٰ خیال کی جائیں اس لئے خاص طور پر قابل قدر ہیں کہ وہ پہلے پہل نئے نئے ضروری مضامین کے صاف ستھرے خاکے بطور نمونہ پیش کرتی ہیں۔ سچ پوچھئے تو یہ بھی بڑا کام ہے۔ خدا جانے انھیں کی دیکھا دیکھی آگے چل کر سحر نگار قلم کیسی کیسی انوکھی اور پیاری تصاویر کھینچ دکھائیں۔ علاوہ بریں ارتقار شاعری کی تحقیق میں بھی یہ نظمیں ناگزیر ہوں گی۔ پھر کسی جامع انتخاب میں کیوں کر نظر انداز ہو سکتی ہیں۔ اگر کچھ نظمیں بعض حضرات کے

لطیف ادبی مذاق پر بار ہوں تو اُمید ہے کہ وہ معذرت قبول فرمائیں گے
بایں ہمہ ان کی ضیافتِ طبع کے لئے اساتذہ کا بھی کافی کلام موجود ہے۔ اگر
انار کے کچھ دانے کچّے ہوں تو اس سے باقی انار کی شیرینی و لطافت میں
کچھ فرق نہیں آتا۔

انتخاب اور ترتیب کا طریق خود مجموعوں سے ظاہر ہے۔ اصل مضمون پیشِ نظر
رکھکر نظموں سے غیر ضروری اجزا نکالنا، مفید مطلب مقامات چھانٹنا، حسب
صلاحیت ان کو از سرِ نو ملانا یا جُدا گانہ نظموں کی شکل میں لانا، پھر نظموں کے
موزوں عنوانات قرار دے کر ان کو مضمون وار اس طرح ترتیب دینا کہ
ہر نظم کا موقع محل ایک خاص موزونی اور معنی رکھتا ہو، یہ سب اہتمام کیا
تب کہیں اس سلسلۂ منتخبات کا ڈول پڑا۔ آئندہ جوں جوں موزوں کلام
دستیاب ہوگا، ہر حصّہ کی متعدد جلدیں بتدریج شائع کی جائیں گی جو ساخت
اور ضخامت کے لحاظ سے تقریباً یکساں ہوں گی۔ اُمید ہے کہ اس طرح پر
اُردو شاعری کا ایک وسیع انتخاب مرتب ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔
جن شاعروں کے کلام سے دل و دماغ بلکہ روح کو تفریح و جلا ہوتی ہے

ان کا پورا پورا شکریہ کوئی کس طرح ادا کرے۔ خدائے تعالے ان کو جزائے خیر دے۔ آمین۔

جن حضرات نے مہربانی فرما کر نظموں کی فراہمی میں مدد دی اور اس کی طباعت وغیرہ کا حسب دل خواہ اہتمام کیا، مؤلف ان کا بھی بدل ممنونِ احسان ہے۔

ملک کو اُردو اور بالخصوص شاعری کو ایسے انتخابات سے جو فائدہ پہنچے گا اُس کے زیادہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔ تجربہ خود بہت جلد ثابت کر دے گا۔ اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللّٰہِ

جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد (دکن)
جولائی ۱۹۲۳ء

محمد الیاس برنی

# جذباتِ فطرت

## جلد سوم

## فہرست مضامین

ہر جلی عنوان سے ایک نیا مضمون شروع ہوتا ہے اور اس کے تحت میں مضامینِ متجانسہ درج ہیں:

فہرست مضامین جلد ۳

صفحہ

فہرست مضامین جلد ۳

صفحہ

فہرست مضامین جلد۳

فہرست مضامین جلد ۳ صفحہ

فہرست مضامین جلد۳

صفحہ

فہرست مضامین جلد ۳

صفحہ

صفحہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جذباتِ فطرت

## (جلد سوم)

### ۱۔ میر درد

مژگانِ تر ہوں یا رگِ تاکِ بریدہ ہوں
جو کچھ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں

کھینچے ہے دور آپ کو میری فروتنی
افتادہ ہوں پہ سایۂ قدِ خمیدہ ہوں

ہر شام مثلِ شام ہوں میں تیرہ روزگار
ہر صبح مثلِ صبح گریباں دریدہ ہوں

کرتی ہے بوئے گل تو مرے ساتھ اختلاط
پر آہ میں تو موجِ نسیمِ وزیدہ ہوں

یہ چاہتی ہے تو طپشِ دل کہ بعدِ مرگ کنج مزار میں بھی نہیں آرمیدہ ہوں

ابلد۳

اے درد جا چکا ہے مرا کام ضبط سے
میں غم زدہ تو قطرۂ اشکِ چکیدہ ہوں

درد

# ۲۔ شاعر کی مناجات

یارب چمنِ نظم کو گلزارِ ارم کر اے ابرِ کرم خشکیٔ زراعت پہ کرم کر
تو فیض کا مبدا ہے توجہ کوئی دم کر گم نام کو اعجاز بیانوں میں رقم کر

جب تک یہ چمک مہر کے پرتو سے نہ جائے
اقلیم سخن میری قلمرو سے نہ جائے

اس باغ میں چشمے ہیں ترے فیض کے جاری بلبل کی زباں پر ہے تری شکر گزاری
ہر نخل برومند ہے یا حضرتِ باری پھل ہم کو بھی مل جائے ریاضت کا ہماری

وہ گل ہوں عنایت چمنِ طبع نکو کو
بلبل نے بھی سونگھا نہ ہو جن پھولوں کی بو کو

بھر دے دُرِ مقصود سے اس دُرجِ دہاں کو دریائے معانی سے بڑھا طبعِ رواں کو

آگاہ کر اندازِ تکلّم سے زباں کو عاشق ہو فصاحت بھی وہ دے حسنِ بیاں کو



تحسیں کا سماوات سے غل تا بہ سمک ہو

ہر گوش بنے کانِ ملاحت وہ نمک ہو

ساقی کے کرم سے ہو وہ دورا و چلے جام! جس میں عوضِ نشّہ ہو کیفیتِ انجام

ہر مست فراموش کرے گردشِ ایّام صوفی کی زباں بھی نہ رہے فیض سے ناکام

ہاں بادہ کشو پوچھ لو میخانہ نشیں سے

کوثر کی یہ موج آ گئی ہے خلدِ بریں سے

انیس

# ۳۔ شاعر کی دعا

اے فیض رساں دامنِ محتاج کو بھر دے پتھر بھی پگھل جائے وہ نالوں میں اثر دے

نہ تاج عطا کر نہ زر و لعل و گہر دے شبیر کے مدّاحوں میں داخل مجھے کر دے

دنیا کے کسی خوابِ پریشاں کو نہ دیکھوں

منبر جو ملے تختِ سلیماں کو نہ دیکھوں

خاقاں ہو تو قدموں سے کبھی سر نہ لگاؤں آنکھیں بھی کرے فرش تو بستر نہ لگاؤں

خورشید بنے چتر تو سر پر نہ لگاؤں — گر کوہ طلا ہووے تو ٹھوکر نہ لگاؤں

سونا ہو جدھر گردِ قدم جھاڑ کے پھینکوں

اکسیر کے نسخے جو ملیں پھاڑ کے پھینکوں

جو مصرعِ رنگیں ہو فصاحت سے بھرا ہو — جو درد کا مضمون ہو رقت سے بھرا ہو

جو بند ہو پاکیزہ عبارت سے بھرا ہو — معنی سے فصاحت سے بلاغت سے بھرا ہو

ہر بحر میں دریا کی روانی نظر آئے

پتھر کا بھی مضموں ہو تو پانی نظر آئے

مونس

## ۴۔ شاعر کی خودداری

جو ہیں شاعرِ کاملِ نامدار — ہے ان کا وہی وقر اور اقتدار

قناعت میں ان کی نہ آیا خلل — نظر میں کسو کی نہیں مبتذل

انھیں غیرتِ شاعری ہے زبس — نہیں ہے دراز ان کا دستِ ہوس

ہے اب تک یہ زمرہ دُرِ بے بہا — پر ان کا شناسا نہ کوئی رہا

ہوئے کامل اس فن میں جو دوستاں — یہ ہے وقر و عزت کا ان کی بیاں

کہاں وے۔ کہاں دولتِ شاعری نہ وے جن پہ ہے تہمتِ شاعری
حریص و شکم بندہ و بے حیا گدا طبع۔ دوں ہمت و ناسزا جلد۳
ہیں اکثر یہی درمیان آج کل
کوئی فرقہ اتنا نہیں مبتذل

راسخ عظیم آبادی

## ۵۔ مصحفی کی معذرت

قسم بذات خدائے کہ ہے سمیع و بصیر
کہ مجھ سے حضرتِ شہ میں ہوئی نہیں تقصیر

سوائے اس کے کہ حال اپنا کچھ کیا تھا عرض
سو وہ بطورِ شکایت تھی اندکے تقریر

گر اس سے خاطرِ اقدس پہ کچھ ملال آیا
اور اس گنہ سے ہوا بندہ واجب التعزیر

عوض رُپوں کے ہیں مجھ کو گالیاں لاکھوں
عوضِ دوشالہ کے خلعت بشکلِ نقشِ حریر

سلف میں تھا کوئی شاعر نواز ایسا کب
جو ہے تو شاہ سلیماں شکوہ عرش سریر

مزاج میں یہ صفائی کہ کر لیا باور
کسی کے حق میں کسی نے جو کچھ کہ کی تقریر

مصاحب ایسے کہ گر کچھ کسی سے لغزش ہو
تو اس کے رفع کی ہرگز نہ کر سکیں تدبیر

وگر کریں تو پھر ایسی کہ تا بہ طیش و غضب
مزاجِ شاہ میں ہو مشتعل بصد تشویر

ستارۂ ذرّہ کہاں نورِ آفتاب کہاں — کہاں وہ سطوتِ شاہی کہاں غرورِ فقیر

مقابلہ جو برابر کا ہو تو سچ کہئے — کہاں دبیقی و دیبا کہاں پلاس و حصیر

میں اک فقیر غریب الوطن مسافر نام — رہے ہے آٹھ پہر جس کو قوت کی تدبیر

مراد من ہے کہ مدحِ حضورِ اقدس کو — اُلٹ کے پھیر بحرفِ ذمیمہ دوں تغییر

یہ افترا ہے بنایا ہوا سب انشا کا — کہ بزم و رزم میں ہے پایۂ تخت کا وہ مشیر

مزاجِ شاہ ہو یوں منحرف تو مجھکو بھی — یہ چاہیئے کہ کروں شکوہ اس کا پیشِ وزیر

اگر وزیر بھی بولے نہ کچھ خدا لگتی — تو جاؤں پیشِ محمدؐ کہ ہے بشیر و نذیر

شفیعِ روزِ جزا بادشاہِ اَو ادنیٰ — نکردہ جرم پہ جس نے نہیں لکھی تعذیر

کہوں یہ اُس سے کہ اے جرم بخشِ پُرگنہاں — تری غلامی میں آیا ہے داد خواہ فقیر

خطا ہو میری جو پہلے تو کر اسیر مجھے — وگر عدو کی۔ بنا اُس کو طوق اور زنجیر

اگرچہ بازیِ انشا نے بے حمیّت کو — رہا خموش سمجھ کر میں بازیِ تقدیر

دیے غضب ہی بڑا یہ کہ اب وہ چاہے ہے — خیال میں بھی نہ کھینچوں میں ہجو کی تصویر

سو میں تلک نہیں ایسا بشر ہوں تاکہ وہ جنبہ — کہے سے اُس کے کروں گا نہ ماجرا تحریر

گیا میں فرض کہیں آپ اُس سے درگزرا — پھرے گا مجھ سے کوئی گر ہمہ منتظر کا ضمیر

اور اُن پہ بھی جو کیا میں نے تازیانہ منع — تو ہو سکے ہے کوئی اُن کی وضع کی تدبیر

ہزار شہدوں میں بیٹھیں ہزار جا پہ پلیں
پھریں ہمیشہ لیے اپنے ساتھ جمع کثیر

نہ مانیں تیغ سیاست نہ قہر سلطانی
نہ سمجھیں قتل کا وعدہ نہ ضربت شمشیر

مزاج ان کا ٹھٹھول اس قدر پڑا ہے کہ وہ
ہنسی سمجھتے ہیں اس بات کو نہ جرم کبیر

پھر اس پہ یہ بھی ہے یعنی کہ اس مقام کے بیچ
جو ہووے منشی تو کچھ نثر میں کرے تسطیر

فکیف جن کو خدا نے کیا ہو موزوں طبع
اور اپنے فضل سے بخشی ہو شعر میں توقیر

یہ کوئی بات ہے سوسن کے دہ خموش رہیں
ہوا ہے مصلحتاً گو کہ تصفیہ یہ اخیر

مگر یہ بات ہیں مانی کہ سانگ کا بانی
اگر میں ہوں تو مجھے دیجیے بدتریں تعزیر

میں آپ فاقہ کش اتنا کہاں مجھے مقدور
کہ فکر اور کروں کچھ بغیر آتش شعیر

مرے حواس پریشاں ہاں پریشانی
ہو جیسے لشکر بشکستہ کی خراب تدبیر

گر اس پہ صلح کی ٹھہری ہے تو صلح سہی
اگر ہو پھر بھی شرارت بشر ہوں میں بھی شریر

جواب ایک کے یاں دس ہیں اور دس کے سو
نگاہ کرنی تھی اول [illegible]

حصول یہ ہے کہ جب کوتوال تک قضیہ
گیا ہوا نہ پئے تہدید شاعران شریر

تو کوتوال ہی بس آن سے اب سمجھ لے گا
یہ دم بدم کی شکایت کی ہے [illegible]

یہ وہ مثل ہے کہ جس طرح سانے شہر کے بیچ
بلند قامتی اپنی سے [illegible]

سو مشتہر [illegible] دار نے ہجو شہر سے کیا
قباحت اس کی [illegible]

وے مزاجِ مقدس تو لاابالی ہے — نہیں خیال میں آتا خیالِ حرفِ حقیر
جو کچھ ہوا سو ہوا مصحفی بس اب چپ رہ — زیادہ کر نہ صداقت کا ماجرا تحریر
جلد ۳
خدا پہ چھوڑ دے اس بات کو وہ مالک ہے
کرے جو چاہے جو چاہا کیا بحکمِ قدیر

مصحفی

## ۶۔ شکایتِ کم قدری

خطائے خصم نہیں کچھ یہ بخت کا ہی قصور — کہ مجھ سے طورِ تخیّل نہیں مزاجِ حضور
وہی ہوں میں کہ اوائل میں سر ہلاتے تھے — ہر ایک مطلعِ رنگیں پہ جس کے اہلِ شعور
وہی ہوں میں کہ جسے فیضیِ زمانِ انشا — سمجھ کے دل میں نہ لاتا تھا کچھ خیالِ غرور
وہی ہوں میں کہ جسے خانہ زادِ خاں صاحب — لکھیں ہیں نثر میں اپنی کلیمِ طورِ شعور
وہی ہوں میں جسے رنگیں نے اپنا سب دیوان — دکھا کے تا بہ تمامی کیا ہے رفعِ خطور
وہی ہوں میں کہ ہوں جس سے شاد شاد ملا — کسی نے غیرِ ستائش نہ کچھ کیا مذکور
وہی ہوں میں کہ جسے میر سوز سلمہ — کرے ہیں یاد بلفظِ ستائشِ موفور
وہی ہوں میں کہ جسے میر مفخر الشعرا — کہے ہیں "ہاں" جو کچھ آجائے ہے کبھی مذکور

جلد ۳

وہی ہوں میں جیسے مرزا قتیل سحر بیاں   کرے تھا طرح پر اپنے بد دستی مامور

وہی ہوں میں جیسے منت نے بے بدل جانا   اگرچہ تھا وہ نہایت بشاعری مغرور

وہی ہوں میں جیسے دیوانہ سری سکھ نام   لگے تھا سر کو جھکانے میانِ راہ از دور

وہی ہوں میں جیسے فاخر نے بعد رد و بد   کہا کہ پیجیے حقہ میانۂ جمہور

وہی ہوں میں جیسے جرأت بھی خوب جانے ہے   کہ فنِ ریختہ میں بھی ہے یہ بڑا پرزور

وہی ہوں میں کہ رہا جس کے نظمِ دل کش پر   مشاعروں میں ہمیشہ سے شورِ روزِ نشور

پر اب سخن میں مرے شاید آگئی سردی   کہ ان کی شورشِ تحسین ہو گئی کافور

عجب معاش ہے ان دوستانِ یکدل کی   اس اتحاد پہ یہ کچھ بھرے ہیں دل میں فتور

زیادہ فائدہ کیا اس کلام سے تجھ کو
ثنائے شاہِ سلیماں کر اے فلاں مسطور

مصحفی

## ۷۔ شاعر کی شکایت

ناقدریِ عالم کی شکایت نہیں مولا   کچھ دفترِ باطل کی حقیقت نہیں مولا

باہم گل و بلبل میں محبت نہیں مولا   میں کیا ہوں کسی روح کو راحت نہیں مولا

جلد ۳

عالم ہے مکدر کوئی دل صاف نہیں ہے
اس عہد میں سب کچھ ہے پر انصاف نہیں ہے

نیک و بدِ عالم میں تامّل نہیں کرتے　　عارف کبھی اتنا بھی تجاہل نہیں کرتے
خاروں کے لئے رُخ طرفِ گل نہیں کرتے　　تعریفِ خوش الحانیِ بلبل نہیں کرتے

خاموش ہیں گو شیشۂ دل چور ہوئے ہیں
اشکوں کے ٹپک پڑنے سے مجبور ہوئے ہیں

الماس سے بہتر یہ سمجھتے ہیں خزف کو　　دُر کو تو گھٹاتے ہیں بڑھاتے ہیں صدف کو
اندھیرے ہی چاہا بناتے ہیں کارش کو　　کھو دیتے ہیں شیشہ کے لئے دُرِ نجف کو

ضائع ہیں دُر و لعل بدخشان و عدن کے
مٹی میں ملاتے ہیں جواہر کو سخن کے

ہے لعل و گہر سے یہ دہن کانِ جواہر　　ہنگامِ سخن کھلتی ہے دکّانِ جواہر
ہیں بندِ مرصّع تو ورق خوانِ جواہر　　دیکھے اسے ہاں ہے کوئی خواہانِ جواہر

بنتا ہے یہ قوّاتِ ہنر چاہئے اس کو
سودا ہے جواہر کا نظر چاہئے اس کو

کیا ہو گئے وہ جو ہیں پہ یارانِ تخن اک بار　　ہر وقت جو اس جنس کے رہتے تھے طلب گار

اب ہے کوئی طالب نہ شناسا نہ خریدار — ہے کون دکھائیں کسے یہ گوہرِ شہوار

جلد ۳

کس وقت یہاں چھوڑ کے ملکِ عدم آئے

جب اُٹھ گئے بازار سے گاہک تو ہم آئے

انیس

# ۸- شاعری کی گت

بعضوں کا گماں ہے یہ کہ ہم اہلِ زباں ہیں — دلّی نہیں دیکھی ہے زباں داں یہ کہاں ہیں

پھر تس پہ ستم اور یہ دیکھو کہ عروضی — کہتے ہیں سدا آپ کو اور نافِ زماں ہیں

سیفی کے رسالہ پہ بنا اُن کی ہے ساری — سو اُس کو بھی گھر بیٹھے وہ آپ ہی گراں ہیں

اک ٹیڑھا ورق پڑھ کے وہ جامی کا رسالہ — کرتے ہیں گھمنڈ اپنا کہ ہم قافیہ داں ہیں

نہ حرف جو وہ قافیہ کے لکھتے ہیں اُس میں — دانا جو انھیں سنتے ہیں یہ کہتے ہیں ہاں ہیں

تعقید سے واقف نہ تنافر سے ہیں آگاہ — نہ حرف ہی قافیہ کے وردِ زباں ہیں

کرتے ہیں کبھی ذکر وہ ایطائے خفی کا — ایطائے جلی سے کبھی پھر حرف زناں ہیں

اوّل تو ہے کیا شعر میں ان باتوں سے حاصل — بالفرض جو کچھ ہو بھی تو یہ سب پہ عیاں ہیں

حاصل ہے زمانہ میں جنھیں نظمِ طبیعی — نظم اُن کی کے اشعار بہ از آبِ رواں ہیں

پروا انہیں کب ہے ردیف اور روی کی — کب قافیہ کی قید میں آتش نفساں ہیں

جلد ۳

مجھ کو تو عروض آتی ہے نہ قافیہ چنداں
اک شعر سے گرویدہ مرے پیر و جواں ہیں

مصحفی

# ۹۔ رموزِ عشق

عشق کا مرتبہ ہے بس کہ بسیط — کب قیاس و خرد اس پہ ہوں محیط
جس نے کچھ بھی اسے پہچانا ہے — وہ سڑی، خبطی ہے دیوانہ ہے
بے زباں محرمِ اسرار اس کے — سب سے آزاد گرفتار اس کے
وجہ وارستگی ہے بند اس کا — سببِ قطع ہے پیوند اس کا
عشق میں جیتے وہی جو ہارے — عشق اٹھا دے ہے تعین سارے
جس نے چکھا ہی نہ وہ کیا جانے — چکھنے والا مزا اس کا جانے

عشق اک لذتِ روحانی ہے
عشق کیفیتِ وجدانی ہے

راسخ عظیم آبادی

جلد۳

# ۱۰۔ کارنامۂ عشق

گزرا ہے نظر سے یہ سراسر — اس نسخۂ نُہ ورق کے اندر

تیری ہی کہانیاں رقم ہیں — تیرے ہی فسانے یک قلم ہیں

قصّہ ہے بہت دراز تیرا — سمجھا نہیں کوئی راز تیرا

ٹوٹا ہوا دل ہی تخت تیرا — وارفتہ ہوں میں تو بخت میرا

وارفتۂ کفر تجھ سے دیندار — تسبیحیں بنائیں تو نے زنّار

سجّادوں سے خلوتی اُٹھائے — صحرا میں برہنہ پا پھرائے

تیرے ہی ہنر نے اے ہنرمند — نالوں کو کیا اثر سے پیوند

محرم ترے برملا کہیں ہیں — تیرے ہی تئیں خدا کہیں ہیں

عالم ہے تجھی سے آشکارا — تیرا ہی ہے یہ ظہور سارا

افلاک و عناصر و موالید — انجم و مہ و ابر و باد و خورشید

ہے اُن کی نمود کا سبب تو — ہے ان کے وجود کا سبب تو

وابستہ ہے کائنات تجھ سے — روئیدگیِ نبات تجھ سے

تو نور ہے ارض کا سما کا
ہے جاذبہ تو ہی کہربا کا

(آسی عظیم آبادی)



## ۱۴۔ کارنامۂ عشق

عشق آفاتِ آسمانی ہے ۔۔۔ برسوں لوگوں نے خاک چھانی ہے
رنگ چہرے کا زرد اسی سے ہے ۔۔۔ دل میں جن کے ہے درد اسی سے ہے
دل میں داغوں سے خانہ باغ کئے ۔۔۔ گھر کے گھر اس نے بے چراغ کئے
سیکڑوں جی سے کھو دیئے اس نے ۔۔۔ لاکھوں بیڑے ڈبو دیئے اس نے
سو گریبانِ صبر پھٹتے ہیں ۔۔۔ دن اسی کے پہاڑ کٹتے ہیں
طوقِ زنجیر اس کا گہنا ہے ۔۔۔ میاں مجنوں نے جس کو پہنا ہے
گو کہ گزری نہیں یہ سنتے ہیں ۔۔۔ اس کے دیوانے تنکے چنتے ہیں
یہ کرشمے انھیں کے سارے ہیں ۔۔۔ کیسے کیسے جوان مارے ہیں
پاسِ ناموس اس میں جاتا ہے ۔۔۔ آفت آتی ہے جس پہ آتا ہے

رات کٹنی محال ہوتی ہے — زندگی تک وبال ہوتی ہے

جلد۳

جگر و دل کا خون ہوتا ہے — رفتہ رفتہ جنون ہوتا ہے

پہلے راتوں کو نیند جاتی ہو

آخر کار موت آتی ہو

مرزا شوق

# ۱۲۔ جنونِ عشق

گئے اس پہ جب دن کئی اور بھی — بگڑنے لگے پھر تو کچھ طور بھی

دوانی سی ہر طرف پھرنے لگی — درختوں پہ جا جا کے گرنے لگی

ٹھہرنے لگا جان میں اضطراب — لگی دیکھنے وحشت آلودہ خواب

تپ ہجر گھر دل میں کرنے لگی — دُرِ اشک سے چشم بھرنے لگی

خفا زندگانی سے ہونے لگی — بہانے سے جا جا کے سونے لگی

تپ غم کی شدت سے وہ کانپ کانپ — اکیلی لگی رونے منھ ڈھانپ ڈھانپ

نہ اگلا سا ہنسنا نہ وہ بولنا — نہ کھانا نہ پینا نہ لب کھولنا

جلد ۳

جہاں بیٹھنا پھر نہ اٹھنا اسے
محبت میں دن رات گھٹنا اسے

کہا گر کسی نے کہ بی بی چلو
تو اٹھنا اسے کہہ کے ہاں جی چلو

جو پوچھا کسی نے کہ کیا حال ہے
تو کہنا یہی ہے جو احوال ہے

کسی نے جو کچھ بات کی بات کی
پہ دن کی جو پوچھی کہی رات کی

کہا گر کسی نے کہ کچھ کھائیے
کہا خیر بہتر ہے منگوائیے

کسی نے کہا سیر کیجے ذرا
کہا سیر سے دل ہے میرا بھرا

جو پانی پلاتا تو پینا اسے
غرض غیر کے ہاتھ جینا اسے

نہ کھانے کی سدھ اور نہ پینے کا ہوش
بھرا دل میں اس کے محبت کا جوش

چمن پر نہ مائل نہ گل پر نظر
وہی سامنے صورت آٹھوں پہر

نہفتہ اسی سے سوال و جواب
سدا روبرو اس کے غم کی کتاب

میر حسن

جلد ۳

## ۱۳۔ رخصت

وہ رخصت جس طرح ہونے لگی ــــ تو وہ صاحبِ خانہ رونے لگی
وہ رو رو کے دو ابرِ غم یوں ملے ــــ کہ جس طرح ساون سے بھادوں ملے
یہاں تک بندھا اُن کے رونے کا تار ــــ بہے پھوٹ دیوار و در ایک بار
نہ دیکھا کسی نے جو کچھ اختیار ــــ کہا حق کو سونپا تجھے لے سدھار
چلی جس طرح پیٹھ اپنی دکھا ــــ اسی طرح دکھلا ہمیں منہ پھر آ
کسی نے کہا بھول یومت مجھے ــــ خدا کے تئیں میں نے سونپا تجھے
کہا اُس نے خیر اب تو جاتی ہوں میں ــــ جو ملتا ہے تو اس کو لاتی ہوں میں

تمھیں بھی خدا کو میں سونپا سُنا
مرا بخشیو تم کہا اور سُنا

میر حسن

## ۱۴۔ رخصت

(شیریں آزاد ہو کر رخصت ہو رہی ہے)

گہوارے سے شیریں نے تب اکبر کو اُٹھایا ــــ آنکھوں سے بہت ننھے سے تلووں کو لگایا

پھر جھولے کے اندر یہ عادے کے لٹایا　　اللہ نبی کا مرے شہزادے پہ سایا

جلدؔ

دنیا کا تجھے سب حشم و جاہ ہو اکبر
اور سونے کے سہرے سے ترا بیاہ ہو اکبر

دبیرؔ

# ۱۵- اضطرابِ رخصت

تھا یہی ذکر جو بجا گھڑیال　　سنتے ہی اس کے ہوگئی بدحال
ہوگیا فرطِ غم سے چہرہ زرد　　دست و پا تھرتھرا کے ہوگئے سرد
مُردنی رُخ پہ چھا گئی اُس کے　　دل میں دہشت سما گئی اُس کے
دل میں گزرا جو اس کے صبح کا شک　　ہوئی استادہ جا کے زیرِ فلک
ٹھنڈی جس دم چلی نسیمِ سحر　　ہوگیا حال اور بھی ابتر
اتنے میں صبح کی بجی وردی　　دونی چہرہ کی ہوگئی زردی
ہوئے ثابت جو صبح کے آثار　　ہوگئی اُن کی اور حالتِ زار
بید کی طرح جسم تھرّایا　　سر سے لے پاؤں تک عرق آیا
باتیں کرتی جو تھی سو بھول گئی　　دم لگا چڑھنے سانس پھول گئی

بولی گھبرا کے رہیو اس کے گواہ
اور کہا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ



مرزا شوق

## ۱۶ ۔ جدائی

یاد آنے لگا وہ جانِ جہاں — گھڑیوں بڑھنے لگا مرا خفقاں
سختیاں ہجر کی نظر آئیں — خالی گھر دیکھا آنکھیں بھر آئیں
دل جو غم سے اداس ہونے لگا — اختلالِ حواس ہونے لگا
شمع سا جل گیا کبھی خاموش — روتے روتے کبھی ہوا بیہوش
کبھی دیوانہ وار بکتا تھا — کبھی کچھ منہ سے کہہ نہ سکتا تھا
ہوئی فرقت سے میری یہ حالت — نہ وہ رنگت رہی نہ وہ صورت
راحت و عیش سب محال ہوا — دو ہی دن میں عجیب حال ہوا
ہو گئی دل کی ایسی حالت زار — جیسے برسوں کا ہو کوئی بیمار
نالہ رک رک کے لب پہ آنے لگا — ضعف سے جسم تھرتھرانے لگا
رنجِ فرقت سے غیر حال ہوا — لینا کروٹ تلک محال ہوا

چین دن کو نہ رات کو آرام | یاد میں اس کی صبح سے تا شام
غم سے سینہ پہ مار بیٹھنا ہاتھ | اشک بھر لانا بات بات کے ساتھ

جلد ۳

دوست جو آتے تھے عیادت کو
روتے تھے دیکھ دیکھ صورت کو

مرزا شوق

## ۱۷ - گلِ بکاؤلی

گلچیں نے وہ پھول جب اُڑایا | اور غنچۂ صبح کِھلکھلایا
وہ سبزۂ باغ خواب آرام | یعنی وہ بکاؤلی گل اندام
جاگی مُرغِ سحر کے غُل سے | اُٹھی نکہت سی فرشِ گُل سے
مُنہ دھونے جو آنکھ ملتی آئی | پُر آب وہ چشمِ حوض پائی
دیکھا تو وہ گُل ہوا ہوا ہے | کچھ اور ہی گُل کِھلا ہوا ہے
گھبرائی کہ ہیں! کدھر گیا گُل | جھنجھلائی کہ کون دے گیا جُل
ہے ہے مرا پھول لے گیا کون | ہے ہے مجھے خار دے گیا کون
ہاتھ اس پہ اگر پڑا نہیں ہے | بُو ہو کے تو گُل اُڑا نہیں ہے

جلد۳

اپنوں میں سے پھول لے گیا کون بیگانہ تھا سبزہ کے سوا کون

شبنم کے سوا چرانے والا اوپر کا تھا کون آنے والا

جس کف میں وہ گُل ہو داغ ہو جائے جس گھر میں ہو گل چراغ ہو جائے

آنکھوں سے عزیز گُل مرا تھا پتلی وہی چشمِ حوض کا تھا

گلچیں کا جو ہائے ہاتھ ٹوٹا غنچے کے بھی مُنہ سے کچھ نہ پھوٹا

او خار پڑا نہ تیرا چنگل مشکیں کس لیں نہ تو نے سُنبل

او بادِ صبا ہوا نہ بتلا خوشبو ہی سُنگھا پتہ نہ بتلا

بلبل تو چہک اگر خبر ہے گل تو ہی مہک سُنگھا کدھر ہے

لرزاں تھی زبس یہ دیکھ کہرام تھی سبزہ سی راست مو براندام

جو نخل تھا سوچ میں کھڑا تھا جو برگ تھا ہاتھ مل رہا تھا

رنگ اس کا غرض لگا بدلنے گل برگ سے کف لگی وہ ملنے

گُل کا سا ہو پھرا گریباں سبزہ کا سا تار تار داماں

دکھلا کے کہا سمن پری کو اب چین کہاں بکاؤلی کو

تھی بسکہ غبار سے بھری وہ آندھی سی اُٹھی ہوا ہوئی وہ

ہر باغ میں پھولتی پھری وہ ہر شاخ میں جھولتی پھری وہ

جس تختہ میں شلِ باد جاتی　　اس رنگ کے گل کی بو نہ پاتی

جلد۳

بے وقت کسی کو کچھ ملا ہے
پتّہ کہیں حکم بن ہلا ہے

نسیم

## ۱۸ - یادِ یار

لگا تھا نہ بس عشق کا اس کو تیر　　لگی کھینچنے آہ بدرِ منیر
بندھا اس کو عاشق کا اپنے خیال　　لگی رونے آنکھوں پہ دھر کر رومال
کہیں کا کہیں سے اڑا اس کو راگ　　ہوا سے ہوئی اور گلزار آگ
لگی کہنے جی ہی میں دیکھوں یہ سیر　　نہ ہو پاس میرے وہ یادش بخیر
وہی جانے ہو جس کے کچھ دل کو لاگ　　کہ معشوق بن ہے سب گلزار آگ
جگر میں اگر آہ کی سول ہو　　لگے خار کیسا ہی گو پھول ہو
درختوں کے عالم سے کیا ہو نہال　　جسے یادِ شمشاد کی ہو کمال
کرے گلشنِ گل پہ کیا وہ نظر　　جسے اپنے گل کی نہ ہووے خبر
یہ کہہ کر اٹھی واں سے وہ دل ربا　　چھپر کھٹ میں جا کر گری منہ چھپا

خوشی کا جو عالم تھا ماتم ہوا    ورق کا ورق ہی وہ برہم ہوا

سب اُٹھتے ہی بس اُس کے جاتی رہیں
طوائف کہیں اور خواصیں کہیں

جلد۳

میرحسن

## ۱۹ - ماتمِ ہجر

کروں حال ہجراں زدوں کا رقم    کہ گزرا جدائی سے کیا ان پہ غم
کھلی آنکھ جو ایک کی واں کہیں    تو دیکھا کہ وہ شاہزادہ نہیں
نہ ہے وہ پلنگ اور نہ وہ ماہرو    نہ وہ گل ہے اس جا نہ اس کی بو
سے ہے دیکھ یہ حال حیران کار    کہ یہ کیا ہوا ہائے پروردگار
کوئی دیکھ یہ حال رونے لگی    کوئی غم سے جی اپنا کھونے لگی
کوئی بلبلائی سی پھرنے لگی    کوئی ضعف کھا کھا کے گرنے لگی
کوئی سر پہ رکھ ہاتھ دل گیر ہو    گئی بیٹھ ماتم کی تصویر ہو
کوئی رکھ کے زیر زنخداں چھڑی    رہی نرگس آساں کھڑی کی کھڑی
رہی کوئی انگلی کو دانتوں میں داب    کسی نے کہا گھر ہوا یہ خراب

کسی نے دئے کھول سنبل سے بال
طمانچوں سے جوں گل کئے سُرخ گال

سُنی شہ نے القصّہ جب یہ خبر ۔۔۔ گرا خاک پہ کہہ کے ہائے پسر
کلیجہ پکڑ ماں تو بس رہ گئی ۔۔۔ کلی کی طرح سے بکس رہ گئی
ہوا گم وہ یوسف پڑی یہ جو دھوم ۔۔۔ کیا خادمانِ محل نے ہجوم
کہا شہ نے واں کا مجھے دو پتا ۔۔۔ عزیز و جہاں ہے وہ یوسف گیا
گئیں لے وہ شہ کو لبِ بام پہ ۔۔۔ دکھایا کہ سوتا تھا یاں سیمبر
یہی تھی جگہ وہ جہاں سے گیا ۔۔۔ کہا ہائے بیٹا تو یاں سے گیا
مرے نوجواں میں کدھر جاؤں پیر ۔۔۔ نظر تو نے مجھ پہ نہ کی بے نظیر
عجب بحرِ غم میں ڈبویا مجھے ۔۔۔ غرض جان سے تو نے کھویا مجھے

کروں اس قیامت کا کیا میں بیاں
ترقی میں ہر دم تھا شور و فغاں

میر حسن

جلد۳

# ۲۰ - دورِ غم

لے شاہزادہ کا تھا حال یاد  جو دیکھا تو یاں اس سے کچھ ہے زیاد

نہ گھر کی وہ رونق نہ وہ اس کا حال  گلوں سے لگا دل تلک پائمال

پڑے سارے بے داشت دیوار و در  محل کو جو دیکھا تو ٹوٹا سا گھر

خواصیں جو تھیں پاس وہ نازنیں  سو میلی کچیلی کہیں کی کہیں

نہ چوٹی گندھی اور نہ کنگھی درست  جو چالاک تھی بن گئی وہ بھی سست

ہراک اپنے عالم میں دیکھو تو دنگ  اُڑا رنگ چہرے کا مثلِ پتنگ

نہ آپس کی چہلیں نہ وہ چہچہے  نہ گانا بجانا نہ وہ قہقہے

غم آلودہ ہر ایک زار و نزار  نہ آرام جی کو نہ دل کو قرار

جو بیٹھیں تو رونا، جو اٹھیں تو غم  غرض بیٹھتے اٹھتے اُن پر ستم

چمن سارے ویران سی ہیں پڑے  شجر گل کے اک جھاڑ سے ہیں کھڑے

جو خود ہے تو حیران و بیمار سی  کہ جو زرد شیشے کی ہو آرسی

نہ تاب و تواں اور نہ ہوش و حواس  ضعیف و نحیف و پریشان اُداس

یہ دیکھ اس کا احوال نجم النسا
جلی شمع کی طرح آنسو بہا

جلد۳

میر حسن

## ۲۱ - خستہ حالی و حسن

ولیکن یہ خوبوں کا دیکھا سبھاؤ — کہ بگڑے سے دونا ہو ان کا بناؤ
نہیں حسن کی اس طرح بھی کمی — جو بگڑی ہے بیٹھی تو گویا بنی
غرض بے ادائی ہے یاں کی ادا — بھلوں کو سبھی کچھ لگے ہے بھلا
جو ماتھے پہ چینِ جبیں غم سے ہے — تو وہ بھی ہے اک موج دریائے مے
وہ آنکھیں جو روئی ہیں بس پھوٹ پھوٹ — تو گویا کہ موتی بھرے کوٹ کوٹ
تپ غم سے یوں تمتماتے ہیں گال — کہ جوں رنگِ لالہ ہو وقتِ زوال
گریبان سینہ پہ جو ہے کھلا — تو گویا وہ ہے صبح عشرت فزا
نقاہت سے چہرہ اگر زرد ہے — و یا آہ ہونٹوں پہ کچھ سرد ہے

ادا سے نہیں یہ بھی عالم جدا
کہ ہے چاندنی اور ٹھنڈی ہوا

میر حسن

# ۲۲۔ شبِ فرقت

یہ شہزادہ جو اس طرح گُم ہوا — تو سارے محل میں تلاطم ہوا
محل میں بپا ایسا ماتم رہا — کسی میں نہ باقی ذرا دم رہا
یہ نقشہ چمن کا مبدّل ہوا — کہ گلزار جو تھا وہ جنگل ہوا
وہ آتش کدہ سب چمن گل کا تھا — صدا سوز کی نالۂ بلبل کا تھا
شجر جتنے تھے صورتِ غم تھے سب — جو تھے سرو وہ نخلِ ماتم تھے سب
صبا نے چمن میں اُڑائی تھی خاک — دلِ ملکہ تھا مثلِ گل چاک چاک
ہُوا دن تو رونے میں اس کا بسر — قیامت مگر رات آئی نظر
نہ پہلو میں پایا جو اس یار کو — ہوا صدمہ اک جانِ بیمار کو
ذرا یاد بھولی نہ اُس ماہ کی — جو کروٹ بھی لی دل سے اک آہ کی
نظر آگیا چاندنی میں جو باغ — ہوا تازہ اس غم سے اک دل پہ داغ
ہوا ٹھنڈی ٹھنڈی جو چلنے لگی — یہ فرقت کی آتش سے جلنے لگی
سحر تک دل اس کا بھٹکتا رہا — کہ پہلو میں کانٹا کھٹکتا رہا
تصور جو تھا اُس گل اندام کا — کوئی پہلو نکلا نہ آرام کا

جلدؔ

تڑپتی تھی یہ رنج جاتا نہ تھا — کسی طرح آرام آتا نہ تھا
مصاحب جو تھی اس کی خدمت وزیر — اُسے دیکھ کر درد و غم کی اسیر
یہ نقلیں بیاں کرتی تھی برمحل — مگر اُس کے دل کو نہ پڑتی تھی کل
خدا کھودے بنیاد اس چاہ کی — جدھر پھر گیا مُنہ اُدھر آہ کی
کبھی ہو گئے دونوں رخسار زرد — کبھی ہو گئے دست و پا دونوں سرد
کبھی رنگ رُخ کے بدلنے لگے — کبھی شعلے مُنہ سے نکلنے لگے
کبھی ضبط وہ چاہ کرنے لگی — کبھی چیخ کر آہ بھرنے لگی
نہ نیند آئی ہرگز سحر ہو گئی — یہ شب اُس کے غم میں بسر ہو گئی
اُڑے آشیانوں سے اپنے پرند — ہوئی بانگِ اللہ اکبر بلند
ہوا پھر تو یہ شاہزادی کا حال — کہ گھٹ کر ہو جوں ماہِ کامل ہلال
تلاطم میں پھر شب طبیعت رہی — نہ رنگت رہی وہ نہ صورت رہی
بہت آ گیا فرق اوقات میں — وہ کھسیانا ہو جانا ہر بات میں
وہ گرمی سے رُخ تمتمایا ہوا — وہ رونے سے مُنہ بھر بھرایا ہوا
وہ سوجے ہوئے پرنیاں وار گال — وہ آنکھوں میں ڈورے پڑے لال لال

غرض کیا بیاں ہو کہ جو حال تھا
جو دیکھے وہ رو دے یہ احوال تھا

## ۲۳ - آزارِ ہجر

جب سے تم کو لے گیا ہے یہ فلک ظلم کہیں     جی ترستا ہے کہیں اور چشم ہے پُرنم کہیں
ہم پہ جو گذرا ہے وہ گزرا کسی پر کم کہیں     نے تسلی ہے نہ دل کو چین ہے اک دم کہیں

چھوٹ جائیں غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہیں
خاک ایسی زندگی پر تم کہیں اور ہم کہیں

ہر گھڑی آنسو بہانا دیدۂ خونبار سے     رات دن سر کو پٹکنا ہر در و دیوار سے
آہ و نالہ کھینچنا ہر دم دلِ بیمار سے     ہے بُرا احوال اب تو ہجر کے آزار سے

چھوٹ جائیں غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہیں
خاک ایسی زندگی پر تم کہیں اور ہم کہیں

نے کسی سے ہے والفت نے کسی سے پیار ہے     نے کوئی اپنا رفیق اور نے کوئی غمخوار ہے
دل اُدھر سینے میں تڑپے جی اُدھر بیمار ہے     کیا کہیں اب تو بہت مٹی ہماری خوار ہے

چھوٹ جائیں غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہیں
خاک ایسی زندگی پر تم کہیں اور ہم کہیں

گھر میں جی بہلے نہ باہر انجمن میں دل لگے — نے خوش آوے سیر نے سیرِ چمن میں دل لگے

جلد۳

نے پہاڑوں میں، نہ صحرا میں نہ بن میں دل لگے — اب تو تم بن نے گلستاں نے چمن میں دل لگے

چھوٹ جائیں غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہیں
خاک ایسی زندگی پر تم کہیں اور ہم کہیں

پر نہیں اُڑ کر تمھارے پاس جو آ جائیے — جی ہی جی میں کب تلک خونِ جگر کو کھائیے

چشم تر اور داغ سینے کے کسے دکھلائیے — دل سمجھتا ہی نہیں کیونکر اسے سمجھائیے

چھوٹ جائیں غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہیں
خاک ایسی زندگی پر تم کہیں اور ہم کہیں

نظیر

## ۲۴ - انتظارِ یار

بٹھا کر وہاں آیا ملکہ کے پاس — تو دیکھا کہ بیٹھی ہے وہ بدحواس

خوشی ہے نہ راحت نہ عیش و طرب — خواصیں بھی میلی کچیلی ہیں سب

کہیں ہے جو مسند تو تکیہ کہیں — کہیں فرش تک بھی بچھایا نہیں

دروں میں ہر ایک جا ہیں جالے لگے — چھتوں میں ابابیل کے گھونسلے

نہ بلبل نہ قمری نہ وہ سرو و گل   ہے زاغ و زغن کا خیاباں میں غل
نہ وہ آبپاشی نہ ٹھنڈی زمیں   ہر ایک بے قرینے کہیں کا کہیں
نظر جب کہ ملکہ کی اس پہ پڑی
تو فرطِ خوشی سے ہوئی اُٹھ کھڑی

مرزا شوق

# ۲۵ - انتظارِ یار

آتشِ عشق جی جلاتی ہے   یہ بلا جان ہی پہ آتی ہے
تو ہے اور سیر باغ ہی ہر وقت   داغ ہے اور میری چھاتی ہے
شام بھی ہو چکی کہیں اب تو   آ شتابی کہ رات جاتی ہے
ٹک خبر لے کہ ہر گھڑی ہم کو   اب جدائی بہت ستاتی ہے
کچھ مناسب نہیں ہے کیا کہئے
جی میں جو کچھ کہ اپنے آتی ہے

درد

# ۲۶ - تغافل

جلد۳

دلِ نالاں کو یاد کرکے صبا | اتنا کہنا جہاں وہ قاتل ہو
نیم بسمل کوئی کسو کو چھوڑ | اس طرح بیٹھتا ہے غافل ہو

درد

# ۲۷ پیامِ یار

یہی پیغام درد کا کہنا | گر صبا کوئے یار میں گزرے
کون سی رات آن ملئے گا | دن بہت انتظار میں گزرے

درد

# ۲۸ - انتظار و اضطراب

(شیریں حضرت امام حسین علیہ السلام کے انتظار میں بے چین ہے)

شیریں کو عجب الفتِ سلطانِ اُمم تھی | ہر دم شہِ والا کی وہ مشتاق قدم تھی
آنکھ اُس کی سوئے صورتِ بانوئے عجم تھی | پتلی صفتِ قبلہ نما سوئے حرم تھی

غش کرتی تھی اکثر اِدھر امامِ دوجہاں پر
اس کی نہ خبر تھی کہ سر آئے گا سناں پر

جلد[۳]

ڈیوڑھی پہ سدا نور کے تڑکے سے آنا  اور شام کو دروازے سے روتے ہوئے جانا
گہ صبح سے مولا کے لئے فرش بچھانا  اور شام کے نزدیک بصد یاس اُٹھانا
شہ کے لئے تیار کبھی کرتی غذا کو
مولا جو نہ آتے تو کھلا دیتی گدا کو

تقدیر وہاں دربدر آفت کو پھراتی  شبیر یہاں در پہ کبھی آتی کبھی جاتی
گھبرا کے کبھی کوہ کے نیچے اُتر آتی  رہ گیروں کو جا جا کے سرِ راہ سناتی
دنیا میں میں ہوں اور نہیں دنیا کی خبر ہے
لوگو تمہیں کچھ دلبرِ زہرا کی خبر ہے

پائی جو نہ اس نے خبرِ سبطِ پیمبر[۲]  ذی الحج سے ہوئی تارکِ لذّات وہ مضطر
کچھ پی لیا کچھ کھا لیا جو آیا میسر  سونے کے لئے فرش زمیں دونوں برابر
اندیشوں نے یہ حال کو تبدیل کیا تھا
پوشاک بدلنا بھی غرض چھوڑ دیا تھا

ہمسائیاں کہتی تھیں بنایا ہے یہ کیا حال  پوشاک جو میلی ہے تو اُلجھے ہوئے ہیں بال

جلد۳ وہ کہتی تھی نیرنگ نظر آتا ہے امسال — دریافت مجھی کو نہیں ہوتا مرا احوال
پوشاک کی کچھ مجھکو خبر ہے نہ ردا کی
اللہ بس اب خیر کرے آلِ عبا کی

دبیر

# ۲۹۔ جذبِ عشق

خوشا تاثیر جذبِ عشق کامل — سراپا ہی اثر جس سے ہر اک دل
کیا ہے دل نے آئینہ کو حیراں — دیا ذرہ کو دل نے شوقِ طیراں
کرے عاشق کا یہ ظالم اگر کام — نہ دے معشوق کو بھی ہر گز آرام
فسوں سازی پہ اپنی جب کبھو آئے — جنازہ پر نہیں تو گور پر لائے
اسی صورت سے ان کا فرکے ہیں ڈول — چنانچہ ہے اسی راوی کا یہ قول
کہ جب وہ نازنیں تکیہ میں آئی — جگہ درویش کی اک گور پائی
کیا صدا آہ آتشناک نے جوش — پہ غیرت اس کو کہتی تھی کہ خاموش
چھپے دل سے ہزاروں نالے تا لب — وے دل جانتا تھا اس کو یالب
ہزاروں گریے کے اٹھتے تھے طوفاں — نہ تھا اک رشحہ لیکن زیبِ مژگاں

غمِ دل کا کرے تھی سو طرح ضبط --- پہ ضبطِ عشق۔ اے غافل ہے کچھ ربط
شرارِ غم نے کی آخر شرارت --- بدن میں یک بیک آئی حرارت
گری بے طاقتی سے واں یہ غمناک --- طرح پانی کی لرزی ہر طرف خاک
پکڑتے تھے اسے ہر چند احباب --- پہ نکلی جاتی تھی ہاتھوں سے جوں آب
اسی صورت سے یہ غلطاں تھی کچھ دور --- کہ جذبِ عشق نے ٹکڑے کی وہ گور
اُٹھا دودِ دل اس جا کہ کچھ ایسا --- نظر آتا جسے کہتے ہیں کیسا
نجانا پھر کہ واں کا حال کیا تھا --- یہی وہ گور تھی یا اژدہا تھا
کہ جن نے بے تامل ایک دم میں --- لیا اس نازپرور کو شکم میں

ہوئی جوں آب پنہاں یہ تہِ خاک
رہے باہر وہ سارے مثلِ خاشاک

جلد ۳

قائم

## ۳۰۔ لیلیٰ مجنوں کا بچپن

یہ چاہتا تھا اس کو اسے وہ لبھاتی تھی --- چاہت جو یہ جتاتا تھا وہ بھی جتاتی تھی
سنمکھ نگہ سے نہ ہرگز لڑاتی تھی --- پر نیچی نیچی نظروں سے کچھ مسکراتی تھی

۳ جلد

ظاہر میں تو ہر اک سے وہ چاہت چھپاتی تھی
لیکن وہ دل ہی دل میں محبت بڑھاتی تھی

مکتب سے جب وہ نازنیں ٹک گھر کو جاتی تھی
مجنوں کے دل پہ تب تو قیامت سی آتی تھی

ہوتا ہجوم جی میں جو تھا اضطراب کا
اک اک ورق بکھرتا تھا دل کی کتاب کا

جاتی تھی جب وہ گھر میں تو اس کا بھی تھا یہ حال
مکتب میں جلد جانے کا تھا دمبدم خیال

ہوتی تھیں چپکے روتے سے آنکھیں جب اس کی لال
جو پوچھتا تھا اس سے کوئی موجب ملال

کہتی تھی آنکھ میں جو پلک کا گیا ہے بال
ہوتا ہے اس سبب مرے اشکوں کا اتصال

مجنوں سے ملنے کا جو اسے شوق تھا کمال
اک دم کے دور رہنے میں ہوتا تھا جی نڈھال

جاتی تھی جلد پھر اسی عنوان آتی تھی
مجنوں کے تن میں دیکھ کے پھر جان آتی تھی

۔ کتنے دنوں تو روز ہی ہمرازیاں ہوئیں
الفت کی تازہ تازہ ترانداز یاں ہوئیں

چاہت کی ہر کسی سے نہاں سازیاں ہوئیں
ہرگز نہ اتہام نہ غمّازیاں ہوئیں

نہ افترا ہوا نہ درانداز یاں ہوئیں
شوقِ دروں کی آئینہ پردازیاں ہوئیں

چھپ چھپ کے ہمدگر کی نظربازیاں ہوئیں
یکتا دلی میں طبع کی انبازیاں ہوئیں

مکتب کے بیچ گُل کی طرح سے کھلے رہے
ناز و نیاز کیا ہی بھلے اور ملے رہے

جلد ۳

نظیر

# ۳۱۔ لیلیٰ مجنوں کا مکتب

چھٹّی جو ملتی اور تو سب لڑکے لڑکیاں
ہنستے اُچھلتے کودتے کرتے تھے بازیاں

لیلیٰ کے آنسو ہوتے تھے رخسار پر رواں
کہتی تھی "ہو جو رات کی جلدی سحر عیاں

تو جا کے دیکھوں مجنوں کو مکتب کے درمیاں"
مجنوں بھی ہر بہانے سے تا شام اس کے ہاں

جاتا تھا دیکھنے اسے رہ رہ کے دوستاں
جب ہوتی رات گھر میں پھر آتا تھا نیم جاں

لیلیٰ کی یاد دل کو جو ہر دم ستاتی تھی
آنکھوں میں نیند اُس کے سحر تک نہ آتی تھی

ہوتی تھی جب سحر تو وہ مکتب میں آتا تھا
لیلیٰ کو پہلے آنے سے اپنے وہ پاتا تھا

اس غنچہ لب کے مُنہ سے جو وہ مُنہ لڑاتا تھا
گُل کی طرح سے دل میں پھولا سماتا تھا

ملنے کا اشتیاق ہر اک دم ستاتا تھا
دل کی طلب کو اپنی نگہ سے جتاتا تھا

جب حرفِ شوق لیلیٰ کے لب پہ بر آتا تھا
اس نازنیں کی چاہ پہ قربان جاتا تھا

کہتا تھا "میں غلام ترا بے تمیز ہوں"
کہتی تھی وہ بھی ہنس کے "میں تیری کنیز ہوں"

جلد ۳

پھر گھر میں اپنے جاتی جو محبوب دل ربا — مجنوں جو کچھ صنم سے نشانی تھا مانگتا
دیتی وہ کچھ تو مجنوں سے کہتی تھی "تو بھی لا" — مجنوں بھی دیتا اس کو تو لے کر وہ مہ لقا
چومے تھی اس نشانی کو سب سے چھپا چھپا — مجنوں بھی ہر گھڑی اسے آنکھوں پہ رکھتا تھا
رہتے تمام رات اسی دھن میں مبتلا — اس میں وہ صبح جب انھیں دیتی تھی منہ دکھا

مکتب میں پھر تو آنے کی تشدید ہوتی تھی
دونوں کو وہ سحر سحرِ عید ہوتی تھی

جب تک یہ خرد سال تھے چاہت نہاں رہی — سیانے ہوئے تو تاڑنے والوں پہ کچھ کھلی
لوگوں میں چرچے ہونے لگے اس کے ہر گھڑی — چاہت کے گل کی بو نہ رہی آخرش چھپی
جانا کسی کسی نے۔ ملامت کسی نے کی — پھر تو وہ پھیلی ایسی کہ پھونکی گلی گلی
کچھ بن سکا نہ جب تو ہوئی ان کو بے بسی — چھٹ پن کی تھی جو چاہ تو ہرگز نہ چھٹ سکی

آساں نہیں ہے رشتۂ الفت کو توڑنا
مشکل ہے بالے پن کی محبت کو چھوڑنا

پہنچی یہ بات خانۂ لیلیٰ میں جس گھڑی — ماں باپ کے دلوں میں پڑی غم کی گلجھڑی

لیلیٰ جب ان کے روبرو آ کر ہوئی کھڑی ۔۔۔ دونوں کی طبع کثرتِ تنبیہ پر اڑی
کچھ جھڑکیاں دیں باپ نے کچھ ماں ہوئی کڑی ۔۔۔ ہیبت دکھائی اور تقید بھی کی بڑی
تدبیر اور اس کے سوا کچھ نہ بن پڑی ۔۔۔ مکتب سے اس کو منع کیا مار کر چھڑی

مجبور کر دیا وہیں فرحت کے ساتھ سے
تختی کتاب چھین لی لیلیٰ کے ہاتھ سے

جلد ۳

## نظیر

## ۳۲۔ رموزِ محبّت

دُور دیکھا اسے پہ بس نہ چلا ۔۔۔ خوب اس دل نے بیقراری کی

---

میری اندازِ نگہ کو سمجھا ۔۔۔ جو وہ ہر بات میں شرمانے لگا

---

کہا اس نے تجھی میں تھا مراجی ۔۔۔ بس اتنی بات میں خوش ہو گیا جی

---

ابتدائے عشق کی باتیں دلاتا ہوں تجھے یاد ۔۔۔ مسکرا کر وہ یہ کہتا ہے کہ کس کو یاد ہے

---

ہوس خفا نہ ہو ظاہر میں ہے وہ تجھ سے خفا ۔۔۔ میں دیکھا دھیان سے آنکھوں میں پیار باقی ہے

---

ہم تو لڑ بھڑ کے ایک ہو جاتے ۔۔۔ گو وہ تمہارا تشان میں آیا

جلد۳

غصّہ آتا ہے پر یہی کہ ہوس
غیر کیوں درمیان میں آیا

**ہوس**

## ۳۳۔ نظر

اک نظر لڑتے ہی اظہار کیا کیا کیا کچھ دو اشاروں میں ہوئے شوق ادا کیا کیا کچھ
مرتا ہوں اس نگہ پہ جو ہو اس ادا کے ساتھ
پرسش میں ایک شوخی و شوخی حیا کے ساتھ

**ممنون**

## ۳۴۔ پیامِ عاشق

کیا کہوں تجھ بن جو میرا حال ہی زندگی مجھکو ہوئی جنجال ہی
غمگساروں سے لڑائی ہو گئی صبر و طاقت سے جدائی ہو گئی
یا تصوّر میں ترے سوتا ہوں میں یا کلیجہ تھام کر روتا ہوں میں
لطف کھانے کا نہ پانی کا مزا مفت جاتا ہے جوانی کا مزا
دل سے گر اپنے بھلاؤ گے مجھے دیکھو پھر جیتا نہ پاؤ گے مجھے

اپنے عاشق کا اگر دو گے نہ سات — دن گذر جاویں گے رہ جاوے گی بات
یہ دعا میری ہے اے آرام جاں — تو رہے جب تک کہ ہے باقی جہاں
مجھکو غم ہو تجھکو ہرگز غم نہ ہو
زلف مکھڑے پر ترے برہم نہ ہو

ہوس

## ۳۵۔ ایمائے الفت

ناز سے آ تجھے ادا کی قسم — مہرباں ہو تجھے دیا کی قسم
میں وفادار ہوں وفا کی قسم — خیر خواہوں میں ہوں خدا کی قسم
مان اس صادق آشنا کی قسم
بوالہوس تجھ اوپر رکھیں ہیں نظر — جب سے تجھ حسن کی سنے ہیں خبر
حرف میرا سن اے پری پیکر — کم نمائی کو مدعا کر کر
مت کہیں جا، تجھے حیا کی قسم
دل کو تجھ عشق سے ہی غمناکی — لیکن اس سے نہیں ہوں میں شاکی

جلد۲

کم ہی عالم میں عصمت و پاکی　　دیکھ تیری یہ شوخ بیباکی

خوف میں ہوں سوا رجا کی قسم

گر سخن فہم تجھکو پاؤں گا　　حال دل کا تجھے سناؤں گا

بندۂ بے درم کہاؤں گا　　یہ قدم چھوڑ کر نہ جاؤں گا

تجھکو ہے تیری خاکِ پا کی قسم

سب بے قیاس ہیں کور دیدوں کے　　جان کر حرف ان پلیدوں کے

مت ہو فرماں میں یزیدوں کے　　لطف سے آ طرف شہیدوں کے

تجھکو ہے شاہِ کربلا کی قسم

ولی دکنی

## ۳۶ - یار کی رخصت

جب وہ کہتا ہے کہ گھر جاتا ہوں　　سُن کے یہ بات میں مر جاتا ہوں

---

نجا پیارے کہ تیرے دیکھنے سے　　نہیں مطلق مرا اب تک بھرا جی

---

تجھے تو منع کر سکتے نہیں پر طرفہ حالت ہے　　ہوا جاتا ہے جانے سے ترے کچھ جی نڈھال اپنا

---

وہ بت جس گھڑی اُٹھ کے جانے لگا　　مجھے بیٹھے بیٹھے غش آنے لگا

ملے یار کس طرح کیا کیجئے ـــ پھر اس وقت دل تلملانے لگا

اس کے جانے سے ہوا ہی مضطرب ایسا ہوں ـــ ہجر بھی ہوتا ہی لیکن اتنا گھبراتے نہیں ـــ جلد۳

یا رب کبھی عاشق کا یہ ارمان نکل جائے

جو آہ بھرے عشق میں اور جان نکل جائے

ھوس

## ۳۶- دل کی لگن

وہ اور ہیں اے شمع جو الفت میں ہیں نالاں ـــ رہتے ہیں تری طرح رلائے سے کسو کے

جوں کاغذِ آتش زدہ ہم سیر تماشا ـــ ہنس ہنس کے جلے رات جلائے سے کسو کے

جوں نقش قدم خاک نشینانِ رہِ عشق ـــ تا حشر اٹھیں گے نہ اٹھائے سے کسو کے

اے ناصحِ بیہودہ نہ کر بیٹ رو نصیحت ـــ دل لگ کے بھی چھٹتا ہی چھٹائے سے کسو کے

گو ڈر سے ترے بزم میں ہم پی گئے آنسو ـــ پر رنگ چھپے گا نہ چھپائے سے کسو کے

یہ یار رہے ہم تو ہیں بے چین یہ تو بھی ـــ آرام نہ پائے گا ستائے سے کسو کے

سو بار نصیر اس کے لئے کیجئے منت

گر کاش منے بھی وہ منائے سے کسو کے

نصیر

جلد ۳

# ۳۸۔ ستم ظریفی

اشارت میں جو کہیے ایک حرفِ مدعا اس سے
تو کہتا ہے تجھے کیا مانعِ عرضِ زبانی ہے

اگر بہ حسن کے دو حرفِ تمنا لائیے لب پہ
کہے ہے کس قدر تجھکو دماغِ قصہ خوانی ہے

اگر چپ بیٹھیے ناچار تو یہ چھیڑ کی رکھی
کہ ایسی صورتِ دیوار سے دل پر گرانی ہے

اگر اٹھ جائیے جھنجھلا کے مجلس سے تو بلوا کر
برائے مصلحت دو چار دم تک مہربانی ہے

جو ہم بھی لگ چلے کچھ دیکھ اس لطفِ نمایاں کو
تو پھر ہنس ہنس کے غیروں سے کچھ ایمائے نہانی ہے

خدا کے واسطے اے ہمنشینو غور فرماؤ
سلوک اس کا ہو جب یہ کچھ بھی لطفِ زندگانی ہے

ممنون

# ۳۹۔ تم کو کیا

ناصحو جان مری کھاتے ہو کیوں یک بیک کر
دل تو میرا تھا اسے میں نے دیا تم کو کیا

بعد مدت کے جو آئے بھی تو ہمراہ رقیب
حال دل کا مرے معلوم نہ تھا تم کو کیا

بس ہے مجھکو تو یہ اک گوشۂ تنہائی بھی
پر جدا ہونے سے بتلاؤ ملا تم کو کیا

جلد ۳

ہوس

## ۴۰۔ شکوہ

اب کے جو یہاں سے جائیں گے ہم — پھر تجھ کو نہ منہ دکھائیں گے ہم
مشکل ہے نہ آنا تجھ گلی میں — پر یہ بھی سہی نہ آئیں گے ہم
جو آگے کہا کئے ہیں تجھ سے — سواب کے وہ کر دکھائیں گے ہم
جینے ہی سے ہاتھ اٹھائیں گے لیک — باتیں نہ تری اٹھائیں گے ہم

اس پر بھی اگر ملیں گے تو خیر
قایم ہی نہ پھر کہائیں گے ہم

قایم

## ۴۱۔ جدائی

باد صبا یہ کہیو یاران رفتگاں سے — لینا خبر ہماری بچھڑے ہیں کارواں سے

کیا کیا نہ رنج ہم پہ ترے بن گزر گئے　　اب جلد آ کہیں کہ بہت دن گزر گئے

جلد

رخصت کے وقت ہم نے ہوس آہ تو نہ کی　　صدمے ہماری جان پہ لیکن گزر گئے

کہیں کیا فراق میں یار کے بدن اپنا زار و نزار ہے

نہ تو ہوش ہے نہ حواس ہے نہ تو صبر ہے نہ قرار ہے

ہوس

## ۴۲۔ ہجر

ہجر میں کس سے کہوں حال دلِ زار اپنا　　نہ تو مونس ہے کوئی اور نہ غمخوار اپنا

دن تصور میں کٹے رات تڑپتے گزرے　　کس طرح ہجر میں جینا نہ ہو دشوار اپنا

دردِ دُوری سے اسے ایک دم آرام نہیں　　کیوں نہ دن رات کراہے دلِ بیمار اپنا

دو گھڑی بیٹھ کے رو لیں گے جہاں جی لگ جائے　　نہ مکاں دشت ہے مسکن ہے نہ کہسار اپنا

شمع پروانہ پہ مصروف ہے گل بلبل پہ

حسن ہر رنگ میں ڈھونڈے ہے خریدار اپنا

کہوں کیا جو گزرتی ہے مجھ پہ ہوس　　غم دل کی کسی کو خبر ہی نہیں

میرا ہجر میں جس کے یہ حال ہوا　　مرے حال پہ اس کو نظر ہی نہیں

نہ تو آتی ہے نیند کہ سو ہی رہوں    نہ انیس ہی کوئی کہ بات کروں

شب ہجر کی کس سے درازی کہوں

یہ وہ شب ہی کہ جس کی سحر ہی نہیں

جلد ۳

شب ہجر میں دم واپسیں دل مضطرب کا یہ حال تھا    کہ جو سانس ہونٹوں تک آئی تھی تو نکلنا اس کا محال تھا

مرا پہنچا آخری وقت جب مجھے دیکھنے کو وہ آئے تب

لگے کہنے اس کو یہ کیا ہوا کہ یہ کل تک تو بحال تھا

ہوس

## ۴۳- افسردگی

یہ حسرت تھی عارض لیے صبح و شام    ہوئے خواب و خور اس کے اوپر حرام

نہ جامہ کی پروا نہ تن کے حواس    مہینے گزرتے تھے بدلے لباس

ہر اک لحظہ سینہ سے آہ و فغاں    چلے آتے تھے کارواں کارواں

کبھو نالہ دل جگر تاب تھا    کبھو اشک ہیں دل کا خوناب تھا

وہ دولت سرا جس میں ہر صبح و شام    رہے تھی گئی عید کی دھوم دھام

یہ اس سے گئی یک بیک خرمی    کہے تو نہ تھا یہاں کبھو آدمی

جلد۳

نہ صحبت میں وہ انبساطِ قدیم — نہ مجلس میں وہ ترہات ندیم
نہ اندیشۂ مے نہ پروائے جام — نہ ہنگامۂ عیش و عشرت سے کام
پڑا تھا کہیں شیشۂ مخمور وش — کہیں ساغرِ مے تھا خمیازہ کش
لٹا باغ گل پر پڑی غم کی اوس — گیا شورِ مرغِ چمن لاکھ کوس

کیا چرخ نے اور صورت سے دور
ہوا اور سے حالِ دوراں کچھ اور

قائمؔ

## ۴۴۔ پراگندگیِ احباب

میں کیا کیا تھا ترا اے سپہرِ کج رفتار — کہ یہاں تلک تو ہوا میرے درپئے آزار
جو چند کس تھے موافق مری طبیعت کے — ہر نمط مجھے کٹتے تھے ان میں لیل و نہار
اگرچہ ہاتھ سے تیرے ہر ایک نالاں تھا — پہ درد دل کا تو کرتے تھے یکدگر اظہار
ہر طرح مرا وقت خوش گزرتا تھا — بھلے برے سے زمانہ کے کچھ نہ تھا سروکار
لے آیا واں سے مجھے اب تو اس مصیبت میں — کہ یاں نہ مونس و ہمدم نہ یار نے غمخوار

خوشا وہ عہد میں روتا ہوں یاد میں جس کی
نہ ہے وہ وقت کہ جس کا ہو درمیاں تکرار

قائمؔ

# ۴۵ ۔ بے ثباتی

شادی و غم جہاں میں توام ہے — لیک غم ہے بہت خوشی کم ہے

کیا قافلہ یارانِ گزشتہ کا گیا دور — نقشِ قدم پا ہے نہ آوازِ جرس ہے

صبا سے پوچھی جو یارانِ رفتگاں کی خبر — اڑا دی خاک کہ دیکھو غبار باقی ہے

لئے جاتا ہے کوئی مجھکو کہیں — نہیں معلوم کدھر جاتا ہوں

تو جو پڑا پھرتا ہے آج کہیں کل کہیں — اے دلِ خانہ خراب تجھکو بھی ہے کل کہیں

دنیا کی سیر کرنا وقفہ ہے کوئی دم کا — محمل کسے کھڑے ہیں تیار قافلے ہیں

نہ وہ لالہ نہ گل نہ وہ سرو رواں نہ وہ قمری و بلبلِ نغمہ خواں

تجھے رحم کچھ آیا نہ بادِ خزاں جو مٹا دیئے نقش و نگارِ چمن

ہوس

# ۴۶ ۔ عشق

عشق کے ہاتھ سے ہوئے دل ریش — جگ میں کیا بادشاہ کیا درویش

جی مرا ہو رہا ہے زیر و زبر — جب سے تیرا فراق آیا پیش

جس کو قربت ہے عشق سے تیرے اس کے نزدیک کب عزیز ہوں خویش



اے ولی اُس کا زہر کیوں اُترے
جس نے کھایا ہے عاشقی کا نیش

ولی دکنی

## ۴۷ - حالِ دل

تابِ نظارہ نہیں آئینہ کیا دیکھنے دوں اور بن جائیں گے تصویر جو حیراں ہونگے
ناصحا دل میں تو اتنا تو سمجھ اپنے کہ ہم لاکھ ناداں ہوئے کیا تجھ سے بھی ناداں ہونگے
پھر بہار آئی وہی دشت نوردی ہوگی پھر وہی پاؤں وہی خارِ مغیلاں ہونگے
ایک ہم ہیں کہ ہوئے ایسے پشیمان کہ بس ایک وہ ہیں کہ جنھیں چاہ کے ارماں ہونگے
ہم نکالیں گے سن اے بادِ صبا بل تیرے اُس کی زلفوں کے اگر بال پریشاں ہونگے
منتِ حضرتِ عیسیٰ نہ اٹھائیں گے کبھی زندگی کے لیے شرمندۂ احساں ہونگے
تو کہاں جائے گی کچھ اپنا ٹھکانا کر لے ہم تو کل خوابِ عدم میں شبِ ہجراں ہونگے

عمر ساری تو کٹی عشقِ بتاں میں مومن
آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہونگے

مومن

جلد ۳

# ۴۸ - دلِ شکستہ

جدائی کے صدمے اُٹھائے ہوئے ہیں — نہ چھیڑو ہمیں - دل دُکھائے ہوئے ہیں
کڑی چوٹ ہم دل پہ کھائے ہوئے ہیں — جو اشک آنکھوں میں ڈبڈبائے ہوئے ہیں

بلانے سے ہرگز نہیں آئیں گے وہ
دلا اُن کو ہم آزمائے ہوئے ہیں

صنم

# ۴۹ - بیتابی و بے کسی

ہائے یہ ظلم سہا کیوں کر جائے — میں جیوں اور مرا دل مر جائے
عمر برباد نہ جائے اے کاش — دل کی آئی مجھے آ جائے اے کاش
جاں ہمہ رنج و سراپا غم ہے — رنج سا رنج ہے غم سا غم ہے
دیکھتا ہوں عجب احوال اپنا — کیا کہوں کس سے کہوں حال اپنا
دردِ ہجراں سے سبھی کو ہے فراغ — بات پوچھے کوئی یہ کس کو دماغ
سب ہیں بے درد انھیں کس کا غم — غمزدوں کا ہے کسی کو کیا غم

کون پوچھے ہے کسی کا احوال — جانتے ہم ہیں سبھی کا احوال

کوئی ناشاد ہو یا ہو ناکام — اپنے سب خوش ہیں کسی کو کیا کام

کوئی ہمدم ہے نہ دمساز مرا — کوئی محرم ہے نہ ہمراز مرا

کوئی اتنا نہیں جو حال سُنے — متوجّہ ہو کچھ احوال سُنے

کوئی اتنا نہیں جو چارہ کرے — چارۂ مومنِ آوارہ کرے

چارہ گر ہو نہ سکے فکر تو ہو — وصلِ جاناں نہ سہی ذکر تو ہو

دل ہو مضطر تو نہ آرام لے وہ — میں جو تڑپوں تو ذرا تھام لے وہ

کچھ کرے بات ذرا بہلائے — جی کسی ڈھب سے مرا بہلائے

ہائے میں ڈھونڈ کے لاؤں کس کو — ماجرا اپنا سُناؤں کس کو

کون میرا مگر اپنا ہوں میں — عاشقِ بیکس و تنہا ہوں میں

اس تکلّم سے یہ مطلب ہے مرا — جو سُنے سمجھے وہ افسانہ مرا

گر کہیں ہو وہ کسی جا ہوئے — دل میں پر درد ذرا سا ہوئے

ہو یہ مجھ سا وہ نہ ہو دیوانہ — تا سُنے سمجھے مرا افسانہ

اس کو نہ کھینچا ہو جدائی کا درد — تا وہ جانے کہ ہے اس میں کیا درد

ماجرائے غمِ حرماں سمجھے — سرگزشتِ شبِ ہجراں سمجھے

بات کچھ میری زبانی سُن لے　　غور سے ساری کہانی سُن لے

جلد۳

سب مضامین و معانی سوچے　　مطلبِ رازِ نہانی سوچے

نہ کہانی نہ یہ ہے افسانہ

دادِ بیداد ہے مظلومانہ

مومن

## ۵۰- یادِ الفت

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہی یعنی وعدہ نباہ کا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ جو لطف مجھ پہ تھا پیشتر وہ کرم کہ تھا مرے حال پر

مجھے یاد ہے وہ ذرا ذرا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ نئے گلے وہ شکایتیں وہ مزے مزے کی حکایتیں

وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کبھی ہم میں تم میں بھی راہ تھی کبھی ہم سے تم سے بھی چاہ تھی

کبھی ہم بھی تم بھی تھے آشنا تمھیں یاد کہ نہ یاد ہو

جسے آپ کہتے تھے آشنا جسے آپ کہتے تھے باوفا
میں وہی ہوں مومنِ مبتلا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

مومن

## ۵۱۔ محبّت کی چھیڑ چھاڑ

چھیڑنے کا تو مزہ تب ہی کہو اور سنو
بات میں تم تو خفا ہو گئے لو اور سنو

تم کہو گے جسے کچھ کیوں نہ کہے گا تم کو
چھوڑ دیوے گا بھلا دیکھ تو لو اور سنو

یہی انصاف ہے کچھ سوچو تو دل میں اپنے
تم تو سنو کہہ لو مری ایک نہ سنو اور سنو

آپ ہی آپ مجھے چھیڑو رکو آپ ہی پھر
آپ ہی بات میں پھر روٹھ اٹھو اور سنو

انشا

## ۵۲۔ سرد مہری

گاہے گاہے کی ملاقات ہے یہ بھی نہ سہی
اور کیا اس کے سوا بات ہے یہ بھی نہ سہی

منھ دکھاتے ہو تم اک سال میں مثلِ مہِ عید
یہ بھی گر خارجِ اوقات ہے یہ بھی نہ سہی
خط کا لکھنا بھی گرانی ہے تو وہ بھی نہ لکھو
روز کی حرف و حکایات ہے یہ بھی نہ سہی
نظرِ لطف کبھی حال پہ کرتے ہو مرے
اس میں گر قصدِ مساوات ہے یہ بھی نہ سہی
چھوڑ دی آپ نے جب بندہ نوازی صاحب
ایک ظاہر کی عنایات ہے یہ بھی نہ سہی
اور تو کیا ہے فقط ایک خوشی سے ملنا
یہی صاؔبر کی کرامات ہے یہ بھی نہ سہی

صاؔبر

## ۵۳۔ شکر رنجی

تمھارا دل اگر ہم سے پھرا ہے تو بہتر ہے ہمارا بھی خدا ہے
ہوئے ہو اس قدر بیزار ہم سے کہو ہم نے تمھارا کیا کیا ہے

جلد۳

وہ احمق ہے کہا ہے جس نے تم سے ملو جس سے تمہارا دل ملا ہے
ہماری کچھ نہیں تقصیر لیکن
سبھی تم کو کہیں گے بے وفا ہے

آبرو

# ۵۴ شبِ فراق

پلک زرا نہ جھپکتی تھی دل دھڑکتا تھا
کسی کے وعدہ پہ حالت تھی یہ ہماری رات
پڑے تڑپتے تھے بستر پہ آہیں بھر بھر کے
جو یاد آتی تھی صورت پیاری پیاری رات
شبِ فراق کٹے کس طرح سے اسے جرأت
یہ رات وہ ہے کہ کہتے ہیں جس کو بھاری رات

جرأت

## ۵۵۔ شبِ فرقت

جلد ۳

خدا ہی جانے کہ کس سبب سے ہماری قسمت اُلٹ گئی ہے
ہر ایک صورت سے اب تو بالکل طبیعت اُس سمت کی ہٹ گئی ہے
کسی طرح سے بآہ و زاری یہ رات آدھی تو کٹ گئی ہے
ہے منھ پہ بیداریوں سے زردی ھوسؔ اگر نیند اُچٹ گئی ہے
تصور اس کے ہیں سو رہو تم بغل سے تکئے لگا لگا کر

ھوسؔ

## ۵۶۔ سوزِ فراق

مجھے اے دوست تیرا ہجر اب ایسا ستاتا ہے کہ دشمن بھی مرے احوال پر آنسو بہاتا ہے
یہ بیتابی یہ بیخوابی یہ بے چینی دکھاتا ہے نہ دل لگتا ہے گھر میں اور نہ صحرا مجھکو بھاتا ہے

مرا دردے ست اندر دل اگر گویم زباں سوزد
وگر دم درکشم ترسم کہ مغزِ استخواں سوزد

کوک کروں تو جگ ہنسے اور چپکے لاگے گھاؤ

ایسو کٹھن سنیہہ کا کس بدھ کروں اپاؤ

جلد ۳

نہ تھا معلوم یہ الفت میں غم کھانا بھی ہوتا ہے جگر کی بیکلی اور دل کا گھبرانا بھی ہوتا ہے
سسکنا آہ کرنا اشک بھر لانا بھی ہوتا ہے تڑپنا لوٹنا بے تاب ہو جانا بھی ہوتا ہے

اگر دانستم از روزِ ازل داغِ جدائی را

نمی کردم بدل روشن چراغِ آشنائی را

جو میں ایسا جانتی پیت کئے دکھ ہوئے

نگر ڈھنڈھورا پھیرتی۔ پیت نہ کیجو کوئے

نظیر

## ۵۷۔ فراقِ یوسف

یوسف کو عزیزوں نے چھڑایا جو پدر سے فرقت ہوئی یعقوب کو اس رشکِ قمر سے
رنگِ رُخِ پُر نور اڑا اور جگر سے دنیا ہوئی اندھیر چھپا چاند نظر سے

دل آب ہوا جاتا تھا فرزند کے غم میں

بیٹا تو کنوئیں میں تھا، پدر چاہِ الم میں

تھا چشم کے چشموں سے رواں اشک کا سیلاب بر بین دلِ مجروح تپاں صورتِ سیماب
آرام کی صورت نہ کوئی زیست کا اسباب فرزند جب آنکھوں سے نہاں ہو تو کہاں خواب

جلد ۳

بستر کو کبھی دیکھ کے دلبند کے روتے
تکیوں سے لپٹ کر کبھی فرزند کے روتے

پیراہنِ یوسف کبھی آنکھوں سے لگاتے کرتے کی کبھی سونگھ کے بُو اشک بہاتے
رو رو کے یہ فرماتے جو کپڑے نظر آتے پوشاک یہ جس کی ہے اُسے ہم نہیں پاتے

افسوس کہ وہ خلق سے بن باپ سدھارے
کپڑے تو دھرے رہ گئے اور آپ سدھارے

جاتے تھے عصا تھامے ہوئے شہر میں گھر گھر بیٹے سے ملاقات نہ ہوتی تھی میسّر
جو راہ میں ملتا تھا تو یہ کہتے تھے رو کر ملتا نہیں گم ہو گیا یوسف مرا دلبر

اب جان نکلتی ہے جلا دے مجھے کوئی
فرزند سے للہ ملا دے مجھے کوئی

ہر بات پہ رو کر کفِ افسوس کو ملتے ہر گام پہ بسمل کی طرح گرتے سنبھلتے
اشک آنکھوں سے ہر مرتبہ رخساروں پہ ڈھلتے گہ ضعف سے گرتے کبھی اُٹھتے کبھی چلتے

جب شہر میں پاتے تھے نہ اس زینکِ قمر کو
صحرا کی طرف ڈھونڈنے جاتے تھے پسر کو

سائے میں درختوں کے کبھی بیٹھ کے روتے اشکوں سے کبھی دشت کے دامن کو بھگوتے
صحرا کے پرندوں سے مخاطب کبھی ہوتے دریا سے یہ کہکر کبھی منھ اشکوں سے دھوتے

اب اس کی جدائی کی مجھے تاب نہیں ہے
تجھ میں تو مرا گوہرِ نایاب نہیں ہے

تھے چار طرف دشت میں فرزند کے جویا چلاتے تھے اے لال تو کس قبر میں سویا
یوسف تجھے کس چاہ میں لوگوں نے ڈبویا خود گم ہوں کہ پیارے تجھے ان ہاتھوں سے کھویا

کچھ تیرا پتا اے مرے مہ رو نہیں ملتا
سب آنکھوں کے آگے ہیں مگر تو نہیں ملتا

کیا جانیے ہو دھوپ میں یا سر پہ ہو سایا کھانا بھی کہیں چین سے کھایا کہ نہ کھایا
گرمی کے ہیں دن پانی بھی ٹھنڈا کہیں پایا آرام مرے ہجر میں کیوں کر تجھے آیا

راحت بھی کوئی دم ہے کہ دکھ سہتے ہو بیٹا
جنگل ہے کہ بستی ہے کہاں رہتے ہو بیٹا

گر شام کو خورشید نہاں ہوتا ہے پیارے تو دیکھتے ہیں لوگ اسے صبح کو سارے

گردوں کو چھپے شب کو نکلتے ہیں ستارے تو کون سی بدلی میں ہے اے چاند ہمارے

حیرت ہے مرے دیدۂ دیدار طلب کو

جلوہ ترا دن کو نظر آتا ہے نہ شب کو

للہ ملاقات کی صورت تو بتاؤ آنکھوں کی بصارت بھی چلی اب نہ رلاؤ

اے لال کبھی خواب میں بابا کے تو آؤ مادر کے تڑپنے کو ذرا دیکھ تو جاؤ

چہرے سے ردا کا کبھی کونا نہیں چھٹتا

جس روز سے تم چھوٹے ہو رونا نہیں چھٹتا

بیت الحزن اور آپ نہ کھانا تھا نہ سونا گردن تھا تو رونا تھا جو تھی رات تو رونا

آہیں کبھی کرنا کبھی منھ اشکوں سے دھونا اک کہنہ حصیر اور نہ تکیہ نہ بچھونا

آرام نہ بے گریہ و زاری کوئی دم تھا

رخساروں پہ تھے زخم اور آنکھوں پہ ورم تھا

پوچھا بھی گر کوئی ملاقات کو آیا بتلاؤ کہ یوسف کا پتا ہے کہیں پایا

افسوس کہ پیارے کی خبر کوئی نہ لایا ایسا نہیں بچھڑا کہ ملے گا مرا جایا

کیا لطف ہے گر جیتے رہے کھو کے پسر کو

اے جان نکل اب کہ قرار آئے جگر کو

انیس

# ۵۸-مہمانداری کا سامان

جلد ۳

[شیریں حضرت امام حسین علیہ السلام کے آمد کی خبر پاکر خوشی خوشی مہمانداری کا سامان کرتی ہے]

یہ کہہ کے اس نے فرش کیا گھر میں سربسر  مومن کے دل کی طرح مصفّا ہوا وہ گھر
مسند بچھائی بہرِ شہنشاہِ بحر و بر  تکیوں کو صاف کرکے لگایا اِدھر اُدھر
کہتی تھی میرے گھر میں ابھی سے جو نور ہے
یہ آمدِ امامِ زمن کا ظہور ہے

دالان ہے یہ شاہ کی خواہر کے واسطے  یہ نرم فرش ہے علی اکبر کے واسطے
جھولے کی جا یہ ہے علی اصغر کے واسطے  یہ گھر ہے شاہِ دیں کے برادر کے واسطے
راحت سے شہ نشیں پہ امامِ زمن رہیں
حجرہ یہ اس لئے ہے کہ دولھا دُلھن رہیں

کُرسی کو لا کے جلد کسی جا بچھاتی تھی  تختوں کو کشتیوں میں کبھی وہ لگاتی تھی
سجدے میں بہرِ شکر کبھی سر جھکاتی تھی  گھبرا کے صحن سے کبھی ڈیوڑھی میں آتی تھی

چہرے پہ اک خوشی تھی پہ دل بے قرار تھا
فرزندِ فاطمہؑ کا اسے انتظار تھا

ہمسایوں سے کہتی تھی ہنس ہنس کے بار بار ۔ اب کیجیو زیارتِ سلطانِ نامدار
ہے باغِ فاطمہؓ پہ عجب حسن کی بہار ۔ رشکِ ریاضِ خلد ہے ایک ایک گلعذار

سب نونہالِ گلشنِ دیں لاجواب ہیں
قدِ سروِ باغِ حسن ہیں رُخ آفتاب ہیں

شمشادِ بوستانِ پیمبر کو دیکھیو ۔ سروِ ریاضِ حضرتِ شبّر کو دیکھیو
کیا نوجواں ہیں شہ کے برادر کو دیکھیو ۔ سب ایک سمت تم علی اکبر کو دیکھیو

ہوگا کبھی یہ حسن ملک کا نہ حور کا
جلوہ ہے اس جری میں محمدؐ کے نور کا

خالق رکھے اسے صد و سی سال برقرار ۔ نامِ خدا ہے شادی کے قابل وہ گلعذار
بہنیں فدا ہیں باپ تصدق ہے ماں نثار ۔ سر پہ پھوپی نے پیار سے گیسو رکھے ہیں چار

جلد ۳

جلد۳

چہرے کے آگے نیرِ تاباں بھی ماند ہے

عالم کی روشنی ہے اندھیری کا چاند ہے

اب خیریت سے گزرے گا اٹھارواں جو سال　　شادی کریں گی بیٹے کی بانوئے خوشخصال

زینب کو ہے اس کے بیاہ کا ارمان ہی کمال　　ہر دم یہی دعا ہے کہ دولھا بنے یہ لال

آتی ہیں نسبتیں حلب و شام و روم سے

شادی خدا جو چاہے تو ہووے گی دھوم سے

جب ڈھل گئی اسے انھیں باتوں میں دوپہر　　شوہر سے پھر یہ کہنے لگی وہ نکو سیر

اب تک نہ آئے گھر میں شہنشاہِ بحر و بر　　آتے رہے کہاں کسی سے مفصل سنی خبر

بستی سے ساتھ لے کے ہر اک اپنے بھائی کو

جا پیشوا لئے خلق کی تو پیشوائی کو

کہیو مری طرف سے یہ تو چوم کر قدم　　لونڈی کو سرفراز کرو بادشاہِ اُمم

کرتے ہیں اغنیا غربا پہ سدا کرم　　اب بے حضور چین نہیں مجھکو ایک دم

کچھ آج ہے تپش سی دلِ بے قرار میں

آنکھیں سپید ہو گئی ہیں انتظار میں

قربان ہو گئی مرا گھر کچھ نہیں ہے دور خاصہ بنا دل آن کے اِن جا کریں حضورؐ
ہم لوگ مشتِ خاک ہیں حضرت خدا کے نور ہو گا یہ کوہ آپ کے آنے سے رشکِ طور
کہنا حضور راہِ ہدایت کی شمع ہیں
پروانے یاں سحر سے زیارت کو جمع ہیں

جلد

عرصہ ابھی ہے آپ کے آنے میں کچھ اگر آنے میں کیوں حرم کے ہوئی دیر اسقدر
ڈیوڑھی پہ بندوبست ہے یا شاہِ بحر و بر گرد ارکھی ہیں میں نے قناتیں اِدھر اُدھر
محل میں گھٹتی ہوئیں گی زہرا کی پیاریاں
عباس لے کے آئیں زنانی سواریاں

انیس

## ۵۹۔ ملاپ

ولیکن محل میں پڑی جب یہ دھوم کیا مثلِ پروانہ اس پہ ہجوم
سُنی ایک سے ایک نے یہ خبر مبارک سلامت ہوئی یک دگر
کوئی غنچہ کی طرح کھلنے لگی کوئی دوڑ کر اس سے ملنے لگی
گلے کوئی صدقے کو لانے لگی کوئی سر سے روٹی چھوانے لگی

جلد۳

کوئی آئی باہر سے گھر سے کوئی ادھر سے کوئی اور اُدھر سے کوئی
حقیقت لگی پوچھنے آ کوئی لگی کرنے آپس میں چرچا کوئی
ہوا سر پہ اس کے زبس اژدحام لگی کرنے گھبرا کے سب کو سلام
کہا بیبیو کل کہوں گی میں حال
کہ اب راہ کی ماندگی ہے کمال

میر حسن

## ۶۰۔ راحتِ پسر

نعمت کوئی دنیا میں پسر سے نہیں بہتر راحت کوئی آرام جگر سے نہیں بہتر
لذت کوئی پاکیزہ ثمر سے نہیں بہتر نکہت کوئی بوئے گلِ تر سے نہیں بہتر
صدموں میں علاجِ دلِ مجروح یہی ہے
ریحاں ہے یہی رَوح یہی رُوح یہی ہے
ماں باپ کا دل غنچۂ خنداں ہے اسی سے وہ گل ہے کہ گھر رشکِ گلستاں ہے اسی سے
سب راحت و آرام کا ساماں ہے اسی سے آبادی کاشانۂ انساں ہے اسی سے

جلد ۳

کس طرح کھلے دل کہ جگر بند نہیں ہے
گھر قبر سے بدتر ہے جو فرزند نہیں ہے

یہ ہے وہ عصا پیر جواں رہتا ہے جس سے — یہ ہے وہ نگیں نام و نشاں رہتا ہے جس سے
وہ شمع ہے پر نور مکاں رہتا ہے جس سے — وہ دُر ہے قوی رشتۂ جاں رہتا ہے جس سے

کھوتے نہیں یہ مال زر و مال کے بدلے
موتی بھی لٹا دیتے ہیں اس لال کے بدلے

دنیا میں بس اک مرجع آمال یہی ہے — ثروت یہی حشمت یہی اقبال یہی ہے
سرمایہ یہی نقد یہی مال یہی ہے — گوہر یہی یاقوت یہی لال یہی ہے

دلبند ہو پہلو میں تو غم پاس نہیں ہے
کچھ پاس نہیں گر یہ رقم پاس نہیں ہے

ماں باپ کی آسائش و راحت ہے پسر سے — تلخی میں بھی جینے کی حلاوت ہے پسر سے
خوں جسم میں آنکھوں میں بصارت ہے پسر سے — ایام ضعیفی میں بھی طاقت ہے پسر سے

آرام جگر قوت دل راحت جاں ہے
پیری میں یہ طاقت ہے کہ فرزند جواں ہے

وہ شے ہے خوشی در پہ کھڑی رہتی ہے جس سے — وہ چین ہے راحت کی گھڑی رہتی ہے جس سے

وہ لعل ہی اُمید بڑھی رہتی ہے جس سے ۔۔۔ وہ دُر ہی یہ دُرجان لڑی رہتی ہی جس سے
بلڈ

آرامِ جگر تاب و تواں ساتھ ہی اس کے
پھرتا ہی جدھر رشتۂ جاں ساتھ ہی اس کے

مالک سے بھرے گھر کے اجڑ جانے کو پوچھو ۔۔۔ گھر والوں سے اس تفرقہ پڑ جانے کو پوچھو
ماں باپ سے قسمت کے بگڑ جانے کو پوچھو ۔۔۔ یعقوبؑ سے یوسفؑ کے بچھڑ جانے کو پوچھو
اللہ دکھائے نہ الم نورِ نظر کا
بہ جاتا ہے آنکھوں سے لہو قلب و جگر کا

انیس

## ۶۱۔ مبارکباد

تجھے مبارک ہو شاہ اکبر یہ تاج و مسند یہ تخت و افسر
کہ یہ ہی خورشید یہ ہی گردوں۔ یہی ہی کرسی۔ یہ عرش اکبر

جناب خاقاں۔ ابن خاقان۔ خدیو دوراں و شاہ شاہاں
سپہر جاہ و ملک سپاہ و فلک غلام و ستارہ چاکر

سدا یہاں کا۔ اس آستاں کا۔ ترے سخن کا۔ ترے بیاں کا
فلک ملازم، سپہر خادم۔ زماں مطیع و جہاں مسخّر

درونِ حاسد۔ دلِ معاند۔ عدو کے فرگاں حسود کی جاں
گے خراب و گے کباب و گے پرآب و گے برآذر

اساس باغی۔ عدو کا خرمن۔ تنِ مخالف۔ غبار دشمن
نثار سیل و نیاز آتش سپرد خاک و دوچار صرصر

وہ جود دیکھا اور زرفشانی وہ عدل دیکھا اور جہاں ستانی
گدا فریدوں فقیر قاروں خفیف کسریٰ خجل سکندر

ممنون

## ۶۲۔ عشرت فانی

یادِ ایامِ عشرتِ فانی — نہ وہ ہم ہیں نہ وہ تن آسانی
جائیں وحشت سے سوئے صحرا کیوں — کم نہیں اپنے گھر کی ویرانی
خاک میں رشکِ آسماں سے ملی — ہائے کیسی بلند ایوانی
ایسی وحشت سرا میں آئے کیوں — بے دری کر رہی ہے دربانی

کیا ہوئی وہ بلندیِ دیوار کیا ہوئے وہ عمادِ طولانی
سقف رنگین و زرنگار کہاں جز سپہر و نجوم نورانی
صرف دلقِ گدا ہوئے پردے زینت افزائے کاخِ سلطانی
یا ظروف و سماط سے تھا مجھے دعوئے قیصری و خاقانی
یا نہیں ہے مرقع و کشکول تا کروں تازہ رسمِ ساسانی
یا یہاں پرنیان و اطلس سے جلوہ گر تھی سپہر سامانی
یا یہ احوال ہے کہ چاک ہوا تنگیوں سے لباسِ عریانی
مسندِ گوہری کا دھیان آیا پوچھتے کیا ہو وجہِ گریانی
شورِ زاغ و زغن ہی سمع خراش اب کہاں غلبل و غزلخوانی

ایک دن یوں ہجومِ یاراں تھا
جیسے اب مجمعِ پریشانی

مومن

## ۶۳ - سدا ہے نام اللہ کا

نے خاص نہ دنیا میں کوئی عام رہیگا نے صاحبِ مقدور نہ ناکام رہے گا

زردار نہ بے زر نہ بد انجام رہیگا  شادی نہ غم گردشِ ایام رہیگا

جلد ۳

نے عیش نہ دُکھ درد نہ آرام رہیگا

آخر وہی اللہ کا اِک نام رہیگا

گر علم و ہنر سے ہے کوئی خلق میں مشہور  یا کشف و کرامات میں ہے صاحبِ مقدور

یا ایک کا ہے نام و نشاں خلق میں مشہور  اِک دم میں پلک مارتے ہو جاوینگے سب دور

مستور نہ مشہور نہ گمنام رہے گا

آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

اب دل میں بڑے اپنے جو کہلاتے ہیں عیار  سو مکر و دغا کرتے ہیں اک آن میں طیار

جب آکے فنا سر کے اوپر مارے ہے اک وار  اک وار کے لگتے ہی یہ ہو جاوینگے سب پار

نے مکر نہ حیلہ نہ کوئی دام رہے گا

آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

کرتے ہیں جو اب دل سے ریاضات و عبادات  یا عمر کو کھوتے ہیں بہ رندی و خرابات

جب آکے فنا چھوڑے گی شمشیر کا اک ہات  پھر صاف ہے دونوں کی گنہگاری و طاعات

نے رند نہ عابد نہ مے آشام رہے گا

آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

جلد۳

جو شاہ کہاتے ہیں کوئی اُن سے یہ پوچھو — دارا و سکندر وہ گئے آہ کدھر کو
مغرور نہ ہو شوکت و حشمت پہ وزیرو — اس دولت و اقبال پہ مت پھولو امیرو

نے ملک نہ دولت نہ سرانجام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

بیوپار جو کرتے ہیں ہر اک چیز کا زردار — آگے بھی دُکانیں تھیں کئی اور کئی بازار
جس طور کا اب چاہیئے کر لیجئے بیوپار — پھر جنس نہ دلّال نہ مالک نہ خریدار

نے نقد نہ کچھ قرض نہ کچھ دام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

اب جتنی کھڑی دیکھو ہو عالم میں عمارات — یا جھونپڑے دو کوڑی کے یا لکھ کے محلات
کیا پست مکاں کیا یہ ہوادار مکانات — اک اینٹ بھی ڈھونڈے کہیں آنے کی نہیں ہات

دالان نہ حجرہ نہ درو بام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اِک نام رہے گا

یہ باغ و چمن اچھے ہر اک جا ہیں رہے پھول — یہ شاخ یہ غنچہ یہ ہرے پات یہ پھل پھول
آجائے گی جب بادِ خزاں اتّے اوپر پھول — ہر خار کی ہر پھول کی اُڑ جاوگی سب دھول

نے زرد نہ سرخ اور نہ سیہ فام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

یہ عاشق و معشوق جو کرتے ہیں ہم چاہ　　آگے بھی بہت عاشق و معشوق تھے واللہ
وہ لوگ کہاں جاتے رہے اے مرے اللہ　　اس بات سے معلوم ہوا اب تو یہی آہ

نے عشق نہ عاشق نہ دلارام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

ٹک غور کرو اب ہیں کہاں مجنوں و فرہاد　　لیلیٰ کہاں شیریں کہاں وہ نازوہ بیداد
جو پھول کھلے واہ وہ سب ہو گئے برباد　　ہم تم بھی غنیمت ہیں سن او یار پریزاد

واں حسن نہ یاں عشق کا ہنگام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

محبوب بنا جس نے تمہیں حسن دیا ہے　　اس نے ہی ہمیں عاشق جانباز کیا ہے
ملنا ہے تو مل لو یہی جینے کا مزا ہے　　سب ناز و نیاز آہ یہ اک دم کی ہوا ہے

پھر ہجر نہ کچھ وصل کا پیغام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

یہ شعر و غزل اب جو بناتے ہیں زبانی　　آگے بھی بہت چھوڑ گئے اپنی نشانی
دیوانہ بنایا کوئی قصہ کہانی　　کچھ باقی نظر اب نہیں سب چیز ہے فانی

خمسہ نہ غزل فرد نہ ایہام رہے گا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہے گا

نظیر



## ۴۴۔ رواروی

کمر باندھے ہوئے چلنے پہ یاں سب یار بیٹھے ہیں
بہت آگے گئے۔ باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں

نہ چھیڑ اے نکہتِ بادِ بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

خیال ان کا پرے ہے عرشِ اعظم سے کہیں ساقی
غرض کچھ اور دھن میں اس گھڑی میخوار بیٹھے ہیں

بسانِ نقشِ پائے رہ رواں کوئے تمنا میں
نہیں اٹھنے کی طاقت کیا کہیں لاچار بیٹھے ہیں

یہ اپنی چال ہے افتادگی سے اب کہ پہروں تک
نظر آیا جہاں پر سایۂ دیوار بیٹھے ہیں

کہاں صبر و تحمل آہ ننگ و نام کیا شے ہے
میاں رو پیٹ کر ان سب کو ہم یکبار بیٹھے ہیں جلد۳

تجلیوں کا عجب کچھ حال ہے اس دور میں یارو
جہاں پوچھو یہی کہتے ہیں ہم بیکار بیٹھے ہیں
بھلا گردش فلک کی چین دیتی ہے کسے انشا
غنیمت ہے کہ ہم صورت یہاں دو چار بیٹھے ہیں

انشا

## ۶۵۔ مسافرتِ دنیا

یہ آج صاحبِ طبل و علم ہے کل وہ ہے ... ہے اپنے نام کی نوبت ہر اک بجاجاتا
محیطِ دہر میں ہستا وہ صورتِ کشتی ... دکھائی دیتا ہوں سب کو یہ ہوں چلا جاتا
خبر نہیں کہ کہاں جاؤں گا چلا ہوں کہاں ... مثالِ ریگ پریدہ ہوں پر اُڑا جاتا
کوئی یہ بڑھ کے مرے ساتھ والوں سے کہدے ... یہ ناتواں ہے پسِ قافلہ رہا جاتا
اکیلے منزلِ ہستی میں کیا کروگے رند
چلو عدم کو ہے یاروں کا قافلہ جاتا

رند

جلد ۳

# ۷۶۔ سرائے دنیا

سرائے دنیا ہے کوچ کی جا ہر ایک کو خوف دم بدم ہے
رہا سکندر یہاں نہ دارا نہ ہے فریدوں یہاں نہ جم ہے
مسافرانہ ٹکے ہو۔ اُٹھو مقام فردوس ہے ارم ہے
سفر ہی دشوار خواب کب تک بہت بڑی منزلِ عدم ہے
نسیم جاگو کمر کو باندھو اُٹھاؤ بستر کہ رات کم ہے
قیامِ عمرِ دو روزہ جانی کبھی نہیں ایک قاعدے پر
تعلقِ عیشِ زندگانی کبھی نہیں ایک قاعدے پر
مآلِ کارِ جہانِ فانی کبھی نہیں ایک قاعدے پر
بہارِ گل۔ لطفِ نوجوانی کبھی نہیں ایک قاعدے پر
جو چار دن ہی وفورِ راحت تو بعد اس کے غم والم ہے
سرورِ عیش و نشاط و عشرت یہ چند انفاس کے ہیں جھگڑے
ملال و رنج و غم و مصیبت یہ چند انفاس کے ہیں جھگڑے
غرور و تمکین و کبر و نخوت یہ چند انفاس کے ہیں جھگڑے

جلد۳

جوانی و حُسن و جاہ و دولت — یہ چند انفاس کے ہیں جھگڑے

اجل ہی استادہ دست بستہ — نوید رخصت ہر ایک دم ہی

مثالِ بُت سب کے سب ہیں بے حس — یہ دیکھو قہر خدا کی نیندیں

یہ جاگے تھے ابتدا میں کس دن — جو سوئے ہیں انتہا کی نیندیں

پڑے ہیں کیسے یہ ہائے غافل — چڑھی ہیں کس کس بلا کی نیندیں

نسیم غفلت کی چل رہی ہی — اُمنڈ رہی ہیں قضا کی نیندیں

کچھ ایسے سوئے ہیں سونیوالے — کہ جاگنا حشر تک قسم ہی

مہر

## ۶۷۔ منزلِ دنیا

دنیا بھی عجب گھر ہی کہ راحت نہیں جس میں — وہ گل ہی یہ گل بوئے محبت نہیں جس میں

وہ دوست ہی یہ دوست مروت نہیں جس میں — وہ شہد ہی یہ شہد حلاوت نہیں جس میں

بے درد و الم شام غریباں نہیں گزری

دنیا میں کسی کی کبھی یکساں نہیں گزری

گودی میں کبھی ماں کے کبھی قبر کا آغوش — گل پیرہن اکثر نظر آتے ہیں کفن پوش



~~۲۲۴~~

جلد۳ سرگرم سخن ہی کبھی انساں کبھی خاموش　　گہ تخت ہی اور گاہ جنازہ بسرِ دوش

اِک طور پہ دیکھا نہ جواں کو نہ مُسن کو

شب کو جو چھپرکھٹ میں تو تابوت میں دن کو

کرتا نہیں غربت میں کوئی آکے مدد تک　　گر ساتھ گیا ہے تو کوئی قبر کی حد تک

پھر آتے ہیں روتے ہوئے پہنچا کے لحد تک　　وہ خانۂ تاریک میں تنہائی ابد تک

نہ دوست نہ احباب نہ ہم بزم گئے ہیں

تنہا یونہی شاہانِ اُولوالعزم گئے ہیں

انیس

## ۶۸ - جب لاد چلیگا بنجارا

ٹک حرص وہوا کو چھوڑ میاں مت دیس بدیس پھرے مارا

قزاق اجل کا لوٹے ہے دن رات بجا کر نقّارا

کیا بدھیا بھینسا بیل شتر کیا گونیں　　پلّا سر بھارا

کیا گیہوں چاول موٹھ مٹر کیا آگ دھواں اور انگارا

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلیگا بنجارا

تو بدھیا لادے بیل بھرے جو پورب پچھم جاوے گا
کیا سود بڑھا کر لاوے گا یا ٹوٹا گھاٹا پاوے گا
قزاق اجل کا رستہ میں جب بھالا مار گراوے گا
دھن دولت ناتی پوتا کیا۔ اک کنبہ کام نہ آوے گا
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

جب چلتے چلتے رستہ میں یہ گون تری ڈھل جاوے گی
اک بدھیا تیری مٹی پر پھر گھاس نہ چرنے پاوے گی
یہ کھیپ جو تو نے لادی ہے سب حصوں میں بٹ جاوے گی
دھی پوت جنوائی بیٹا کیا بنجارن پاس نہ آوے گی
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

کیوں جی پر بوجھ اٹھاتا ہے ان گونوں بھاری بھاری کے
جب موت کا ڈیرا آن پڑا پھر دونے ہیں بیوپاری کے
کیا ساز جڑاؤ زر زیور کیا گوٹے تھان کناری کے
کیا گھوڑے زین سنہری کے کیا ہاتھی لال عماری کے
سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

نظیر

جلد ۳

## ۶۹- میرے بعد

منہ پہ رکھ دامنِ گل روئیں گے مرغانِ چمن　　باغ میں خاک اُڑائے گی صبا میرے بعد
جیتے جی قدر بشر کی نہیں ہوتی پیارے　　یاد آئے گی تجھے میری وفا میرے بعد

جا کے کہدیوے کوئی خاںؔ کی زبانی اُنسے
اب نہیں آتے ہو پھر آؤ گے کیا میرے بعد

**خاںؔ**

## ۷۰- میرے بعد

میری وحشت کا جو کچھ حال سنا میرے بعد　　ہو گیا جوشِ جنوں حد سے سوا میرے بعد
سونا جنگل جو نظر اُس کو پڑا میرے بعد　　آکے سجّادہ نشیں قیس ہوا میرے بعد

نہ رہی دشت میں خالی کوئی جا میرے بعد

باغِ عالم میں وہ بلبل ہوں کہ ہوں جانِ چمن　　میں نہ ہونگا تو نہ ہوگا کوئی خواہانِ چمن
پھاڑ ڈالیں گے گریباں کو جوانانِ چمن　　منہ پہ رکھ دامنِ گل روئیں گے مرغانِ چمن

ہر روش خاک اُڑائے گی صبا میرے بعد

میں ہی دیوانہ اکیلا نہیں صحرا میں ہوں　　بعد میرے ابھی ہوئیں گے بہت سے مجنوں
کتنے تلوؤں کا ابھی تجھکو بہانا ہی خوں　　تیز رکھنا سر ہر خار کو اے دشت جنوں　جلد ۳
شاید آجائے کوئی آبلہ پا میرے بعد

سنسناہٹ سی اک اُٹھتی ہی بدن میں ہر صبح　　جان آجاتی ہی گویا میرے تن میں ہر صبح
آہ بھر کے یہی کہتا ہوں کفن میں ہر صبح　　وہ ہوا خواہِ چمن ہوں کہ چمن میں ہر صبح
پہلے میں جاتا تھا اور بادِ صبا میرے بعد

مرگیا جب کہ امانت تو پھری کچھ تقدیر　　غم ہوا اُس کو بہت ہو گئی حالت تغیر
جیتے جی تو نہ خبر لی نہ زرا کی تدبیر　　بعد مرنے کے مری قبر پہ آیا وہ میر
یاد آئی مرے عیسیٰ کو دوا میرے بعد

امانت

# ۱۷- سرائے فانی

جائے عبرت سرائے فانی ہی　　موردِ مرگِ ناگہانی ہی
اونچے اونچے مکان تھے جن کے　　آج وہ تنگ گور میں ہیں پڑے
کل جہاں پر شگوفۂ گُل تھے　　آج دیکھا تو خار بالکل تھے

جلد۳

جس چمن میں تھا بلبلوں کا ہجوم
آج اُس جا ہے آشیانۂ بوم

بات کل کی ہے نوجواں تھے جو
صاحبِ نوبت و نشاں تھے جو

آج خود ہیں نہ ہیں مکاں باقی
نام کو بھی نہیں نشاں باقی

غیرتِ حورِ مہ جبیں نہ رہے
ہیں مکاں گر تو وہ مکیں نہ رہے

جو کہ تھے بادشاہِ ہفت اقلیم
ہوئے جا جا کے زیرِ خاک مقیم

کوئی لیتا بھی اب نہیں یہ نام
کون سی گور میں گیا بہرام

اب نہ رستم نہ سام باقی ہے
اک فقط نام ہی نام باقی ہے

کل جو رکھتے تھے اپنے فرق پہ تاج
آج ہیں فاتحہ کو وہ محتاج

تھے جو خود سر جہان میں مشہور
خاک میں مل گیا سب اُن کا غرور

عطر مٹی کا جو نہ ملتے تھے
نہ کبھی دھوپ میں نکلتے تھے

گردشِ چرخ سے ہلاک ہوئے
استخواں تک بھی اُن کے خاک ہوئے

تھے جو مشہور قیصر و فغفور
باقی ان کا نہیں نشانِ قبور

تاج میں جن کے ٹکتے تھے گوہر
ٹھوکریں کھاتے ہیں وہ کاسۂ سر

رشکِ یوسف جو تھے جہاں میں حسیں
کھا گئے اُن کو آسمان و زمیں

ہر گھڑی منقلب زمانہ ہے
یہی دنیا کا کارخانہ ہے

ہے نہ شیریں نہ کوہکن کا پتہ نہ کسی جا ہے نل دمن کا پتہ
بوئے اُلفت تمام پھیلی ہے باقی اب قیس ہے نہ لیلیٰ ہے
صبح کو طائرانِ خوش الحاں پڑھتے ہیں کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ
موت سے کس کو رستگاری ہے
آج وہ کل ہماری باری ہے

مرزا شوق

# ۴۷ ۔ بے ثباتی دنیا

عجب سیر دیکھی نظیرؔ اس چمن کی ابھی دخل تھا نرگس و نسترن کا
ابھی یک دگر جمع تھے سنبل و گل ابھی تھا بہم جوش سرو و سمن کا
گھڑی بھر کے پھر بعد دیکھا یہ عالم
کہ نام و نشاں بھی نہ تھا اس چمن کا

نظیر اکبرآبادی

---

خسرو کے سر پہ وہ نہ رہا تاجِ خسروی
نے رہ گیا وہ چترِ فلک سائے جم کے ساتھ

کیسی اب اُن کی دھوپ میں جلتی ہیں تربتیں
سائے میں یاں پلے تھے جو ناز و نعم کے ساتھ

جلد ۳

مصحفی

ویراں ہے کوئی گھر کہیں آبادی ہے — راحت ہے کوئی اور کوئی فریادی ہے
اِک عشرت و غم کا ہے مرقع دنیا — ماتم ہے کسی جا تو کہیں شادی ہے

انیس

زمینِ چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا — بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے
بہارِ گلستاں کی ہے آمد آمد — خوشی پھرتے ہیں باغباں کیسے کیسے
نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا
مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے

آتش

## ۷۳- ویرانی

میکدہ ہے وہی ساقی ہے نہ وہ میکش ہیں — ٹوٹے پھوٹے ہیں پڑے شیشہ و ساغر خالی

عالی

تفرقہ ہوتا ہے ایسا بھی گل اندام کہیں — مے کہیں شیشہ کہیں ساقی کہیں جام کہیں

دل کی بیتابی نہیں ٹھہرنے دیتی ہے مجھے — دن کہیں رات کہیں صبح کہیں شام کہیں

جلد ۳

مے بھی ہے مینا بھی ہے ساغر بھی ہے ساقی نہیں — دل میں آتا ہے لگا دیں آگ میخانہ کو ہم

باغ میں لگتا نہیں صحرا سے گھبراتا ہے دل — اب کہاں لے جا کے بیٹھیں ایسے دیوانہ کو ہم

نظیر

## ۷۴ - عبرت

کل ہوس اس طرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے
کیا ہی ملکِ روس ہے اور سرزمین طوس ہے
گر میسر ہو تو کس عشرت سے کیجے زندگی
اس طرف آوازِ طبل اودھر صدائے کوس ہے
سنتے ہی عبرت یہ بولی اک تماشا میں تجھے
چل دکھاؤں تو جو حرص و آز کا محبوس ہے
لے گئی یکبارگی گورِ غریباں کی طرف
جس جگہ جانِ تمنّا سو طرح مایوس ہے

مرقدیں دو تین بتلا کے لگی کہنے وہ یوں
یہ سکندر ہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے

جلد۳

پوچھ لو ان سے کہ جاہ و حشمت دنیا سے آج
کچھ بھی ان کے پاس غیر از حسرت و افسوس ہے

قلندر

## ۷۵۔ موت کا نقّارہ

دو چار گھڑی یا دو دن میں اب تن سے جان نکلنی ہے
یہ ہڈی پسلی جتنی ہے یا گلنی ہے یا جلنی ہے

ہر رات جو باقی تھوڑی سی کوئی دم میں یہ بھی ڈھلنی ہے
اٹھ باندھو کمر کو سویرے سے تم کو بھی منزل چلنی ہے

تن سوکھا کبڑی پیٹھ ہوئی گھوڑے پہ زین دھرو بابا
اب موت نقارہ باج چکا چلنے کی فکر کرو بابا

کچھ دیر نہیں اب چلنے میں کیا آج چلو یا کل نکلو
کچھ کپڑا لتّا لینا ہو سو جلدی باندھ سنبھل نکلو

اب شام نہیں اب صبح ہوئی جوں موم پگھل کر ڈھل نکلو
کیوں ناحق دھوپ چڑھاتے ہو بس ٹھنڈے ٹھنڈے چل نکلو
تن سوکھا کبڑی پیٹھ ہوئی گھوڑے پہ زین دھرو بابا
اب موت نقارا باج چکا چلنے کی فکر کرو بابا

یہ اونٹ کرایہ کا یارو صندوق جنازہ اٹھی ہے
جب اس پہ ہو اسوار چلے پھر گھوڑا ہے نہ عماری ہے
کس نیند پڑے تم سوتے ہو یہ بوجھ تمہارا بھاری ہے
کچھ دیر نہیں اب آہ نظیرؔ تیار کھڑی اسواری ہے
تن سوکھا کبڑی پیٹھ ہوئی گھوڑے پہ زین دھرو بابا
اب موت نقارہ باج چکا چلنے کی فکر کرو بابا

نظیرؔ اکبرآبادی

## ۷۶۔ سفرِ آخرت

کیا سخت گھڑی ہو گی اجل آئیگی جس دم — کھنچ کھنچ کے ہر اک رگ سے نکلنے لگے گا دم
کیا دیکھیں گے ہر ایک کو حسرت سے بصد غم — اتنی بھی زباں ہل نہ سکے گی کہ چلے ہم

سب کے لئے اک روز یہ تکلیف دھری ہے
اس پر بھی یہ غفلت ہے عجب بے خبری ہے

جلد ۳

بھائی نہیں اپنے ہیں نہیں ہے پسر اپنا بیگانے ہیں سب ہووے گا جس دم سفر اپنا
نہ مال نہ اسباب نہ زیور نہ زر اپنا دو گز ہی کفن قبر کا گوشہ ہے گھر اپنا
کچھ ساتھ بجز بے کسی و یاس نہ ہوگا
رہ جائیں گے سب دور کوئی پاس نہ ہوگا

انیس

## ۷۷۔ مرگِ پسر

جیتا نہیں وہ جس کے مقدر میں ہے مرنا مشکل ہے مگر صبر کی سل چھاتی پہ دھرنا
آفت تو ہے فرزند کا دنیا سے گزرنا انسان کو لازم ہے مگر صبر ہی کرنا
برسوں سے یہی رنگِ گلستانِ جہاں ہے
جس گل پہ بہار آج ہے کل اُس پہ خزاں ہے
کچھ پھول تو دکھلا کے بہار اپنی ہیں جاتے کچھ سوکھ کے کانٹوں کی طرح ہیں نظر آتے
کچھ گل ہیں کہ پھولے نہیں جامہ میں سماتے غنچے بہت ایسے ہیں کہ کھلنے نہیں پاتے

بلبل کی طرح روتے ہیں فریاد و فغاں سے
کچھ بس نہیں چلتا چمن آرائے جہاں سے

مرتا ہے جواں سامنے اور دیکھتے ہیں پیر ماں باپ کا کیا زور ہے جو خواہشِ تقدیر
سر پیٹ کے فریاد کرے مادرِ دلگیر جز صبر بن آتی نہیں لیکن کوئی تدبیر

آرام جسے دیتے ہیں چھاتی پہ سلا کر
رکھ آتے ہیں ہاتھوں سے اُسے قبر میں جا کر

مٹی سے بچاتے ہیں سدا جن کا تنِ پاک اُس گل پہ گرا دیتے ہیں اب سیکڑوں من خاک
مادر جسے عریاں نہیں کرتی تہِ افلاک وہ قبر میں ہوتا ہے دھری رہتی ہے پوشاک

غربت میں کوئی پوچھنے والا نہیں ہوتا
شمعیں بھی جلاؤ تو اُجالا نہیں ہوتا

انیس

## ۷۸۔ ماں کی بین

ٹک تو پیارے لب کو کھول غوں غاں کر مادر سے بول
ہے ہے میرے لال انمول جی ماں کا ہے ڈانواں ڈول

تجھ بن میرے نور العین
کیوں کر ہو اس دل کو چین

روتا ہے کس کو بہلاؤں    دودھ تھپک کر کس کو پلاؤں
چھاتی آگے کس کو سلاؤں    جھولے میں اب کس کو جھلاؤں

تجھ بن میرے نور العین
کیوں کر ہو اس دل کو چین

بچے کو چڑیا جو گنوائے    جنگل جنگل ڈھونڈنے جائے
دانہ پانی اس کو نہ بھائے    رین بسیرے نیند نہ آئے

تجھ بن میرے نور العین
کیوں کر ہو اس دل کو چین

جلگ پیارے ہوئی اویر    سومت "لالا" اتنی دیر
مجھ ماں سے مت آنکھیں پھیر    زیست سے مجھ کو مت کر سیر

تجھ بن میرے نور العین
کیوں کر ہو اس دل کو چین

نظیر اکبر آبادی

# ۷۹۔ کسی کی وصیّت



رنج کرنا نہ میرا۔ میں قرباں ‖ سن لو گر اپنی جان ہی تو جہاں
دل میں کڑھنا نہ مجھ سے چھوٹ کے تو ‖ جان دینا نہ گھونٹ گھونٹ کے تو
آ کے رو دینا میری قبر کے پاس ‖ تا نکل جائے تیرے دل کی بھڑاس
آنسو چپکے سے دو بہا لینا ‖ قبر میری سے گلے لگا لینا
اگر آ جائے کچھ طبیعت پہ ‖ پڑھنا قرآن میری تربت پہ
غنچۂ دل مرا کھلا جاتا ‖ پھول تربت پہ دو چڑھا جانا
رو کے کرنا نہ اپنا حال زبوں ‖ یوں نہ ہو جائے دشمنوں کو جنوں
میرے مرقد پہ روز آنا تم ‖ فاتحہ سے نہ ہاتھ اٹھانا تم
ہے یہ حاصل سب اپنی باتوں سے ‖ مٹی دینا تم اپنے ہاتھوں سے
دل پہ کچھ آنے دیجیو نہ ملال ‖ خواب دیکھا تھا کیجیو یہ خیال
رنج و راحت جہاں میں توام ہے ‖ کبھی شادی ہے اور کبھی غم ہے
ہے کسی جا پہ جشن شام و پگاہ ‖ کسی جا ہے صدائے نالہ و آہ
مرگ کا کس کو انتظار نہیں ‖ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں

پھر ملاقات دیکھیں ہو کہ نہ ہو — آج دل کھول کے گلے مل لو
حشر تک پھر یہ ہو گی بات کہاں — ہم کہاں تم کہاں یہ رات کہاں
خاک میں ملتی ہے یہ صورتِ عیش — پھر کہاں ہم کہاں یہ صورتِ عیش
ختم ہوتی ہے زندگانی آج — خاک میں ملتی ہے جوانی آج

چین دل کو نہ آئے گا تم بن
اب کے بچھڑے ملیں گے حشر کے دن

مرزا شوق

## ۸۰- کسی کا جنازہ

آگے آگے ہے کچھ جلوس رواں — سر کھلے پیچھے پیچھے پیر و جواں
سن رسیدہ ہیں عورتیں کچھ ساتھ — سینہ و سر پہ مارتی ہیں ہاتھ
کوئی ماما ہے کوئی دائی ہے — کوئی انّا کوئی کھلائی ہے
جب وہ بھرتی ہیں غم سے آہِ سرد — سُننے والوں کے دل میں ہوتا ہے درد
ہوتا ہے غیروں کو ملال ان کا — دیکھا جاتا نہیں ہے حال ان کا
اس کے پیچھے پڑی پھر اس پہ نگاہ — کہ نہ دیکھے بشر معاذ اللہ

جلد ۳

تھی پڑی اس پہ ایک چادرِ گل ... جس سے خوشبو وہ راہ تھی بالکل
بھیڑ تابوت کے تھی ایسے ساتھ ... جیسے آگے کسی دلھن کے برات
سب وضیع و شریف تھے ہمراہ ... بھیڑ تھی اس قدر کہ بند تھی راہ
پیچھے پیچھے تھا سب کے سوداگر ... مو پریشاں اُداس خاک بسر
آگے آگے جنازہ جاتا تھا ... غش اسے ہر قدم پہ آتا تھا
ہاتھ تھامے تھے اقربا سارے ... تا کسی جا پہ سر نہ دے مارے
حال اس درجہ ہو رہا تھا زبوں ... بہتا جاتا تھا سر کے زخم سے خوں
سب امیر و فقیر روتے تھے ... دیکھ کر راہ گیر روتے تھے
پیچھے سب کے فینس میں تھی مادر ... کہتی جاتی تھی اس طرح رو کر
تیری میت پہ ہو گئی میں نثار ... کم سخن ہائے میری غیرت دار
کچھ نہیں ماں کی اب خبر تم کو ... کس کی یہ کھا گئی نظر تم کو
دل پہ جو گزری کچھ بیاں نہ کی ... کچھ وصیت بھی میری جان نہ کی
دل ضعیفی میں میرا توڑ گئی ... بیٹا اس ماں کو کس پہ چھوڑ گئی
تازہ پیدا جگر کا داغ ہوا ... گھر مرا آج بے چراغ ہوا
دل کو ہاتھوں سے کوئی ملتا ہے ... جی سنبھالے نہیں سنبھلتا ہے

زہر دے دو کوئی میں کھا جاؤں | یا زمیں شق ہو میں سما جاؤں
داغ تیرا جگر جلاتا ہے | چاند سا مکھڑا یاد آتا ہے
مٹ گیا لطف زندگانی کا | دل کو غم ہے تری جوانی کا
بیاہ تیرا رچانے پائی نہیں | کوئی منّت بڑھانے پائی نہیں
تیری صورت کے ہو گئی قرباں | چلیں دنیا سے کیسی پُرارماں
ہوئیں کس بات پر خفا بولو | امّاں، واری ذرا جواب تو دو
بولتی تم نہیں پکارے سے | اب جیوں گی میں کس سہارے سے
کیا قضا نے جگر پہ داغ دیا | آج گھر میرا بے چراغ کیا
نکلا ماں باپ کا نہ کچھ ارماں | ہائے بیٹی نہ تم چڑھیں پروان
ایسی اس ماں سے ہو گئیں بیزار | لی نہ خدمت بھی پڑ کے کچھ بیمار
نہ جیوں گی ترے فراق میں میں | دل تڑپتا ہے آنکھیں ڈھونڈتی ہیں
کس مصیبت میں پڑ گئی بیٹا | کوکھ میری اُجڑ گئی بیٹا

عمر کٹنی تھی ایسے صدمے میں
ٹھوکریں تھیں بدی بڑھاپے میں

مرزا شوق

## ۸۱۔ کفن دفن

تنِ مردہ کو کیا تکلّف سے رکھنا گیا وہ تو جس سے مزیّن یہ تن تھا
کئی بار ہم نے یہ دیکھا کہ جن کا مشیّن بدن تھا معطّر کفن تھا
جو قبرِ کہن ان کی اُکھڑی تو دیکھا نہ عضوِ بدن تھا نہ تارِ کفن تھا
نظیر آگے ہم کو ہوس تھی کفن کی
جو سوچا تو ناحق کا دیوانہ پن تھا

نظیر اکبر آبادی

## ۸۲۔ قبر

آنکھوں کے آگے قبر کی تنہائی پھر گئی موتی کی اک لڑی تھی کہ آنکھوں سے گر گئی
بولی کہ یا علی یہ قیامت کا وقت ہے مرنے سے سخت قبر کی وحشت کا وقت ہے
میّت پہ بعد دفن یہ آفت کا وقت ہے اس وقت وارثوں کی محبت کا وقت ہے
ہمدم نہیں رفیق نہیں مہرباں نہیں
یہ وہ جگہ ہے کوئی کسی کا جہاں نہیں

وہ اجنبی مکاں وہ اندھیرا ادھر اُدھر پہلے پہل وہ بستی سے ویرانے کا سفر
نہ شمع روشنی کے لئے نے شگافِ در ہمسایہ وہ کہ دوسرے سے ایک بے خبر
کس کو کوئی پکارے کہاں جائے کیا کرے
آساں سب پہ قبر کی مشکل خدا کرے

دبیر جلد ۳

## ۸۳۔ خوابِ قبر

آسودگی بہ گوشۂ ہستی نہ دیدہ ایم
جاں دادہ ایم کنجِ مزارے خریدہ ایم

اے موت بندِ ہستی سے تو چھڑا دے مجھکو آزاد کرکے اپنا بندہ بنا دے مجھکو
صہبائے بیخودی کے ساغر پلا دے مجھکو آ، حجرۂ لحد میں چل کر سلا دے مجھکو
اے قبر ایک مدت سے وصل کا ہے ارماں
آغوشِ دل میں لے لے شفقت پہ تیری قرباں

سنسان مقبرہ ہو ہر سو ہو۔ ہُو کا عالم اور لہلہا رہا ہو سبزے کا ایک پرچم
ہر پھول داغِ غم ہو ہر نخل نخلِ ماتم آنسو بہا رہی ہو تربت پہ میری شبنم

تنہائی ہو محافظ خاکی مکان کے میری
اور بے کسی ہو دربان آستاں کے میری
میں ہوں فقط اکیلا کچھ مال ہو نہ زر ہو
دو گز کا اک کفن ہو کچھ پاس لینے گر ہو
کپڑا سفید سر سے پا تک تنا ہوا ہو
ڈھیلوں کا ایک تکیہ سر سے مرے لگا ہو
وہ دن کب آئیں گے جب احباب روتے ہونگے
ہم اپنا منہ لپیٹے بے فکر سوتے ہونگے

مسلم عظیم آبادی



## ۴۸- آخرِ منزل

کیا اُن کو خبر جو کہ مکانوں میں مکیں ہیں
خویش و پسر و ہمدم و احباب قریں ہیں
تاریکیِ مرقد سے وہ آگاہ نہیں ہیں
پوچھے کوئی اُن لوگوں سے جو زیرِ زمیں ہیں
مٹّی کے تلے ان کو بسر ہوتی ہے کیونکر
شب ہوتی ہے کس طرح سحر ہوتی ہے کیونکر
آرام کے خوگر کو ہی سختی کی کہاں تاب
شب کو جو اندھیرا ہو تو ہو جاتا ہی بیخواب
تُربت میں کہاں راحت و آرام کے اسباب
جز داغِ جگر روشنیِ شمع ہی نایاب
گھبرائے کہ وحشت ہو کہیں جا نہیں سکتا
کروٹ بھی بدلنے کی جگہ پا نہیں سکتا

جلد ۲

صحبت تھی شب و روز کی جس سے وہ کہاں پاس　　ہمدرد جو حسرت تو مصاحب الم و یاس
وہ قبر کا ڈر پرسشِ احوال کا وسواس　　اس ملک سے دنیا میں پھر آنے کی نہیں یاس
دکھلائیں ترزک چار دن افلاک کے نیچے
سب شاہ و گدا ایک سے ہیں خاک کے نیچے

انیس

## ۸۵۔ عبرت

چہکتے ہیں مرغِ چمن کیسے کیسے　　کھلے ہیں گل و یاسمن کیسے کیسے
جہاں گل تھے اک خار بھی واں نہیں ہے　　اُجاڑے خزاں نے چمن کیسے کیسے
ذرا دیکھ عبرت سے سوتے ہیں غافل　　مزاروں میں پہنے کفن کیسے کیسے
عدم جا کے ہستی کی یاد آئے گی کیا
اُٹھاتے ہیں رنج و محن کیسے کیسے

رند

## ۸۶۔ کاسۂ سر

جلد ۳

کل دامنِ صحرا میں ہم گزرے جو وقتِ صبحدم　　اک کاسۂ سر پُر الم آیا نظر اپنے وہیں
بولا بفریاد و فغاں کیا دیکھتا ہی او میاں　　تھے ہم بھی سر بر آسماں گو اب تہِ ہیں پیرِ زمیں
گل برگ سی نازک بدن سر پاؤں سے رشکِ چمن　　زرّین و سیمیں پیرہن دلکش مکانوں کے مکیں
دن رات ناز و نعمتیں مہ طلعتوں سے صحبتیں　　عیش و نشاط و عشرتیں ساقی قراں مطرب قریں
باغ و چمن پیشِ نظر بزمِ طرب شام و سحر　　ہر سو بکثرت جلوۂ حسنِ بُتانِ نازنیں
اک آسماں کے دور سے اک گردشِ فی الفور سے　　اب سوچئے گا غور سے در لحظہ آں دلبرا ایں
سنتے ہی جی تھرا گیا رخسار پر اشک آگیا　　دل عبرتوں سے چھا گیا خاطر ہوئی بس سہمگیں

اس میں سر اپنا ناگہاں ہر مو ہوا مثلِ زباں
بولا نظیر آگہ ہو ہاں، من نیز روزے ہمچنیں

نظیر

## ۸۷۔ دنیا و آخرت

تونگر کی طرح درویش کیا مسند بچھا بیٹھے　　خدا کا جس کو تکیہ ہو وہ کیا تکیہ لگا بیٹھے

جلد ۳

جہاں ہیں یوں تری بنیاد ہے اے آدمِ خاکی — کہ جوں پانی کا اٹھ کر ایک دم میں بلبلا بیٹھے

شتابی باندھ اسبابِ سفر اے نیند کے ماتے — ملے ہی اب تلک آنکھیں تو پہنچا کارواں آگے

نصیر اس رہ گزر میں جستجو کر بیٹھ مت تھک کر — ملے شاید سراغِ نقشِ پائے رفتگاں آگے

نہیں ہے فکرِ زادِ راہ کچھ یارانِ محفل کو
یہ اس مہماں سرائے رہ کے صاحب خانہ ہو بیٹھے

وابستگیِ دل ہے عبث باغِ جہاں سے — عقدہ یہ کھلا اب ہمیں غنچے کی زباں سے

مت پوچھ جنھوں کی کہ نکلتی تھی سواری — نقارہ و اسپ و شتر و فیل و نشاں سے

سو گردشِ افلاک سے ان کی ہے یہ نوبت
واقف نہیں ہے آہ کوئی نام و نشاں سے

نصیر

## ۸۸۔ جوگن کی بین

جہاں بیٹھ کر وہ بجاتی تھی بین — تو سننے کو آتے تھے آہوئے چین

بجاتی وہ جوگن جہاں جوگیا — وہاں بیٹھتی خلق دھونی لگا

اُسے سن کے آتا تھا صحرا کو جوش — صدا سے درختوں کو آتا خروش

گل و ثمر اس سے جو گرتے ہزار	تو لیتا انھیں دشت دامن پسار
کہیں حلقہ حلقہ کہیں تخت تخت	کھڑے ہو کے گرد اس کے سنتے درخت
بجاتی تھی جوں جوں وہ بن بن کے بین	خس و خار سنتے تھے بن بن کے بین
نظر جو کہ پڑتی تھی بوٹی جڑی	ہر اک عالم شوق میں تھی کھڑی
تماشا نہ دیکھا تھا جو یہ کبھی	دد و دشت غش ہو پڑے تھے سبھی
نہ پانی ہی سن شور اس کا چلے	کنویں کے بھی دل میں اٹھے ولولے
نہ چشمے ہی کچھ آب دیدہ رہے	گریبان کر چاک دریا بہے
ہوا بلبل و گل کا یاں تک ہجوم	کہ گرتی تھیں وہ ڈالیاں جھوم جھوم
تحیر کا تھا واں ہر اک کو مقام	زباں کا نکلتا تھا ہاتھوں سے کام
یہ ہر جا پہ تھا اس کے دم سے طلسم	بندھا تھا اسی دم قدم سے طلسم

شب و روز سرگشتہ مثل صبا
اسی طرح پھرتی تھی وہ جا بجا

قضا را سہانا سا اک دشت تھا	کہ یک شب ہوا اس کا واں لبترا
وہ تھی اتفاقاً شب چاردہ	اداسے وہ بیٹھی وہاں رشک مہ
بچھی ہر طرف چادر نور تھی	یہی چاندنی اس کو منظور تھی

جلد۳

بچھا مرگ چھالے کو اور لے کے بین — دو زانوں سنبھل کر وہ زہرہ جبیں
کدارا جب نے لگی شوق میں — لگی دست و پا مارنے ذوق میں
کدارا یہ بجنے لگا اس کے ہاتھ — کہ مہ نے کیا دائرہ لے کے ساتھ
بندھا اس جگہ اس طرح کا سماں — صبا بھی لگی رقص کرنے وہاں
وہ سنسان جنگل وہ نورِ قمر — وہ براق سا ہر طرف دشت و در
وہ اُجلا سا میداں چمکتی سی ریت — اُگا نور سے چاند تاروں کا کھیت
درختوں کے پتے چمکتے ہوئے — خس و خار سارے جھمکتے ہوئے
درختوں کے سایہ سے مہ کا ظہور — گرے جیسے چھلنی سے چھن چھن کے نور
گیا ہاتھ سے بین سُن کر جو دل — گئے سایۂ و نور آپس میں مل
ہوا بندہ گئی اس گھڑی اس صول — بسیرا گئے جانور اپنا بھول
درختوں سے لگ لگ کے بادِ صبا — لگی وجد میں بولنے واہ وا

کدارے کا عالم یہ تھا اس گھڑی
کہ تھی چاندنی ہر طرف غش پڑی

**میر حسن**

جلد۲

## ۹۰۔ محفلِ رقص و سرود

ہوا حکم گوری کا جو برملا — لئے ساز اپنے سبھوں نے اٹھا
دیا آسماں پر جو طبلوں کو کھینچ — ہر اک تھاپ میں دل لیا سب کا اینچ
لگی گانے چھپّہ وہ اس آن سے — نکلنے لگی جان ہر تان سے
عجب تان پڑتی تھی انداز سے — کہ بیکل تھی ہر تان آواز سے
غرض کیا کہوں اس کا میں ماجرا — عجب طرح کی بندھ گئی تھی ہوا
وہ گانے کا عالم وہ حسنِ بیاں — وہ گلشن کی خوبی وہ دن کا سماں
گھڑی چار دن باقی اس وقت تھا — سہانا ہر اک طرف سایہ ڈھلا
درختوں کی کچھ چھاؤں اور کچھ وہ دھوپ — وہ دھانوں کی سبزی وہ سرسوں کا روپ
گلابی سا ہو جانا دیوار و در — درختوں سے آنا شفق کا نظر
وہ سروِ سہی اور آبِ رواں — وہ مستی سے پانی کا بہنا وہاں
وہ اڑتی سی نوبت کی دھیمی صدا — کہیں دور سے گوش پڑتی تھی آ
وہ رقصِ بتاں اور ستھرا الاپ — وہ گوری کی تانیں وہ طبلوں کی تھاپ
وہ دل بیتا ہاتھ پر دھر کے ہاتھ — اچھلنا وہ دامن کا ٹھوکر کے ساتھ

جلد ۳

نہ انسان ہی کا ہو دل اس میں بند ہوئے محو سُنکر چرندا ور پرند
غرض جو کھڑے تھے کھڑے رہ گئے اُڑے جس جگہ کو اُڑے رہ گئے
جو بیچھے تھے آگے نہ وہ چل سکے جو بیٹھے سو بیٹھے نہ پھر ہل سکے
لگی دیکھنے آنکھ نرگس اُٹھا گلوں نے دیئے کان اُودھر لگا
لگے ہلنے آ وجد میں سب درخت کھڑے رہ گئے سرد ہو کر کرخت
درختوں سے گرنے لگے جانور بنے مثل آئینہ دیوار و در
بندھا اس طرح کا جو اس جا سماں ہوا سب کے دل کا عجب حال واں

عجب راگ کو بھی دیا ہے اثر
کہ ہو جائے پتھر کا پانی جگر

میر حسن

## ۹۰۔ بلبل

دید گل کے تجھے پڑ جائیں گے لالے بلبل پڑ گئی جب کسی صیاد کے پالے بلبل
کان کھولے ہوئے گل گوش بر آواز ہے آج درد دل جو تجھے کہنا ہو سنا لے بلبل
پھر وہی کنج قفس ہے وہی صیاد کا گھر چار دن اور ہوا باغ کی کھا لے بلبل

جلد ۳

دام میں پھنس کے نکلنا ترا ناممکن ہے — تا بہ مقدور پر و بال ہلائے بلبل

پہلے گلشن کی ہوا دیکھ لے رہ کر چندے — آشیاں کی تو ابھی طرح نہ ڈالے بلبل

مانگ خالق سے دعا بعد بقائے گل کی — پہلے صیاد سے خیر اپنی منالے بلبل

دست انداز نہو گل پہ ابھی اے گلچیں — صبر کر صبر ذرا باغ سے جالے بلبل

کسی غنچہ کو چھوا اور نہ کوئی گل توڑا — گھورتی کیوں ہے مجھے آنکھ نکالے بلبل

نہ رہی بوئے وفا ایک بھی گل میں باقی — اٹھے اس باغ سے اللہ اٹھالے بلبل

نہ رہے گل ہی گلستاں میں جو تھے رتبہ شناس — اڑ گئے سب ترے پہچاننے والے بلبل

کس طرف جائے گی برداشتہ خاطر ہو کر — باغ کیوں کرتی ہے گلچیں کے حوالے بلبل

دم بدم سینۂ سوزاں سے نہ کر نالۂ گرم
پڑ نہ جائیں تری منقار میں چھالے بلبل

رند

## ۹۱- فغانِ بلبل

جہاں گیا میں گیا دام لے کے وہ صیاد — پھرا تلاش میں میری کہاں کہاں صیاد

دکھایا کنج قفس مجھ کو آب و دانہ نے — وگرنہ دام کہاں میں کہاں کہاں صیاد

اُجاڑا موسمِ گُل ہی میں آشیاں میرا — الٰہی ٹوٹ پڑے تجھ پہ آسماں صیّاد

جلدؔ

چمن میں رکھا نہ بلبل کا نام تک باقی — خدا کرے یونہیں ہو جائے بے نشاں صیّاد

قفس کو شام سے لٹکا کے فرشِ خواب کے پاس — سُنا کیا مری تا صبح داستاں صیّاد

کریگا یاد مجھے زمزموں کو بعد مرے — ہوں چند روز ترے گھر میں میہماں صیّاد

دکھائے گا نہ اگر سیرِ بوستاں صیّاد — پھڑک پھڑک کے قفس ہی میں دونگا جاں صیّاد

رہے نہ قابلِ پرواز بال و پر میرے — قفس سے اُڑ کے میں اب جاؤنگا کہاں صیّاد

پروں کو کھول دے ظالم جو بند کرتا ہے — قفس کو لے کے میں اُڑ جاؤنگا کہاں صیّاد

میں جھانکتا نہیں چاکِ قفس سے بھی گل کو — نہ ہوئے تا مری جانب سے بدگماں صیّاد

ہزار مرغِ خوش الحاں چہکتے ہیں ہر سو — بہارِ چمن ہوا اب تو ترا مکاں صیّاد

ستم زیادہ نہ کر حکم دے رہائی کا
پکارتے ہیں گرفتار الاماں صیّاد

رندؔ

## ۹۲ پیام

دور افتادۂ یارانِ گلستانِ وطن — تجھکو پیغام یہ اے بادِ صبا دیتے ہیں

ہم صفیروں سے یہ کہنا کہ گرفتارِ قفس　　یاد کرتے ہیں تمہیں اور دعا دیتے ہیں

جلد ۳

تم ہمیں بھول گئے یہ تو نہ تھی شرطِ وفا
دیکھنا تو کہ جواب اس کا وہ کیا دیتے ہیں

۹

## ۹۳ - بلبل و صیاد

جسے کہ یاد نہ ہو اپنا آشیاں صیاد　　بھلا وہ خاک کہے حالِ بوستاں صیاد
عبث عبث تو نہ ہو مجھ سے بدگماں صیاد　　کھلی ہے کنجِ قفس میں مری زباں صیاد
میں ماجرائے چمن کیا کروں بیاں صیاد

خراب تھا مرے ہمراہ سایہ ساں صیاد　　چمن میں تھا کبھی بن میں واں واں صیاد
غرضکہ ساتھ ہی پہنچا جہاں تہاں صیاد　　جہاں گیا میں گیا دام لے کے واں صیاد
پھر اب تلاش میں میری کہاں کہاں صیاد

کچھ اور مجھ کو شکایت نہیں یہی ہے گلا　　بہار کیا کہ خزاں میں چھوا نہ اک تنکا
عبث یہ او ستم ایجاد کیوں غضب توڑا　　اجاڑا موسمِ گل ہی میں آشیاں میرا
الٰہی ٹوٹ پڑے تجھ پہ آسماں صیاد

جلد ۲

بیاں کر نہیں سکتا جو میری حالت ہے — حواس باختہ ہوں مجھ پر اک مصیبت ہے
ابھی ہوں تازہ گرفتار زورِ وحشت ہے — عجیب قصہ ہے دلچسپ اک حکایت ہے
سناؤں گا گل و بلبل کی داستاں صیاد

کلام کرتا ہے وہ دل کو جو خوش آتا ہے — حکایتِ گل و بلبل مجھے سناتا ہے
ہر ایک بات میں سو سو طرح لبھاتا ہے — اداس دیکھ کے مجھ کو چمن دکھاتا ہے
کئی برس میں ہوا ہے مزاج داں صیاد

خدا گواہ ہے تعریف ہو نہیں سکتی — زیادہ گھر سے ہے راحت مجھے قفس میں بھی
کب اس کی ذات سے اتنی مجھے توقع تھی — عزیز رکھتا ہے کرتا ہے خاطریں میری
ملا ہے خوبیِ قسمت سے قدرداں صیاد

رند

## ۹۴۔ غربت

ہوتے ہیں بہت رنج مسافر کو سفر میں — راحت نہیں ملتی کوئی دم آٹھ پہر میں
سو شغل ہوں پر دھیان لگا رہتا ہے گھر میں — پھرتی ہے سدا شکل عزیزوں کی نظر میں
سنگِ غمِ فرقت دلِ نازک پہ گراں ہے
اندوہِ غریب الوطنی کاہشِ جاں ہے

ہمراہ سفر میں ہوں اگر حامی و ناصر ۔۔۔ منزل پہ کمر کھول کے سوتے ہیں مسافر
جب ہو سفر خوف و پریشانی خاطر ۔۔۔ شب جاگتے ہی جاگتے ہو جاتی ہے آخر
ہر طرح مسافر کے لئے رنج و تعب ہے
رہ جائے پس قافلہ تھک کر تو غضب ہے

دکھ دیتے ہیں ایک ایک قدم پاؤں کے چھالے ۔۔۔ منزل پہ پہنچنے کے بھی پڑ جاتے ہیں لالے
ہاتھوں سے اگر بیٹھ کے کانٹوں کو نکالے ۔۔۔ ڈر ہے کہ نہ بڑھ جائیں کہیں قافلے والے
واماندوں کے لینے کو بھی آتا نہیں کوئی
تھک کر بھی جو بیٹھے تو اٹھاتا نہیں کوئی

انیس

## ۹۵۔ حکمت

جادۂ راہِ بقا غیر از فنا ملتا نہیں ۔۔۔ بے خودی جب تک کہ انساں میں خدا ملتا نہیں
جستجو رہتی ہے دولت کا پتہ ملتا نہیں ۔۔۔ سر پھرا کرتا ہے پر ظلِ ہما ملتا نہیں
دے جو محتاجوں کو دنیا ہو کہ فرصت ہے ابھی ۔۔۔ ڈھونڈھتا ہے خاک میں قاروں گڑا ملتا نہیں
المدد موقع مدد کا ہے بیا اے بادِ مراد ۔۔۔ ڈوبتی ہے اپنی کشتی ناخدا ملتا نہیں

ڈھونڈھتے پھرتے ہیں ہم صحرا میں مثلِ گردِ باد ۔۔۔ منزلوں یارانِ رفتہ کا پتہ ملتا نہیں
جلد ۳
گمرہی خود منزلِ مقصود کی ہے رہنما ۔۔۔ خضر مل جاتے ہیں جس کو راستہ ملتا نہیں
آدمی کیوں طالبِ راحت ہے دورِ چرخ میں ۔۔۔ چین دانے کو بہ زیرِ آسیا ملتا نہیں
گلشنِ ہستی میں اب ایسا مروت کا ہے قحط ۔۔۔ نخل کو پانی پئے نشو و نما ملتا نہیں
شکل آئینہ نہ پوچھو میری حیرت کا سبب ۔۔۔ خلق صورت میں ہے معنیٰ آشنا ملتا نہیں
حق اگر پوچھو تو یہ بھی نسخۂ اکسیر ہے ۔۔۔ چھانتے ہیں خاک سب مضمون نیا ملتا نہیں
رو کے مانگ اللہ سے چاہے جو وسعت رزق کی ۔۔۔ شیر دایہ طفل کو بھی بے بکا ملتا نہیں
شاعرانِ حال کیا مضمون نو پائیں اسیر ۔۔۔ ڈھونڈھتے ہیں یہ تخلص بھی نیا ملتا نہیں

---

سمجھے ہیں مجھ کو وحشیِ نازک مزاج طفل ۔۔۔ پھولوں سے جائے سنگ ہیں دامن بھرے ہوئے
کیسا سیاہ خانہ ہمارا ہے خوفناک ۔۔۔ آتے ہیں مہر و ماہ تو اس میں ڈرے ہوئے
وحشت کا رعب بعدِ فنا بھی وہی رہا ۔۔۔ آئے جو قبر میں تو فرشتے ڈرے ہوئے
زیرِ فلک بھی ظلم فلک سے نہیں نجات ۔۔۔ مُردوں کی چھاتیوں پہ ہیں پتھر دھرے ہوئے
فرد ہو اگر نہیں ہیں تو کیا ہیں یہ بادشاہ ۔۔۔ سارے جہاں کا بوجھ ہیں سر پر دھرے ہوئے
غیروں کی قدر کرتے ہو کیا خوب ہے سمجھ ۔۔۔ کھوٹے جو تھے تمہاری نظر میں کھرے ہوئے

سینے میں رنگ رنگ کے مضموں نہیں اسیر
صندوق ہیں یہ لعل و گہر سے بھرے ہوئے



اسیر

## ۹۶۔ حسنِ تکرار

ترے پر سے جھڑنے لگے شرر نہ تڑپ تو بلبلِ زار بس
جلے گا قفس جلے گا قفس جلے گا قفس جلے گا قفس

کوئی کارواں جو نکل گیا سوئے نجد قیس یوں بول اُٹھا
وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس وہ بجا جرس

تو شہید ابر سیہ سے کہہ۔ وہ شراب پیتے ہوں جس جگہ
وہیں جا برس وہیں جا برس وہیں جا برس وہیں جا برس

شہیدی

## ۹۷۔ اور ہے

گرمیِ بازارِ آہ دیکھ ولا اور ہے        کل کی ہوا اور تھی آج ہوا اور ہے

اے ستم ایجاد ہم تجھ سے کہاں تک کہیں — طرزِ جفا اور ہے رسمِ وفا اور ہے
دامنِ گل تو نے گو چلتے ہوئے چھو لیا — بات لگاوٹ کی پر بادِ صبا اور ہے
اس کے تڑپنے کو اب بس تو سی پوچھے کوئی — یہ دلِ بیتاب ہے قبلہ نما اور ہے

پیشِ اطبّا مجھے لے تو چلے ہو و لے
مجھ کو ہے آزارِ عشق اس کی دوا اور ہے

نصیر

جلد ۳

## ۹۰۔ غزلیاتِ درد

جگ میں آکر اِدھر اُدھر دیکھا — تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا
جان سے ہو گئے بدن خالی — جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا
نالہ فریاد آہ اور زاری — آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا
ان لبوں نے نہ کی مسیحائی — ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

زورِ عاشق مزاج ہے کوئی
درد کو قصّہ مختصر دیکھا

جگ میں کوئی نہ ٹک ہنسا ہوگا — کہ نہ ہنسنے میں رو دیا ہوگا

اس نے قصداً بھی میرے نالہ کو — نہ سنا ہوگا گر سنا ہوگا
دیکھئے غم سے اب کے جی میرا — نہ بچے گا بچے گا کیا ہوگا
دل زمانہ کے ہاتھ سے سالم — کوئی ہوگا کہ رہ گیا ہوگا
حال مجھ غمزدے کا جس جس نے — جب سنا ہوگا رو دیا ہوگا
دل کے پھر زخم تازہ ہوتے ہیں — کہیں غنچہ کوئی کھلا ہوگا
یک بیک نام لے اٹھا میرا — جی میں کیا اس کے آ گیا ہوگا
میرے نالوں پہ کوئی دنیا میں — بن کئے آہ کم رہا ہوگا
لیکن اس کو اثر خدا جانے — نہ ہوا ہوگا یا ہوا ہوگا

دل بھی اے دردؔ قطرۂ خوں تھا
آنسوؤں میں کہیں گرا ہوگا

دردؔ

## ۹۹۔ غزل

دم بلبلِ اسیر کا تن سے نکل گیا — جھونکا نسیم کا جو ہیں سن سے نکل گیا
لایا وہ ساتھ غیر کو میرے جنازہ پہ — شعلہ سا ایک جیب کفن سے نکل گیا

جلد ۳

ساقی بغیرِ شب جو پیا آبِ آتشیں ‏ شعلہ وہ بن کے میرے دہن سے نکل گیا
اس رشکِ گل کے جاتے ہی بس آگئی خزاں ‏ ہر گل بھی ساتھ بو کے چمن سے نکل گیا
اہلِ زمیں نے کیا ستم نو کیا کوئی ‏ نالہ جو آسمانِ کہن سے نکل گیا

سن سان مثلِ وادیِ غربت ہے لکھنؤ
شاید کہ ناسخ آج وطن سے نکل گیا

ناسخ

## ۱۰۰۔ غزل

حسن تو سبھی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا ‏ کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا
زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گل سو زر بکف ‏ قاروں نے راستہ میں لٹایا خزانہ کیا
اڑتا ہی شوقِ راحتِ منزل سے اسپِ عمر ‏ مہمیز کس کو کہتے ہیں اور تازیانہ کیا
چاروں طرف ہے صورتِ جاناں ہو جلوہ گر ‏ دل صاف ہو ترا تو ہے آئینہ خانہ کیا
طبل و علم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال ‏ ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا
آتی ہے کس طرح سے مری قبضِ روح کو ‏ دیکھوں تو موت ڈھونڈھ رہی ہے بہانہ کیا
صیّاد گلعذار دکھاتا ہے سیرِ باغ ‏ بلبل قفس میں یاد کرے آشیانہ کیا

صیاد اسیر دام رگ گل ہے عندلیب — دکھلا رہا ہے چھپ کے اسے آب و دانہ کیا
جلد ۳

یاں مدعی حسد سے نہ دے داد تو نہ دے
آتش غزل یہ تو نے لکھی عاشقانہ کیا

آتش

## ۱۰۱۔ گلزار انشا

ہو کر دو چار بات وہ کیا کر سکے بھلا — جو جس نے پاؤں کی تری آہٹ سے غش کیا
ساقی کی انکھڑیوں نے مجھے بادہ کش کیا — چتون کو اس کی دیکھ کے نرگس نے غش کیا

زاہد مرے مولا کے اسرار نہیں پاتا — غافل اسے کیا پاوے ہشیار نہیں پاتا
گو وعدہ کیا تم نے اور کھائی قسم لیکن — تسکین دل اپنا کچھ اے یار نہیں پاتا

جگر کی آگ بجھے جلد جس سے وہ شے لا — لگا کے برف میں ساقی صراحی مے لا
قدم کو ہاتھ لگاتا ہوں اٹھ کہیں گھر چل — خدا کے واسطے اتنے تو پاؤں مت پھیلا
نکل کے وادی وحشت سے دیکھ اے مجنوں — کہ زور دھوم سے آتا ہے ناقۂ لیلا
گرا جو ہاتھ سے فرہاد کے کبھی تیشہ — درون کوہ سے نکلی صدائے واویلا
نزاکت اس گل رعنا کی دیکھیو انشا
نسیم صبح جو چھو جائے رنگ ہو میلا

جلد ۳

یہ جو مہنت بیٹھے ہیں رادھا کے کنڈ پر ۔۔۔ اوتار بن کے گرتے ہیں پریوں کے جھنڈ پر

اے موسم خزاں لگے آنے کو تیرے آگ ۔۔۔ بلبل اداس بیٹھی ہے اک سوکھے ڈنڈ پر

گلبرگ تر سمجھ کے لگا بیٹھی ایک چونچ ۔۔۔ بلبل ہمارے زخم جگر کے کھرنڈ پر

---

مجھے رونا آتا ہے شمع سحر پر ۔۔۔ کہ بیچاری اب مستعد ہے سفر پر

---

نادان کہاں طرب کا سرانجام اور عشق ۔۔۔ کچھ بھی تجھے شعور ہے آرام اور عشق

اسباب کائنات سے بس ہو کے بے نوا ۔۔۔ انشا نے انتخاب کیا جام اور عشق

---

وہ جو سردار تھے اگلے زمانہ کے بڑے رستم ۔۔۔ یہ ان کا حال ہے اب عالم بے روزگاری میں

پڑے سونا کھرچتے ہیں کسی لوٹے سے چاقو سے ۔۔۔ کہیں جو رہ گیا ہے پاؤ کوڑی بھر کٹاری میں

جو دلپیسے کی ڈولی پر کہیں جاتے ہیں چڑھ کر تو ۔۔۔ پرانی شال دیتے ہیں کہاروں کو کہاری میں

کفالت رزق کی کس سے کسی کی ہو بھلا انشا ۔۔۔ صفت مخصوص ہے یہ تو فقط اس ذات باری میں

---

آج عاشق کو تیرے شہر میں یہ کہتے ہیں جو لوگ ۔۔۔ دفن اک زلزلہ ہوتا ہے زمیں کی تہ میں

---

شیخ و برہمن دیر و حرم میں ڈھونڈھتے ہو کیا لا حاصل

موند کے آنکھیں دیکھو تو ہے ساری خدائی سینے میں

حضرت دل تو کب کے سدھارے خوب جو ڈھونڈا انشا نے

ایک دھواں سا آہ کا اٹھا خاک نہ پائی سینے میں

---

فائدہ دل سے ؟ تڑپ چھٹ جس سے کچھ حاصل نہ ہو
کاش ساتوں دوزخیں پہلو میں ہوں پر دل نہ ہو

عشق کا دریا وہ دریا ہے کہ عمرِ خضر بھی
صرف گر ہو جائے تو پیدا کبھی ساحل نہ ہو

گرچہ ہم سخت گنہگار ہیں لیکن واللہ — دل میں جو ڈر ہے ہمیں ہے اسی ڈر کا تکیہ

آتا ہے یہی جی میں کہ دستار گرو رکھ — پھر آج ذرا سیرِ خرابات کی ٹھہرے

افشاں کا وہ عالم ہے اس چاند سے مکھڑے پر — جوں وقتِ سحر انشاؔ سورج کی کرن نکلے

غصّہ میں ترے ہم نے بڑا لطف اٹھایا — اب تو عمداً اور بھی تقصیر کریں گے

جھڑکی سہی ادا سہی چینِ جبیں سہی — یہ سب سہی پر ایک نہیں کی نہیں سہی
مرنا مرا جو چاہے تو لگ جا گلے سے ٹک — اب کا ہے دم یہ میرا دمِ واپسیں سہی
آگے بڑھے جو جاتے ہو کیوں کون ہے یہاں — جو بات ہم کو کہنی ہے تم سے نہیں سہی

انشاؔ نشانِ قافلہ کی کچھ خبر نہ پوچھ
بانگِ جرس ہے اور وہی گرد ہے سو ہے

انشاؔ

جلد ۳

# ۱۰۴ - گلزارِ حسن

نے ہوں چمن کا مائل نہ گل کی رنگ و بو کا — رنگِ وفا ہو جس میں بندہ ہوں اُس کی خو کا

خاموش ہی رہا وہ ہرگز حسنؔ نہ بھولا — جس کو مزا پڑا کچھ اس لب کی گفتگو کا

---

حسنؔ بھی آدمی ہے کچھ خفا جس سے ہوئے ہو تم — خراباتی، جنونی، باولا، سودائی، آوارہ

کیسی وفا، کہاں کی محبت، کدھر کی مہر — واقف ہی تو نہیں ہے کہ ہوتا ہے پیار کیا

---

جس جا پہ تم نے باتیں کی تھیں کھڑے ہو اک دن — جب دیکھا وہ جا گہ بے اختیار رونا

غیروں میں جو ہم پہ وہ غضب تھا — کیا جانیے اس کا کیا سبب تھا

تھے محوِ خیال۔ رات اس سے — باتوں کا ہمیں دماغ کب تھا

کیا جانیے حسنؔ تھا یاں کون؟ اس کے آگے — احوال کوئی اپنا رو رو کے کہہ رہا تھا

---

آ کے تب بیٹھتا ہے وہ ہم پاس — آپ میں جب ہمیں نہیں پاتا

زندگی نے وفا نہ کی ورنہ — میں تماشا وفا کا دکھلاتا

میں تو جاتا ہی آپ سے لیکن — تیرے کہنے سے اب نہیں جاتا

سب یہ باتیں ہیں چاہ کی ورنہ
اس قدر تو نہ ہم پہ جھنجھلاتا

نہ رہتی تھیں آہیں نہ تھمتے تھے آنسو — حسن تجھ کو کیا رات غم تھا کسی کا

کیا جانے اس کے جی میں کیا کچھ خیال گزرا — کچھ آپ ہی آپ اپنے دل پر ملال گزرا

جس نے کہ مئے عشق سے اک جام نہ پایا — اس دور میں اس نے تو کبھی نام نہ پایا

ہر ایک بدایت کی نہایت ہے ولیکن — اس عشق کے آغاز کا انجام نہ پایا

مطلب کچھ اور عشق سے تھا۔ کام کچھ ہوا — آغاز اس کا کچھ ہوا انجام کچھ ہوا

بندہ بتوں کا کس کے کہے سے ہوا یہ دل — حق کی طرف سے کیا اُسے الہام کچھ ہوا

پوچھ مت کچھ کمال ہم سے حسن — بے کمالی کمال ہے اپنا

گو بھلے سب ہیں اور میں ہوں بُرا — کیا بھلوں میں بُرا نہیں ہوتا

دل جدا اگر ہوا حسن تو کیا — وہ تو دل سے جدا نہیں ہوتا

بھلی ہے مجلسِ دنیا میں سچ پوچھو تو بے ہوشی

کہ مت والا وہی اس بزم میں ہے جو ہے متوالا

ذرا انصاف سے کہیو تو زاہد دیکھ کر اس کو

بھلا ہوگا کہاں جنت میں یہ آفت کا پرکالا

اظہار خموشی میں سو طرح کی ہے فریاد — ظاہر کا یہ پردا ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا

شاہ ہو وے غلام کا بندہ — کون پوچھے ہے عاشقی میں ذات

آخر تو کہاں کوچہ ترا اور کہاں ہم    کر لیویں یہاں بیٹھ کے ایک آہِ حزیں اور

جلد ۳

بھولے سے تو نے پیار کی اس دن کہی تھی بات
روتا ہوں دل ہی دل میں اسے یاد کر ہنوز

شکر صد شکر کہ عقدے یوں ہی حل ہوتے ہیں
کام پہنچا نہ ہمارا کبھی تدبیر تلک

میں بھی اک معنیِ پیچیدہ عجب تھا کہ حسن
گفتگو میری نہ پہنچی کبھی تقریر تلک

مر گئے دن ہی کو ہم ہجر میں صد شکر حسن
کام پہنچا نہ ہمارا شبِ دیجور تلک

دیکھا جو واں نہ اس کو گماں سو طرف گیا    آئے نہ ہوتے کاش کے ہم کوئے یار تک
پہچان جائے گا کہیں جو تجھ کو دردمند    حسرت سے تو اسے نہ حسن بار بار تک
کچھ جو ٹھہرے تو تجھکو بتلاؤں    اس دلِ زار و بے قرار کا رنگ
ہجر کی شب نہ دیکھی ہو جس نے    آن کر دیکھے زلفِ یار کا رنگ

پایا ہے بے کسی میں عجب میں نے یار دل
میں دل کا غمگسار ہ۔ میرا غمگسار دل

وہ دن گئے کہ گل کی طرح تھا کھلا ہوا

جلد ۳ پہلو میں اب تو کھٹکے ہے مانند خار دل

بس وہی اک نالہ بھر کر چپ رہا سو چپ رہا

اب بھی سنتے ہو کہیں دل کی مرے فریاد تم

پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ بس آج کی شب بھی سو چکے ہم

اس کے جب کوچے میں جاتے ہیں تو ہے واں کی یہ چال

سو بہانے کرتے ہیں تب اک اٹھاتے ہیں قدم

آرزو دل کی برآئی نہ حسن وصل میں اور لذتِ ہجر کو بھی مفت میں کھو بیٹھے ہم

دروازہ گو کھلا ہی اجابت کا اے حسن ہم کس کس آرزو کو خدا سے طلب کریں

غیروں کی بات کیا کہوں اس کی تو یاد میں اپنا بھی مجھ کو دھیان کبھی ہے کبھی نہیں

ہوتی نہیں تسلی دل کو ہمارے جب تک دو چار بار اس کے کوچے سے ہو نہ نکلیں

ہم نہ ہنستے ہیں اور نہ روتے ہیں عمر حیرت میں یوں ہی کھوتے ہیں

وصل ہوتا ہے جن کو دنیا میں یارب ایسے بھی لوگ ہوتے ہیں

جو چاہے آپ کو تو اسے کیا نہ چاہیئے انصاف کر تو چاہیئے یہ یا نہ چاہیئے

کبھی تمہارے بھی دل میں یہ گزرتی ہے کہ ناحق بھلا دل پر حسن کے اتنا کیوں بیداد کرتا ہو

سماں تھا کل عجب جھنے سے تیرے شوخ محفل میں
کہ سو سو آرزوئیں مضطرب پھرتی تھیں ہر دل میں

کہیں جو دل نہ لگا دیں تو پھر اُداس پھریں
وگر لگا دیں تو مشکل کہ بے حواس پھریں

تجھے جس گھڑی اے صنم دیکھتے ہیں
جھمکڑا خدائی کا ہم دیکھتے ہیں

عدم عین ہستی ہوا ہے انہی کو
جو ہستی کو اپنے عدم دیکھتے ہیں

مزا بیہوشیِ الفت کا ہشیاروں سے مت پوچھو
عزیزاں خواب کی لذّت کو بیداروں سے مت پوچھو

ترے ہمنام کو جب کوئی پکارے ہے کہیں
جی دھڑک جاتا ہے میرا کہ کہیں تو ہی نہ ہو

غیر کو تم نہ آنکھ بھر دیکھو
کیا غضب کرتے ہو ادھر دیکھو

دیکھنا زلف و رخ تمھیں ہر وقت
شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو

جس طرح وہ پھرتا ہے مرے دل میں الٰہی
دیکھا کروں آنکھوں سے وہ رفتار ہمیشہ

ہمدم نہ پوچھ مجھ سے غرض اک بلا ہے وہ
جو روبرو ہو اس کے سو جانے کہ کیا ہے وہ

ہجراں تو ہے ہی پر نہیں معلوم کچھ ہمیں
ہم آپ سے جدا ہیں کہ ہم سے جدا ہے وہ

دید وا دید کو غنیمت جان
حاصلِ زندگی یہی تو ہے

بیٹھے ہیں جب تلک تب ہی تک دور ہے عدم
چلنے کو جب ہوئے۔ تو پھر اک دم کی جست ہے

جب وہ آوے تو اس سے کہیو حسن
مر گئے انتظار سے اب کے

جلد ۳

یار گر اپنے پاس ہو جاوے
زندگی کی پھر آس ہو جاوے

ترے ناقہ کے ہمرہ سہل ہے منزل کو طے کرنا
جو یہ صورت نہ ہو تو ایک بھی فرسنگ مشکل ہے

غیر سے شکر و شکایت کچھ نہیں دل کی کہ ہے
شاد تیرے ہاتھ سے ناشاد تیرے ہاتھ سے

واں ٹک کسی نے ہنس کے کہیں اس سے بات کی
یاں جی لگا نکلنے کہ یہ بات کیا ہوئی

غیرت تو لے چلی تھی گلی سے تری ہمیں
پر دل کے کہنے سننے سے کچھ پھر سنبھل گئے

اس شخص کی ہو زیست فقط نام سے تیرے
اس شخص کا کیا حال ہو پیغام سے تیرے

چشم تر رات مجھکو یاد آئی
اپنی اوقات مجھکو یاد آئی

نالۂ دل یہ آہ کی میں نے
بات پر بات مجھکو یاد آئی

دیکھ روتے حسن کو شدت سے
پھر کی برسات مجھکو یاد آئی

جلد ۳

تجھے ہوش اپنا نہیں بے خبر مرے حال سے کب تو آگاہ ہے
بس ہے اتنا ہی تیرا پیار مجھے "او حسن" کہہ کے تو پکار مجھے
لئے جاتی ہے ہوش سے ہردم تیری یہ چشم پُر خمار مجھے
جی تو ایسا ہی خفا تھا کہ نہ سے ملئے گا کبھو پر ترے ہنس کے پلٹ جانے میں ناچار ملے
اب جیسے اک حسن سے ہنسنے تھے تو ہنس لئے
پر اس طرح ہر ایک سے ٹھٹّا نہ چاہئے
کیا ہنسے اب کوئی اور کیا روسکے دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہوسکے
دریا میں ڈوب جائے کہ یا چاہ میں پڑے
اے عشق پر نہ کوئی تری راہ میں پڑے

حسن

تمت

# جذباتِ فطرت

## جلد سوم

# ضمیمہ

## شعرا اور ان کا کلام

**استدعا:** - ذیل میں شعرا کے متعلق جو جو حالات دریافت طلب ہیں اگر کوئی صاحب اُن سے مطلع فرمائیں گے تو باعث شکر گزاری ہوگا۔

**۱- آبرو:**

| | صفحہ |
|---|---|
| (۵۳) شکر رنجی ... ... ... ... | ۵۵ |

ضمیمہ جلد۳ — صفحہ

## (۲) آتش: خواجہ حیدر علی صاحب مرحوم

ولادت سنہ ۱۷۶۷ء وطن لکھنؤ وفات سنہ ۱۸۴۷ء مدفن لکھنؤ



## (۳) اسیر: نواب سیّد مظفر علی خاں بہادر

وطن امیٹھی ضلع لکھنؤ وفات سنہ ۱۲۹۹ھ



## (۴) امانت:



## (۵) انشا: انشاء اللہ خاں صاحب مرحوم

وطن دلی وفات سنہ ۱۲۳۳ھ مدفن لکھنؤ



## (۶) انیس: میر ببر علی صاحب مرحوم

ولادت سنہ ۱۲۱۶ھ وطن فیض آباد وفات سنہ ۱۲۹۱ھ مدفن لکھنؤ

ضمیمہ جلد ۳ صفحہ

## (۹) دبیر: مرزا سلامت علی صاحب مرحوم

ولادت سنہ ۱۲۲۱ھ وطن دلّی وفات سنہ ۱۲۹۲ھ مدفن لکھنؤ



## (۱۰) درد: خواجہ محمد میر صاحب مرحوم

ولادت سنہ ۱۱۳۱ھ وطن دلّی وفات سنہ ۱۱۹۹ھ مدفن دلّی



## (۱۱) راسخ: شیخ غلام علی صاحب مرحوم

وطن عظیم آباد وفات سنہ ۱۲۴۰ھ مدفن عظیم آباد

**(۱۲) رند : نواب سید محمد خاں صاحب مرحوم**

ولادت ۱۲۱۲ھ وطن فیض آباد وفات ۱۸۵۵ء



**(۱۳) شہیدی : منشی کرامت علی خاں صاحب مرحوم**

وطن ضلع اناؤ وفات ۱۲۵۳ھ



**(۱۴) صابر :**

ضمیمہ جلد ۳ صفحہ

(۱۵) صنم :



(۱۶) قائم : قیام الدین صاحب مرحوم
وطن چاندپور ضلع بجنور - وفات ۱۷۹۴ء



(۱۷) قدرت : قدرت اللہ صاحب مرحوم
وطن دلّی - وفات ۱۲۰۵ھ



(۱۸) مرزا شوق : حکیم تصدق حسین صاحب مرحوم عرف نواب مرزا
وطن لکھنؤ - وفات ۱۸۷۱ء

صفحہ ضمیمہ جلد ۳

ضمیمہ جلد ۳ صفحہ

(۲۱) ممنون : میر نظام الدین صاحب مرحوم

وطن دلّی ۔ وفات ۱۸۴۴ء



(۲۲) مومن : حکیم مومن خاں صاحب مرحوم

ولادت ۱۲۳۱ھ ۔ وطن دلّی ۔ وفات ۱۲۶۵ھ ۔ مدفن دلّی



(۲۳) مونس : میر نواب صاحب مرحوم

وطن فیض آباد

صفحہ ضمیمہ جلد ۳

## (۲۴) مہر: مرزا حاتم علی صاحب مرحوم



## (۲۵) میرحسن: میر غلام حسن صاحب مرحوم

وطن دلّی۔ وفات ۱۷۸۹ء مدفن لکھنؤ

ضمیمہ جلد۳ صفحہ

## ۲۶ - ناسخ : شیخ امام بخش صاحب مرحوم



## (۲۷) نسیم : پنڈت دیاشنکر صاحب آنجہانی

وطن لکھنؤ - وفات ۱۸۶۰ء



## (۲۸) نصیر: شاہ نصیر صاحب مرحوم

وطن دلی



## (۲۹) نظیر: شیخ ولی محمد صاحب مرحوم

وطن اکبرآباد - وفات ۱۸۳۰ء - مدفن اکبرآباد

ضمیمہ جلد۳

# اعلان

## الیاس برنی کے تالیفات و تراجم

---

## (۱) سلسلۂ دعوت صدق

(۱) **اسرار حق** آیات قرآنیہ - احادیث نبویہ ارشادات صدیقین واکابرین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ان سب کا نہایت جامع اور مربوط انتخاب اور اُن کے مقابل یورپ کے جدید سائنس اور فلسفہ کی انتہائی تحقیقات کا لبّ لباب خود بخود اسلام کی صداقت اظہر من الشمس ہو جاتی ہے۔

جدید سائنس و فلسفہ کا اقرارِ نارسائی اور احساس ایمان بالغیب۔ اسلام میں علم باطن - توحید اور اس کے مقامات احدیت کی رفعت اور عبدیت کی نزاکت نبوت اور ولایت کے مراتب کشف وکرامات کی ماہیت اور دیگر معارف متعلقہ، ایک نظر میں اسلام کی روحانی تعلیم کا عجیب نظام دل نشین ہو جاتا ہے اور کچھ اندازہ ہوتا ہے کہ اَلَّذِیْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ

لَهُم مَا يَشَاءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ (۲۴) جن علوم کو اللہ جل شانہ صدق اور جن عالموں کو صادقین و صدیقین سے تعبیر فرماتا ہے اور جو اسلامی ادب میں بالعموم تصوّف اور صوفی کہلاتے ہیں ان کی تحقیق اور تصدیق میں بعض لحاظ سے یہ اپنے طرز کی پہلی کتاب ہے جو قابل دید ہے۔ حجم تقریباً ۔ صفحہ مجلد قیمت صرف مبلغ ۔

پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا۔ دوسرا ایڈیشن بعد نظر ثانی و اضافہ مضامین عنقریب طبع ہو کر شایع ہوگا (انشا اللہ)

(۲) **تسہیل الترتیل** - قرأت کی ضرورت اور اہمیت، اس کے اصول و طریق، اس کے نکات و اشارات خاص ترتیب سے نہایت سلیس اور عام فہم پیرایہ میں بیان کئے ہیں۔ ہر محل پر قرآنی کلمات و آیات مع حوالجات بطور مثال کافی درج ہیں۔ نتیجہ یہ کہ قرآن کریم کے اکثر نازک اور دقیق مقامات بخوبی ذہن نشین ہو جاتے ہیں اور پڑھنے میں غلطی کا احتمال باقی نہیں رہتا۔ اصول قرأت سے واقف ہونے کے بعد تلاوت میں کچھ اور ہی لطف آتا ہے اور امر حق کا راز کھلتا ہے۔ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ؕ

یوں تو ماشاء اللہ فن قرأت میں متعدد اردو رسالے موجود ہیں لیکن اپنی ترتیب اور تفہیم کے لحاظ سے یہ رسالہ بھی قابل دید ہے حافظوں کو، پیش اماموں کو، عربی کے طلبا کو عام قرآن خوانوں کو اس کا مطالعہ بہت مفید ہوگا إن شاء الله وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ ؕ

(زیر طبع) قیمت فی نسخہ ۸ /

(۳) **مشکوٰۃ الصلوات** ۔ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (۳۳) حضور انور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں علمائے عظام اور اولیائے کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے جو صلوٰۃ وسلام عرض کئے ہیں وہ اسلامی معارف اور عربی ادب کا بہترین سرمایہ ہیں گویا وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ کی الہامی تفاسیر ہیں وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ کی معنوی تصاویر ہیں ۔ اُن کے مطالعہ سے حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی عظمت اور محبت دل میں پیدا ہوتی ہے ۔ ان کے ورد سے ماشاء اللہ نسبت محمدی کا فیضان جاری ہوتا ہے اور دین کی نعمتوں کا دروازہ کھلتا ہے ۔

یہ بے بہا ذخیرہ بعض قدیم مجموعات مثلاً دلائل الخیرات وغیرہ میں فراہم کیا گیا ہے اس کا بہت سا حصہ متفرق رہ گیا ۔ بفضل الٰہی ایک جدید مجموعہ تیار ہوا ہے جس میں اکابرِ دین کے اکثر درود شریف بڑی تجسس و تحقیق سے بہ ترتیب خاص جمع کئے ہیں غالباً اب تک صلوٰۃ وسلام کا کوئی مجموعہ اس قدر وسیع شائع نہیں ہوا ۔ فدائیانِ رسول کے لئے بڑی نعمت ہے ۔ کتابت کشادہ طباعت پاکیزہ ۔ کاغذ رنگیں ۔ تقطیع حمائلی ، ہر صورت قابلِ دید قیمت صرف آٹھ آنہ ۸/

(۴) **ہدایت الاسلام** ۔ تمدن حاضرہ کی بدولت جوں جوں معاشی اور سیاسی مصروفیت بڑھ رہی ہے ۔ دین کی ضروری معلومات حاصل کرنے کا موقع بھی بمشکل نصیب ہوتا ہے چنانچہ یہ واقعہ ہے کہ عام طور پر جدید تعلیم یافتہ حضرات شعائر اسلام سے اس درجہ ناواقف

ہیں کہ کسی عبادت یا مذہبی تقریب میں کبھی شرکت کا موقع آتا ہے تو ظاہری تقلید بھی اُن کے واسطے دشوار ہو جاتی ہے۔ لامحالہ دل میں ندامت ہوتی ہے جگ ہنسائی ہوتی ہے۔

اسی تعلیم یافتہ طبقہ کی خاطر ایک مختصر اور مستند مجموعہ ترتیب دیا ہے اس میں اسلامی عبادات اور تقریبات کے تمام ضروریات ادعیہ وغیرہ جن سے روز مرہ سابقہ پڑتا ہے یا پڑ سکتا ہے۔ بترتیب خاص جمع ہیں۔ عربی متن کے ساتھ اردو ترجمہ بھی درج ہے ان کے مطالعہ کے بعد اسلامی عبادات اور اسلامی اخلاق و آداب سے بخوبی واقفیت ہو جاتی ہے۔ کسی موقع پر حیرانی و پریشانی کا احتمال باقی نہیں رہتا۔ جدید تعلیم یافتہ مسلمانوں کو اس مجموعہ کی بالخصوص ضرورت ہے۔ چھوٹی تقطیع طباعت پاکیزہ (زیر طبع)

(۵) **فتوح الحکم** ۔ یہ ایک جدید تالیف ہے۔ قطب ربانی غوث الصمدانی محبوب سبحانی حضرت غوث الاعظم سید عبد القادر محی الدین جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشادات فتوح الغیب میں اور خطبات فتح الربانی میں مرتب اور محفوظ ہیں لیکن ان کے علاوہ بھی حضرت کے ارشادات و خطبات کا بہت سا بے بہا ذخیرہ کئی معتبر کتب میں موجود ہے بفضلہ بعض قدیم قلمی نسخوں کا بھی پتہ لگا ہے جو اب تک طباعت و اشاعت سے مستغنی رہے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز یہ تمام نعمائے دینیہ خاص اہتمام سے مومنین کے واسطے عنقریب مہیا ہو جائیں گی۔ تالیف مکمل ہو چکی طباعت در پیش ہے۔ فالحمد للہ

(۶) **فتوحات قادریہ** ۔ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے تمام اذکار و اوراد ادعیہ و وظائف خاص تحقیق سے فراہم کئے ہیں۔ سلوک قادریہ کا اصلی مرقع ہے

طالبین کے واسطے بڑی نعمت ہے۔ یہ مجموعہ خاص اہتمام سے طبع ہو کر جلد شائع ہوگا انشاءاللہ

(۷) **سلطان مبین**۔ شیخ محی الدین سید عبدالقادر جیلانی غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی حیات بابرکات خاص تحقیق کے ساتھ اس انداز سے مرتب ہوئی ہے کہ ظاہری اور باطنی سراپا پیش نظر ہو کر زبان اور دل بے ساختہ پکار اُٹھتے ہیں ؎

زفرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم　　کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجاست

زیر طبع قیمت صرف ۸ر

(۸) **مکاتیب المعارف**۔ مرشدی و مولائی حضرت الحاج مولانا شاہ محمد حسین صاحب قبلہ چشتی القادری مدظلہ العالی کے مکتوبات شریف کا مجموعہ حقائق قرآنی اور تعلیم ربانی کا عجیب مرقع پیش نظر ہو جاتا ہے۔ ایمان و اعتصام کی عظمت دل میں بیٹھتی ہے اہل ایمان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ عجیب فیوض و برکات ہیں ماشاءاللہ ترتیب ہو رہی ہے۔ عنقریب اشاعت ہوگی انشاءاللہ حجم تخمیناً ۵۰۰ صفحے۔

(۹) **صراط الحمید یعنی سفرنامہ مقامات مقدسہ**۔ عراق، شام، فلسطین و حجاز ان چاروں اسلامی ممالک کے گوناگوں چشم دید حالات، نہایت دلچسپ و مفید معلومات سیر و سفر کی مفصل ہدایات، راہ و منازل کے مکمل نقشہ جات، غرض کہ سیاحت کے تمام ضروریات بالتفصیل مذکور ہیں۔

اکثر مقدس مقامات مثلاً بغداد شریف، کربلائے معلیٰ، نجف اشرف، کاظمین شریفین۔ سامرہ شریف، دمشق، بیت المقدس، بیت اللحم، خلیل الرحمٰن ان کے متبرک

زیارات و روایات، اولیاء کرام کی علمی فتوحات و تصنیفات سب کچھ بالتفصیل موجود ہے۔ سب سے بڑھ کر مدینۂ منورہ اور مکۂ معظمہ کے تفصیلی مشاہدات اسلامی احساسات بارگاہِ قدس کے انوار و برکات، فیوض و انعامات، بیت اللہ شریف کی دینی تحقیقات، فریضۂ حج کے تمام تفصیلات یعنی احکام و مسائل طور و طریق، ادعیہ و صلوات بترتیب و تفہیم خاص کہ پھر کچھ دریافت کرنے کی ضرورت نہ رہے اور حج تمام و کمال بحسن و خوبی ادا ہو جائے بحول اللہ تعالیٰ۔

سفرنامہ میں جا بجا قرآنی معارف اور ایمانی نکات، وہبی واردات، روابط قلبی کے نازک اشارات، عبارت کی لطافت گویا آبحیات کو پڑھ کر ایمان تازہ ہوتا ہے دل کو عقیدت و محبت کا مزا ملتا ہے۔ مزید برآں خاص خاص زیارات کی ایک درجن قابلِ دید عکسی تصویرات کہ شنیدہ میں دید کا لطف آ جائے گویا آنکھوں میں نقشہ پھر جائے

ضمنی طور پر بمبئی کراچی، بصرہ، حلب، حمص، حما، بیروت، حیفہ، قنطرہ، سویز ینبوع، جدّہ اور کامران ان مقامات کا بھی ضروری حال درج ہے اور مسافروں کو جہاں جو صورتیں پیش آتی ہیں وہ بھی واضح کر دی ہیں کہ وقت پر حیرانی و پریشانی نہ ہو، ناواقفیت سے کچھ زیرباری نہ ہو۔

خلاصہ یہ کہ عامۃ المومنین اور بالخصوص حجاج و زائرین کے واسطے یہ سفرنامہ واقعی بڑی نعمت ہے گھر بیٹھے زیارت کا لطف آتا ہے۔ سفر میں نہایت ہمدرد رفیق اور واقف کار معلم کا کام دیتا ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے پھر کسی کی محتاجی نہیں رہتی ان

خوبیوں کی بدولت ہاتھوں ہاتھ جا رہا ہے۔ طباعت پاکیزہ حجم ۲۵۰ صفحہ قیمت دو روپیہ

(۱۰) **تحفۂ محمدی**۔ اس میں عربی صلوٰۃ وسلام اور فارسی اردو نعتوں کا عجیب پراثر انتخاب درج ہے کہ "جو روح کو گرما دے اور قلب کو تڑپا دے" قابل دید مجموعہ ہے مرد، عورت، بڑے چھوٹے خاص و عام مسلمانوں کے واسطے حب محمدی کا بہترین سرمایہ ہے میلاد مبارک کا بہترین تحفہ ہے۔ ایمانی لذات اور روحانی تفریح کا بہترین توشہ ہے۔ ہاتھوں ہاتھ جا رہا ہے۔ بفضلہ اس سلسلہ کی چار جلدیں طبع ہو گئی ہیں۔ تقطیع چھوٹی کاغذ رنگین۔ طباعت پاکیزہ ہر طرح دیدہ زیب۔

یہ سلسلہ مسلمان لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے ہدیہ ہے وہ چاہیں تو ہر جلد کا ایک ایک نسخہ اپنے اپنے واسطے دست بدست یا فی نسخہ ½ آنہ محصول ڈاک بھیجکر بلا قیمت مؤلف سے حاصل کر سکتے ہیں۔ عام مسلمان ۲ر فی جلد کے حساب سے خرید سکتے ہیں۔ فدائیان رسولؐ اس کار خیر میں شریک ہونا چاہیں تو دس روپیہ فی صد کے حساب سے کم از کم سو نسخے بذریعہ وی پی منگالیں۔ اگر یکمشت سو روپیہ عنایت فرمائیں تو ایک ہزار نسخے جو ارسال خدمت ہوں گے ان میں ان کا اسم گرامی بھی بحیثیت معطی طبع کرا کر درج کر دیا جائے گا۔ یہ نسخے اپنے کنبے برادری، محلے، مدرسے میں فی سبیل اللہ بچوں کو ہدیۃً تقسیم کر دیں۔ اس طرح اس سلسلہ کی اشاعت تمام ہندوستان میں بآسانی ممکن ہے۔ خادمانِ اسلام حب محمدی کا تخم دلوں میں بو دیں اور لطف الٰہی کا کرشمہ دیکھیں وَاللہُ لَا یُضِیعُ اَجرَ المُحسِنِین۔

# (۲) سلسلۂ منتخبات نظم اُردو

مروّجہ غزلیات کی کثرت سے عمومًا یہ خیال پھیل گیا ہے کہ اُردو شاعری کی ساری کائنات محض حسن وعشق اور گل وبلبل کی پارینہ داستان ہے مگر تحقیق سے ثابت ہوا کہ اُردو میں بھی ہر رنگ کی بہتر سے بہتر نظمیں موجود ہیں! البتہ وہ اب تک منتشر اور غیر معروف تھیں۔ چنانچہ موجودہ انتخاب سے اس کی پوری تصدیق ہوتی ہے! اُردو کے تقریبًا دو سو قدیم وجدید نامور شعرا کا بہترین کلام نہایت عجیب وغریب ترتیب کے ساتھ بارہ مستقل جلدوں میں پیش کیا گیا ہے جس کو دیکھ کر اُردو شاعری کی وسعت ورفعت پر حیرت اور مسرت ہوتی ہے۔ دوسری زبانوں میں اس سلسلہ کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ ادب اُردو کا عجیب دل فریب اور نادر تحفہ ہے جس کی بڑے بڑے ادیب اور نقاد سخن داد بلکہ مبارکباد دے رہے ہیں! اردو خواں حلقوں میں اس سلسلے کی خاص دھوم مچ گئی ہے اور اس کی مقبولیت روز افزوں ہے۔ الحمد للہ

یہ سلسلہ یوں تو سنہ ۱۹۱۹ء سے بتدریج شایع ہو کر آٹھویں جلد تک پہنچا تھا لیکن سنہ ۱۹۲۴ء میں اس کی بارہ جلدیں اضافۂ مضامین اور جدید ترتیب کے ساتھ ازسرنو شائع کی گئیں اور یہ اُن کی مستقل شکل قرار پائی تفصیل ملاحظہ ہو۔

## پہلا سٹ

### معارف ملّت :-

جلد اوّل متعلق دینیات یعنی حمد، نعت، مناجات اور معرفت کی

نظمیں جن میں دین و ایمان کی خوشبو مہکتی ہے۔ صاحب دلوں اور
عاشقان رسول کے واسطے بڑی نعمت ہے۔

جلد دوم۔ متعلق اسلامیات یعنی اسلام اور مسلمانوں کے ماضی، حال،
اور مستقبل کی تفسیریں اور تصویریں جو قلب کو گرماتی اور روح کو تڑپاتی ہیں
خاص کر واقعۂ کربلا کے اکیاون جگر دوز نشتر لذت شہادت تازہ کر دیتے ہیں
اسلامی مدارس کے واسطے بہت موزوں ہے۔

جلد سوم۔ متعلق قومیات یعنی ہندوستان کی متحدہ قومیت کے متعلق
دردمند اور وطن پرست شاعروں کا دل پذیر کلام جو عبرت سکھاتا اور غیرت
دلاتا ہے۔ اس جلد میں چند قدیم شہر آشوب بھی قابل دید ہیں۔ قومی مدارس کے
واسطے بہت موزوں ہیں۔

جلد چہارم۔ متعلق اخلاقیات یعنی اردو شاعری میں اخلاق و حکمت کے جو
انمول موتی جواہر بکھرے پڑے تھے اور جو بہترین قومی سرمایہ ہیں۔ فراہم کر دئے
گئے ہیں۔ یہ جلد لڑکوں اور نوجوانوں کے واسطے قابل قدر تحفہ ہے۔ تمام
مدارس کے لئے یکساں مفید ہے۔

## دوسرا سٹ

### جذبات فطرت

جلد اوّل۔ اردو شاعری کے قافلہ سالار یعنی میر تقی میر اور میرزا

رفیع سودا کے کلام کا مربوط اور جامع انتخاب، یہ کتاب کالج کی اعلیٰ جماعتوں میں درس کے قابل ہے۔

**جلد دوم** ۔ اردو کے سرمایۂ ناز شاعر مرزا غالب اور اُن کے خاص ہم عصر یا خاص ہم رنگ شعرا ذوق، ظفر اور حسرت موہانی کے کلام کا انتخاب، یہ کتاب بھی اعلیٰ جماعتوں کے درس کے قابل ہے۔

**جلد سوم** ۔ تقریباً تیس مستند اور باکمال شعرا کے کلام کا انتخاب جو اپنی قدامت اور جامعیت کے لحاظ سے قابل دید ہے۔

**جلد چہارم** ۔ تقریباً ساٹھ جدید مشہور و مقبول شعرا کے کلام کا دل کش انتخاب شاعری کے جدید دور کا اس سے خوب اندازہ ہو سکتا ہے۔

# تیسرا سٹ

## مناظرِ قدرت

**جلد اوّل** ۔ متعلق اوقات یعنی صبح، شام، دن، رات، دھوپ، چاندنی، موسم گرما، سرما، برسات اور بہار کے دل کش مناظر نظموں میں اس خوبی سے عکس فگن ہیں کہ ان کو دیکھ کر طبیعت وجد کرنے لگتی ہے

نیچر پرستوں کے لئے یہ جلد قدرت کی دل فریبیوں کا بہترین مرقع ہے۔

**جلد دوم** ۔متعلق مقامات یعنی آسمان، زمین، پہاڑ، جنگل، میدان دریا، کھیت، باغات، شہر اور عمارات ۔شاعروں نے ان سب کی ایسی صاف ستھری تصویریں کھینچی ہیں کہ نظمیں پڑھتے وقت گویا ہم آنکھوں سے اُن کی سیر کر رہے ہیں۔

**جلد سوم** ۔متعلق نباتات و حیوانات یعنی پھل پھول کیڑے پتنگے تتلیاں چڑیاں، پرندے، چرندے، چوپائے اور متفرق جانور وغیرہ ان سب کے حالات پڑھنے سے اندازہ ہو سکے گا کہ اُردو شاعروں نے اشیاءِ قدرت کا کس حد تک مطالعہ کیا ہے اور مشاہدات میں کہاں تک جان ڈالی ہے۔

**جلد چہارم** متعلق عمرانیات یعنی ہندوستان کے تمدن، رسم و رواج عید تیوہار۔ غمی، شادی، میلے ٹھیلے، صحبتیں، جلسے، کھیل تماشے، وضع لباس، صورت شکل، ہنسی مذاق ۔بزم اور رزم سب طرح کے حالات پیش نظر ہو کر دل کو بے چین کر دیتے ہیں۔ مناظر قدرت کی چاروں جلدیں زنانہ مدارس کے واسطے خاص کر بہت موزوں ہیں۔

غرض کہ شعر و سخن کا عجیب دل کش انتخاب ہے۔ شریف اور مہذب گھرانوں میں، لڑکوں۔ لڑکیوں، مردوں، بیبیوں اور بڑے بوڑھوں کی خوش وقتی اور تفریح طبع کے لئے اس کے مطالعہ سے بہتر کوئی مشغلہ ملنا مشکل ہے شاید ہی کوئی علم دوست گھر اس سلسلے سے محروم رہنا گوارا کر سکے۔ کُل بارہ جلدیں۔ خوش خط۔ خوش قطع، خوش نما مجلد قیمت فی جلد صرف ایک روپیہ (عہ)

**جواہر سخن** - فارسی شاعری کا بہترین کلام ایک جدید اصول پر زیر ترتیب ہے۔ انشا اللہ بہت دل کش اور دل پذیر ہوگا۔ عن قریب شائع ہوگا۔

# (۳) سلسلۂ معاشیات

(۱) **علم المعیشت** - جدید مغربی علم اکنامکس پر اردو میں یہ سب سے پہلی نہایت مستند اور جامع کتاب ہے۔ مشکل سے مشکل معاشی اصول و مسائل کو ایسے سلیس اور دلچسپ پیرایہ میں بیان کیا ہے کہ کتاب کے مطالعہ سے نہ صرف نئے نئے مضامین بخوبی ذہن نشین ہوتے ہیں بلکہ خاصی دماغی تفریح حاصل

ہوتی ہے۔ خوبیٔ مضامین کی بدولت ہندوستان کے ہر حصے میں یہ کتاب ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ لطف یہ کہ ہندوستانی یونیورسٹیوں میں اکنامکس کے متعلم بیسیوں ضخیم انگریزی کتابوں کے ہوتے ہوئے اس کو بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال جو خود بھی معاشیات کے عالم ہیں تحریر فرماتے ہیں:۔

"آپ کی کتاب علم المعیشت اُردو زبان پر ایک احسان عظیم ہے اور مجھے یہ کہنے میں ذرا بھی تامل نہیں ہے کہ اکنامکس پر اُردو میں یہ سب سے پہلی کتاب ہے اور ہر لحاظ سے مکمل" بسلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد (دکن) تیسرا ایڈیشن بنظر ثانی حال میں شائع ہوا ہے۔ حجم تقریباً ۸۰۰ صفحے قیمت پانچ روپیہ۔

(۲) **اصولِ معاشیات**۔ پہلی کتاب علم المعیشت عام و خاص قارئین کے واسطے نہایت سہل اور سلیس پیرایہ میں لکھی گئی لیکن خاص طلبہ کے واسطے کسی قدر دقیق اور دشوار مباحث کی ضرورت تھی۔ چنانچہ مضامین میں کافی ردّ و بدل اور تخفیف و اضافہ کرکے یہ جداگانہ نصابی کتاب تیار کی گئی۔ دارالترجمہ سرکارِ عالی حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی۔ خوش نما جلد تقطیع کلاں حجم ۵۰۰ صفحے

قیمت آٹھ روپیہ پانچ آنے (۸/۵ عہ)

(۳) **معیشت الہند**۔ ہندوستان کے گوناگوں معاشی حالات جن کا جاننا ملک کی اصلاح و ترقی کے واسطے فی زمانا ازحد ضروری ہے۔ کافی تحقیق اور تنقید کے بعد بہت سلیس اور دلچسپ طرز پر علمی پیرایہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ علم المعیشت اور اصول معاشیات میں جو نظری مسائل بیان ہوئے ہیں اس کتاب کے ذریعہ سے ان کا ہندوستان میں عمل درآمد دکھایا گیا ہے۔ خاص کر زر (کرنسی) بنک اور تجارت خارجہ جیسے اہم مباحث قابل دید ہیں یہ بھی بلا مبالغہ اُردو زبان میں اپنی قسم کی پہلی جامع اور مستند کتاب ہے۔ مدّت سے شائقین کو انتظار تھا الحمدللہ کہ دارالترجمہ سرکار عالی حیدرآباد دکن سے شائع ہو گئی۔ یہ تقطیع کلاں حجم تقریبًا ۸۵۰ صفحے قیمت عہ/

(۴) **مالیات** ۔ پبلک فنانس پر اردو میں سب سے پہلی جامع اور مستند کتاب ہے۔ مہذب اور ترقی یافتہ سلطنتوں میں آمدنی کے کیا کیا ذرائع اور خرچ کی کیا کیا مدیں ہیں اور محاصل اور مخارج کا انتظام کس نہج پر قائم ہے سلطنتوں کی مالی ترقی اور مرفہ الحالی کے کیا اسباب ہیں اور ان کا کیوں کر عمل درآمد ہوتا ہے یہ تمام دقیق اور اہم مباحث نہایت سلیس اور دلچسپ طرز پر علمی پیرایہ میں بیان کئے

ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ہندوستان کے مالی نظام کو بالتفصیل بطور مثال پیش کیا ہے اس کی تنقیح اور تنقید کی ہے۔ ہندوستان کے قومی رہبروں اور رئیسوں کو اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید بلکہ ازحد ضروری ہے زیر تالیف ہے۔

(۵) **مقدمۃ المعاشیات** ۔ مورلینڈ صاحب کی انگریزی کتاب "انٹروڈکشن اکنامکس" کا سلیس اور بامحاورہ اردو ترجمہ جس میں معاشیات کے ابتدائی اصول و مسائل بیان کئے ہیں۔ تقطیع کلاں حجم تقریباً ۳۰۰ صفحے مجلد دارالترجمہ سرکار عالی حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی ہے۔ قیمت للعہ

(۶) **معاشیات ہند** ۔ مسٹر پرتھ ناتھ بنرجی کی انگریزی کتاب "انڈین اکنامکس" کا سلیس اور بامحاورہ اردو ترجمہ جس میں مختصر طور پر ہندوستان کے معاشی حالات بیان کئے گئے ہیں۔ تقطیع کلاں حجم تقریباً ۳۰۰ صفحے مجلد دارالترجمہ سرکار عالی حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی ہے۔ قیمت صہ

(۷) **برطانوی حکومت ہند** ۔ انڈرسن صاحب کی انگریزی کتاب "برٹش اڈمنسٹریشن ان انڈیا" کا سلیس اور بامحاورہ اردو ترجمہ جس میں مختصر طور پر حکومت ہند کا نظام اور طریق عمل بیان کیا گیا ہے۔ تقطیع کلاں حجم تقریباً ۲۰۰ صفحے مجلد دارالترجمہ سرکار عالی حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی ہے قیمت ۵ عہ

# اطلاع

سلسلۂ دعوت صدق اور سلسلۂ منتخبات نظم اردو کی کتابوں پر تاجرا کمیشن ۲۵ فی صدی مقرر ہے بشرطیکہ فرمائش سو روپیہ سے کم کی نہ ہو۔ محصول و مصارف پارسل ہر صورت بذمہ خریدار ہونگے۔

## کتابیں ملنے کے صدر مقام:-

(۱) حاجی محمد مقتدیٰ خاں صاحب شروانی، علی گڑھ

(۲) شیخ مبارک علی صاحب تاجر کتب لُہاری دروازہ۔ لاہور

(۳) مکتبۂ جامعہ ملیہ اسلامیہ قرول باغ دہلی۔

(۴) مکتبہ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ حیدرآباد (دکن)

and Gardens, Cities and famous Buildings.

*Volume III.* ... Collection of poems describing the objects of Nature, such as Fruits and Flowers, Worms and Insects, Bees and Butterflies, favourite Birds and Quadrupeds.

*Volume IV.* ... Collection of poems describing the various important and interesting phases of Indian life, such as popular Customs and Ceremonies, Functions and Festivals, Games and Sports, Fashions and Etiquettes, and various shades of Domestic life. Also the ancient mode of Warfare.

It will be seen that the Series, in its variety and scope, is really a panorama of Indian life and culture, depicting genuine feelings and emotions, discussing communal problems, as well as social and moral notions, describing every day life and its relation to the objects and events of Nature. This will enable the reader to survey the extent and gauge the depth of Urdu Poetry.

MOHAMED ELIAS BURNY

OSMANIA UNIVERSITY,

*December, 1924.* HYDERABAD (DECCAN).

## Set II.

JAZBAT-E-FITRAT (Natural Feelings and Emotions).

*Volume I.* ... Selections from the works of the two old and premier poets Mir and Sauda.

*Volume II.* ... Selections from the works of the eminent poet, Mirza Ghalib, his noteworthy contemporaries, Zauq and Zafar and his true follower Hasrat Mauhani.

*Volume III.* ... Selections from the works of some thirty old notable poets.

*Volume IV.* ... Selections from the works of some sixty modern popular poets.

## Set III.

MANAZIR-E-QUDRAT (The Scenes and Sights of Nature).

*Volume I.* ... Collection of poems reflecting the various manifestations of Time, such as Dawn, Sunrise, Sunshine, Sunset, Night, Moonlight, Rainy-season, Winter, Summer and Spring.

*Volume II.* ... Collection of poems reflecting the scenes and sights of Space, such as Earth and Sky, Plans and Mountains, Rivers and Forests, Fields

edition of these Volumes has been published in their final cast in 1924, and it is possible that some additional Volumes may still follow in the future.

The Series is divided into three Sets, and covers twelve volumes as follows :—

## Set I

MAARIF-E-MILLAT (Problems of Community)

*Volume I.* ... Collection of poems in praise of God and the Prophet and others imbued with the spirit of religious devotion : A Prayer Book.

*Volume II.* ... Collection of poems depicting the past, present and future of Islam and the Musalmans. The tragedy of Karbala, as told here, is extremely impressive.

*Volume III* ... Collection of poems dealing with the various phases and prospects of Nationalism in India.

*Volume IV* ... Collection of peoms dealing with the various problems of Ethics and Morals.

## SELECTED URDU POEMS SERIES.

This is, perhaps, the first attempt in Urdu alone, to edit a comprehensive anthology on the advanced system of the comparative study of cognate poems. The Collection already includes more than twelve hundred poems selected from the works of nearly two hundred poets—old and new—bearing upon a large variety of important and interesting subjects and arranged according to the affinity of their subject-matter. The Series thus offers, in a convenient form, what may be called the cream of Urdu Poetry, while by the special arrangement of the pieces selected it provides ample scope for the growth and development of critical instinct which is the soul of higher literary education. It is hoped that the Series will satisfy *not only* the long felt want of a popular anthology for the Urdu reading public, but will also meet the demand for systematic Urdu Poetry-books in Schools and Colleges all over the country.

The Series was started in 1919 when the first three Volumes of the *Ma'arif*, *Manazir*, and Jazbat were published, and received such an active support, far and near, that it rapidly extended to no less than twelve Volumes within the next four years. A Revised and Enlarged

## PROFESSOR ELIAS BURNY'S
## OTHER URDU WORKS.

---

1. **Ilmul-Maeeshat**—On Principles of Economics—over 800 pp. (Popular edition).

2. **Usul-e-Maashiyat**—On Principles of Economics—600 pp. (Student editon).

3. **Maeeshat-ul-Hind**—On Indian Economics—about 800 pp.

4. **Malyat**—On Public Finance—about 500 pp. (under preparation).

5. **Mukaddamat-ul-Maashiyat**—Translation of Moreland's Introduction to Economics.

6. **Hindustan-i-Maashiyat**—Translation of Banerjee's Indian Economics.

7. **Bartanvi Hukoomat-i-Hind**—Translation of Anderson's British Administration in India.

8. **Asrar-e-Haq**—On Spiritualism in Islam—400 pp.

9. **Sirat-ul-Hameed**—Travels in Iraq, Syria, Palestine, Egypt and Hedjaz—Illustrated—2 Vols.—250 pp. each.

---

Selected Urdu Poems Series

# Jazbat-e-Fitrat

EDITED BY

MOHAMED ELIAS BURNY
M. A., LL. B. (ALIG.)
Osmania University
Hyderabad (Deccan)

VOL. III

6th Edition {  } Price Re. 1